Allah

Kahaan Hai?

Tasneef:


Muhaqqiq ul Asr Allaama

Ghulam Mustafa Zaheer Amanpuri

Transliterator:

Rehan Syed Barey

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey



بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ



Contents

Transliterators Notes: 3

Muqaddama 5

Ahle Kalaam ne Allah ki sifat-e-Uloo se muraad sifaat ki bulandi li hai, zaat ki bulandi nahi. 5

Sifat-e-Ma'iyyat: 7

Baatil Lawazimaat: 7

Baari Ta'ala Ke Liye Jihat Ka Isbaat 7

Aqeeda-e-Ahle Sunnat wal Jamaat: 8

Allah Kahaan Hai? 9

Uloo Par Dalaalat Karne Waali Ahadees 14

Hadees Number 1: 14

Hadees Number 2: 17

Hadees Number 3: 18

Hadees Number 4: 18

Hadees Number 5: 19

Hadees Number 6: 19

Hadees Number 7: 19

Hadees Number 8: 19

Hadees Number 9: 20

Hadees Number 10: 20

Hadees Number 11: 20

Hadees Number 12: 21

Hadees Number 13: 21

Hadees Number 14: 23

Hadees Number 15: 23

Hadees Number 16: 23

Hadees Number 17: 24

Hadees Number 18: 24

Hadees Number 19: 25

Hadees Number 20: 25

Hadees Number 21: 26

Hadees Number 22: 26

Syedna Musa (a) Ne Kya Aqeeda Bayaan Kiya? 30

Sahaba Ikram (riz) Ka Aqeeda 34
Taabaeen-e-Azzaam (rhh) Ka Aqeeda 38
Doosri Sadee Ke Aimma Ikraam (rhh) Ki Tasrihaat 41
Teesri Sadee Ke Aimma Mohaddiseen 45
Chauthi Sadee Ke Aimma-e-Deen 57
Paanchwee'n Sadee Ke Aimma Aur Aqeeda-e-Istawa 58
Chatti Sadee Ke Aimma-e-Ahle Sunnat Ki Saraahat 63
Saatwee'n Sadee Ke Aimma Ahle Sunnat 66
Aatwee'n Sadee Mein Ahle Sunnat Ki Tasrihaat 70
Dalaael-e-Fitrat 75
Istawa Ke Maane 80
Shubhaat Ka Izaala 88
Wo Zameen-o-Aasmaan Mein Hai? 88
Jis Taraf Bhi Rukh Karo, Allah Ka Chehra Wahaa'n Hai: 91
Qurb-e-Baari Ta'ala Aur Jahmi Istedlalaat: 92
Faham Salaf-e-Ummat 97
Baaz Ahadees Aur Jahmi Istedlalaat 99
Baaz Aasaar 101
Ma'iyyat-e-Baari Ta'ala 101
Aimma Ahle Sunnat Iske Maane Kya Karte Hain? 104
Nuzool-e-Baari Ta'ala 113
Hussain Bin Mansoor Hallaaj 122
Is Aqeeda Ka Difaa: 125
Aqeeda-e-Hulool Aur Uske Khataraat 131
Aqeeda-e-Hulool Ke Khataraat 135
Maazi-qareeb Mein Aqeeda Wahdat-ul-Wujood Ke Qaaileen 136
Soofi Ibne Arbi 141
Sifaat-e-Baari Ta'ala Aur Salaf-o-Saaleheen 146
Saabiqa Ummato'n Ke Muwahhideen Ka Nazariya 150
Sifaat-e-Baari Ta'ala Aur Firqa-e-Zaalla 151
Istawa Alal Arsh 172

Transliterators Notes:

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰه وَصَلَاةُ وَسَلَامُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَ عَلَى آلِهِ وَ صَحْبِهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا. أَمَّا بَعْد:

Jis shakhs ka aqeeda Kitab-o-Sunnat ke nusoos[1] aur dalaael ke mutaabiq hai, sirf aise hi shakhs ke aamaal, ibaadaat waghaira Allah ke yahaa'n qaabil-e-qubool ho'nge. Kyou'nke tamaam Aamaal-e-Saahela ka daar-o-madaar aqaaed-e-saheeha hi par hai. Lekin agar aqeeda hi faasid ho gaya to tamaam aamaal ghaarat ho jaae'nge.

Aqeede Ki Ehmiyat:

Ghair-islaami taalimi nizaam ke alaawa ummat-e-muslima mein aqaaed ke bigaad ke asabaab mein se ek (1) sabab ye bhi hai ke quran-o-hadees ki seedhi-o-paakiza taalimaat se door muslim ulama ne apne waaz, duroos, aur kutub ke zariye se musalmano mein aisi nasl taiyyaar kardi hai jo imaniyaat-o-aqaaed ke in musallama usoolo'n ka naa sirf khule aam inkaar karte hain, balke tasawwuf, khanqaahiyat, peer-parasti, quboor-parasti, wahdat-ul-wujood, wahadat ush shuhood aur hulooliyat ke aqaaed ka bhi dhadalle se amal aur uska difaa bhi karti hai.

Das (10) bees (20) saal pehle tak sirf naam-nihaad ulama hi baatil aqaaed ki tableegh-o-tarweej kiya karte the, par internet ke is daur mein kai zabaano'n par mahaarat rakhne waale "Islamic Scholars" aur "Brothers" ne bhi aqaaed se mutaalliq sawalaat ko alag-alag tariqo'n se "ghair-zaroori" qaraar dene ki koshish ki hai. Aaj bhi kuch naam-nihaad ulama aise hain jo "Istiwaa A'lal Arsh" se mutaalliq sawaal karne waale ko fitna-parwar tak keh dete hain.

Kitab Ke Baare Mein:

Allah ke fazal se har daur mein aisi baatil-parast tehreeko'n ko rokne, unka sadde-baab[2] karne ke liye ulama paida hote rahe hain. Shaikh Ghulam Mustafa Zaheer Amanpuri (hafizahullah) ne is unwaan par na sirf ek jaame kitaab likhi hai, balke kitaab mein is tariqe se baab baandhe hain ke padhne waale ko na sirf ye pataa chalta hai ke kis sadi mein kin-kin aimma, ulama, mohaddiseen, aur mufassireen ka aqeeda kya tha. Balke ye bhi pataa chalta hai ke Allah ko har jagah maanne ke mutaalliq aqeeda ka unho'n ne kaise radd kiya aur aisa aqeeda rakhne waalo'n par kya hukum lagaaya.

Is kitab mein Musannif ne jis aqeede par tafseeli bahes ki hai, wo "اسْتِوَاىٰ عَلَى الْعَرْش" Istiwaa A'lal Arsh hai, Allah Ta'ala ke Arsh par mustawi hone ka aqeeda hai. Iske alaawa Wahdat-ul-Wujood, Wahdat ush Shuhood ke mutaalliq sawalaat, shubhaat ka na sirf radd kiya, balke aise paleed aqaaed ka daawa karne waale logo'n ki quli khol[3] kar rakh di hai.

Is kitab mein maujood tamaam arbi ibaarat ko asal urdu pdf dekh kar type kiya gaya hai. Qurani aayaat mein ghalati ke imkaanaat ko khatam karne ke liye website: https://quran.ksu.edu.sa/ se copy kiya hai. Bashari taqaaze ki wajah se urdu pdf mein se kuch jagah arbi aur urdu ibaaraat/huroof mein laghzish ho gai thi. Jahan-jahan ghalati nazar aai unhe'n sahi kar diya gaya hai.

Transliterator Ki Taraf Se Izaafa:

Urdu pdf mein kuch jagah sirf "بیٹھ" baith likha hai, usey "بیٹھے" baithe se badal diya gaya hai. Agar taareekh (date/year) ke saath "h" ho, to uska matlab hijri hai, agar "d" ho to uska matlab wafaat (death), agar "b" ho to uska matlab paidaaish (birth) hai.

[1] T: (نُصُوْص) Nas ki jamaa, daleele'n, qatai dalaael, waazeh baraheen [Rekhta]

[2] T: (سَدِّ باب) Kisi baat ki rok-thaam, darwaza band karna [Rekhta]

[3] T: (قَلعِی کھولنا) Parda faash karna, bhed kholna, aeb zaahir karna, haqeeqat kholna [Urduinc]

Urdu pdf mein kuch jagah baghair tarjuma ke sirf qurani aayat likhi hui thi, un aayaat ko urdu tarjuma se badal diya gaya hai aur unki nishandahi bhi kardi gai hai. Kuch jagah qurani aayat baghair reference ke likhi hui thi, waha'n reference laga diya gaya hai.

Kuch jagah duaae'n (baghair tarjuma) ke likhi hui thee'n, un duaao'n ka urdu tarjuma likh diya gaya hai aur jis kitab se tarjuma liya gaya hai uski nishandahi bhi kardi gai hai.

300 se ziyaada kuch aise alfaaz hain jin ko samjhaana zaroori hai, page ke reference section unka mafhoom "T:" ke saath likha gaya hai, jis kitab ya website se mafhoom liya gaya hai uski nishandahi bhi kardi gai hai. Agar kisi ko mehsoos ho ke jo mafhoom "T:" ke saath bayaan kiya gaya hai wo munaasib nahi to apne mashwaro'n se zaroor aagaah keejiye. Kisi bhi insaan se ghalatiyaa'n ho sakti hain, shayad mujhse bhi typing mistakes aur doosri gahalatiyaa'n hui ho'n, agar kisi ko koi ghalati nazar aajaae to mujhe neeche diye gae email par contact kare'n, in sha Allah usko saheeh kar diya jaaega.

rehan.hse@live.com

Allah se dua hai ke Musannif ko, Takhreej-al-Hadeeth Publications ke zimmedaraan, aur is kitaab ko mukammal karne mein meri madad karne waalo'n ko jaza-e-khair ataa farmaae. Aur is kitab to transliterate karne waale aur iska roman-translitaration padhne waalo'n ke aqaaed ki tasheeh[4] kare aur is koshish ko sharf-e-qubooliyat se nawaaze. Aameen

Mazeed islami unwaan par roman-urdu script pdf's free download karne ke liye neeche maujood link par click keejiye.

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

Duaao'n ka taalib,

Rehan Syed Barey
Sep 13, 2022 – Safar 17, 1444
Riyadh, Saudi Arabia

[4] T: (تَصْحِيح) Durust karna, theek karna, saheeh karna, ghalati door karna [Rekhta]

Muqaddama

Ahle Sunnat wal Jamaat ka mazhab ye hai ke Allah Ta'ala apni zaat ke saath arsh par buland hai. "Uloo" Allah Ta'ala ki Zaati, Azali[5], aur Abadi[6] sifat hai. Is baare mein do (2) giroho'n ne Ahle Sunnat wal Jamaat ki mukhaalifat ki hai.

Ek (1) giroh ka kehna hai ke Allah Ta'ala har jagah maujood hai aur doosre ka mazhab hai ke Allah Ta'ala na kaaenaat ke oopar hai, na neeche, na jahaan ke andar hai, na baahar, na daae'n, na baae'n, na aage, na peeche, na kaaenaat se muttasil[7], na munfasil[8].

Aqeede ki ye taabeer aslaaf-e-ummat se saabit nahi, lekin ye log apne aqeede par Quran-o-Sunnat se dalaael pesh karte hain.

Yaha'n sawaal paida hota hai ke kya Sahaba, Taabaeen aur Taba-taabaeen ne wo dalaael padhe the, jo ye hazraat pesh karte hain. To jawab iska ye hai ke yaqeenan padhe the, balke hifz kiye the?

To ye dalaael padh kar bhi unho'n ne ye aqaaed kyou'n nahi apnaae? Do wajhe'n ho sakti hain, ya to Salaf-e-Ummat in dalaael ko jaanne ke ba-wujood maanne par taiyyaar nahi the, ya phir in dalaael se wo aqaaed saabit hi nahi hote, jo ye log saabit karna chaah rahe hain.

Aimma-e-Salaf ne apne aqaaed ki buniyad Quran-o-Hadees par daali hai. wo Quran-o-Sunnat ka itteba karte the, jabke *mutakallimeen*[9] ne pehle aqaaed waza'[10] kiye, phir Quran-o-Sunnat ki nusoos[11] ko unke mutaabiq dhaala. You'n, un ke aqaaed Aimma-e-Salaf ke muttafiqa aqaaed ke khilaaf ho gae.

Ahle Kalaam ne Allah ki sifat-e-Uloo se muraad sifaat ki bulandi li hai, zaat ki bulandi nahi.

Allama Ibne Qadaama Maqdisi ؒ (d 620h) farmate hain:

قَدْ وَضَحَ الْحَقُّ فِيْ هٰذِهِ الْمَسْأَلَةِ بِحَمْدِ اللهِ، مِنْ الْحِجَجِ الْقَاطِعَةِ، مِنَ الْآيَاتِ الْبَاهِرَةِ، وَالْأَخْبَارِ الْمُتَوَاتِرَةِ، وَإِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ لِمَا ذَكَرُوْهُ فِيْ أَشْعَارِهِمْ.

وَمَنْثُوْرِ كَلَامِهِمْ، مِنْ قَوْلِ أَئِمَّتِهِمْ وَعَامَّتِهِمْ، وَرِوَايَتِهِمْ لِلْسُّنَّةِ فِيْ ذٰلِكَ، قَابِلِيْنَ لَهَا، مُؤْمِنِيْنَ بِهَا، مُصَدِّقِيْنَ بِمَا فِيْهَا، لَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ مِنْهُمْ مُنْكِرٌ، وَلَا اعْتَرَضَ مِنْهُمْ عَلَيْهِ مُعْتَرِضٌ، ثُمَّ مَنْ بَعْدَهُمْ عَصْرًا بَعْدَ عَصْرٍ.

Alhamdulillah, is masla (Allah Ta'ala Ka Arsh Par Buland Hona) mein qatai dalaael se haq waazeh ho gaya, is par waazeh qurani aayaat, ahadees-e-mutawaatirah, ijmaa-e-sahaaba daleel hain.

Kyou'nke kubaar aur sighaar sahaaba ne apne manzoom[12] aur nasariya[13] kalaam mein iska zikr kiya hai. Unho'n ne is baare mein ahadees naqal ki hain. Unhe'n qubool kiya hai, us par imaan laae hain, un mein maujood masla (Allah Ke Arsh Par Buland Hone) ki tasdeeq ki hai. Sahaba mein se kisi ne is aqeeda ka inkaar nahi kiya, na kisi ne is par eteraaz kiya. Phir Sahaba ke baad zamaane aae (kisi ne eteraaz nahi kiya).

[5] T: (اَزَلِی) Bohot puraana, qadeem [Rekhta]
[6] T: (اَبَدی) Na khtam hone waala, jis ki koi hadd na ho [Rekhta]
[7] T: (مُتَّصِل) Mila hua, nazdeek, paas, qareeb [Rekhta]
[8] T: (مَنْفَصِل) Juda, alag, alaahada, faasle par [Rekhta]
[9] T: (مُتَكَلِّم) Mutakallim ki jamaa, Ilm-e-kalaam ka maahir (Ilm-e-Kalaam = Fikri bahes) [RSB]
[10] T: (وَضْع) Shakl, soorat, haalat, huliya, tarz, rawish, andaaz, taur-tareeq [Rekhta]
[11] T: (نُصُوْص) Nas ki jamaa, daleele'n, qatai dalaael, waazeh baraheen [Rekhta]
[12] T: (مَنظُوم) Murattab munazzam, baa-zaabta taur par tarteeb diya gaya [Rekhta]
[13] T: (نَثْرِيَه) Nasr (نَثر) se mansoob, ghair-manzoom tehreer ya tasneef [Rektha]

حَتّٰى قَالَ الْإِمَامَانِ أَبُوْزُرْعَةَ، وَأَبُوْ حَاتِمٍ، هٰذَا مَا أَدْرَكْنَا عَلَيْهِ الْعُلَمَاءَ فِيْ جَمِيْعِ الْأَمْصَارِ، حِجَازًا، وَّعِرَاقًا، وَشَامًا، وَيَمَنًا. وَلَمْ يُخَالِفْ فِيْ ذٰلِكَ فِيْمَا عَلِمْنَا الْجَهْمُ بْنُ صَفْوَانَ، فَعَابَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى أَصْحَابِهِ الْأَئِمَّةُ مِنَ الْعُلَمَاءِ، وَالسَّادَّةُ مِنَ الْفُقَهَاءِ، وَاسْتَعْظَمُوْا قَوْلَهُمْ وَبِدْعَتَهُمْ.

Yaha'n tak ke Imam Abu Zur'a Raazi aur Imam Abu Haatim Raazi ﷺ ne farmaya: Ham ne Hijaaz-o-Iraq, Masr-o-Shaam, aur Yemen tamaam ilaaqo'n ke ulama kod ekha hai, sab ka aqeeda yehi tha (ke Allah arsh par buland hai). Kisi ne is aqeeda ki mukhaalifat nahi ki, siwaae ghaali bidati aur gumrah fitna-parwar ke. Hamare ilm ke mutaabiq sab se pehle jis ne is (ijmaai-o-ittefaaqi) aqeeda ki mukhalifat ki, wo Jaham bin Safwaan hai. Ahle ilm aimma aur jaiyyad fuqaha ne is masla mein Jaham aur uske ashaab ka radd kiya hai aur uske zariye aru bidat ko bada sangeen qaraar diya hai.

ثُمَّ إِنَّ الْجَهْمِيَّةَ مُضْطَرُّوْنَ إِلٰى مُوَافَقَةِ أَهْلِ الْإِسْلَامِ عَلٰى رَفْعِ أَيْدِيْهِمْ فِيْ الدُّعَاءِ، وَانْتِظَارِ الْفَرَجِ مَنَ السَّمَاءِ، وَقَوْلِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى، وَتِلَاوَةِ مَا يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ مِنْ كَلَامِ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَسُنَّةِ رَسُوْلِهِ الْمُصْطَفٰى، ثُمَّ لَا يَزَالُوْنَ يَسْمَعُوْنَ مِنَ الْسُنَّةِ مَا يُقْرِعُ رُؤُوْسَهُمْ، وَيُحَزِّنُ قُلُوْبَهُمْ، وَيَسْمَعُوْنَ مِنْ عَامَّةِ الْمُسلِمِيْنَ فِيْ أَسْوَاقِهِمْ وَمُحَاوَرَاتِهِمْ مِنْ ذٰلِكَ مَا يُغِيْضُهُمْ، لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُ رَدًّا، وَلَا يَجِدُوْنَ مِنْ سَمَاعِهِ بُدًّا، وَلَيْسَ لَهُمْ فِيْ بِدْعَتِهِمْ هٰذِهِ حُجَّةٌ مِنْ كِتَابٍ وَّلَا سُنَّةٍ، وَلَا قَوْلِ صَحَابِيٍّ.

Agli baat ye hai ke *Jamhiya* khud bhi (is masla mein Saheeh-ul-Aqeeda) musalmano ki muwaafaqat karne par majboor hain. Wo bhi dua mein haatho'n ko oopar uthaate hain aur farawaani aur khush-haali ka intezaar aasmaan ki taraf se karte hain. "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى" "Paak hai mera Rabb, jo buland hai" kehte hain. Un aayaat aur ahadees ki tilaawat karte hain jo is masla (Uloo-e-Baari Ta'ala) par dalaalat karti hain, phir unhe'n hamesha aisi hadeese'n sunni padhti hain, jo unke sar ka dard ban jaati hain aur un ke dilo'n ko maghmoom kar deti hain. Nez unhe'n baazaar mein aam musalmano se aur unse guft-o-shuneed[14] ke dauraan (Uloo-e-Baari ke isbaat par) aisi baate'n sunne ko milti hain, jo unhe'n taish dilaati hain, wo na to un baato'n ko radd kar sakte hain aur na unhe'n sunne se jaan chudaa sakte hain. Unke paas apne bidee'-aqeeda[15] par Kitab-o-Sunnat, Sahabi ya kisi motabar imam ke qaul se koi daleel nahi.

وَلَا إِمَّامٍ مَرْضِيٍّ إِلَّا اتِّبَاعُ الْهَوٰى، وَمُخَالَفَةُ سُنَّةِ الْمُصْطَفٰى وَأَئِمَّةِ الْهُدٰى، وَمَنْ وَفَّقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى لِسُلُوْكِ صِرَاطِهِ الْمُسْتَقِيْمِ، وَالْإِقْتِدَاءِ بِنَبِيِّهِ الصَّادِقِ الْأَمِيْنِ، وَالتِّبَاعِ صَحَابَتِهِ الْغُرِّ الْمَيَامِيْنِ، وَرَضِيَ لِنَفْسِهِ بِمَا رَضِيَ بِهِ أَئِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ، وَعَامَّةُ الْمُؤْمِنِيْنَ، أَرَاحَ نَفْسَهُ فِيْ الدُّنْيَا مِنْ مُخَالَفَةِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَفِيْ الْآخِرَةِ مِنَ الْعَذَابِ الْأَلِيْمِ، وَأَتَاهُ اللّٰهُ الْأَجْرَ الْعَظِيْمَ، وَهَدَاهُ إِلَى الْصِرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ، وَأَنْعَمَ عَلَيْهِ بِمُرَافَقَةِ النَّبِيِّيْنَ وَأَصْحَابِ الْيَمِيْنِ.

Unki daleel sirf khwahishaat ki pairawi aur Sunnat-e-Rasool aur Aimma-e-Huda ki mukhalifat hai. Jise Allah Ta'ala ne Siraat-e-Mustaqeem par chalne, saadiq aur ameen nabi ki iqteda aur baa-waqaar sahaba ke itteba ki taufeeq ataa farma di aur usne khud ko usi aqeeda par raazi kar liya, jis par Aimma-e-Muslimeen aur tamaam momin raazi hue, to usne duniya mein khud ko musalmano ki mukhalifat se aur aakhirat mein dardnaak azaab se bacha liya. Allah Ta'ala usey ajar-e-azeem se nawaazega, siraat-e-mustaqeem par gaamzan rakhega aur usey Ambiya aur nekukaaro'n ka saath naseeb farmaega.[16]

[14] T: (گُفْت و شُنِيد) Aapas mein kehna sunna, baat-cheet [Rekhta]

[15] T: (بِدْعی عَقِيْده) Naya ejaad kiya hua aqeeda [RSB]

[16] Isbaat Sifat-il-Uloo: P190

Sifat-e-Ma'iyyat[17]:

Allah ne apne liye uloo saabit kiya hai, jis aayat se *ahle zalaal* ne istedlaal kiya hai, wo unke us baatil daawa par dalaalat hi nahi karti. Kyou'nke ma'iyyat se hulool[18] laazim nahi aata. Jaisa ke arbo'n ka kehna hai: "اَلْقَمَرُ مَعَنَا" "Chand hamare saath hai". Halaa'nke chaand aasman par hota hai. "زَوْجَتِيْ مَعِيَ" "Meri biwi mere saath rehti hai". Halaa'nke wo mashriq mein hota hai aur wo maghrib mein hoti hai. Lehaza ma'iyyat se ye laazim nahi aata ke saath waali aadmi hamesha saath waale ki jagah mein ho. Balke muzaaf-ilae[19] ke etebaar se ma'iyyat ka taayyun kiya jaa sakta hai.

Kabhi ham keh dete hain: "هٰذَا لَبَنٌ مَعَهُ مَاءٌ" - "Is doodh mein paani mila hai". Ye ma'iyyat ikhtelaat ka taqaaza karti hai. Aadmi kehta hai: "مَتَاعِيْ مَعِيَ" - "Mera maal mere paas hai".

Halaa'nke wo to uske ghar mein pada hota hai aur saamaan uthaae hue kehta hai: "مَتَاعِيْ مَعِيَ" - "Mera maal mere paas hai". Is soorat mein wo samaan uske saath muttasil hota hai. Ye ek hi kalma hai, lekin izaafat ke badalne se uske maane bhi badalte rehte hain.

Baatil Lawazimaat:

Ye daawa ke Allah har jagah hai, isse kai baatil lawaazimaat laazim aae'nge.

① Taadaad ya ajza laazim aae'nge. Ye laazim bila-shak-o-shubha baatil hai aur laazim ka butlaan[20] malzoom ke butlaan par dalaalat-kunaa'n[21] hota hai.

② Jab aap kahe'nge ke Allah Ta'ala aap ke saath kai jagaho'n mein hai, to laazim aaega ke wo logo'n ki ziyaadati ki wajah se ziyaada aur kami ki wajah se kam ho jaae.

③ Aap par laazim aaega ke aap Allah Ta'ala ko gandi waali jagaho'n se paak nahi samajhte. Jab aap kahe'nge ke Allah har jagah maujood hai. Halaa'nke bait-ul-khula aur gandagi ke dher bhi jagah mein daakhil hain. Isse badi Allah ki gustaakhi koi nahi.

Lehaza ye nazariya aqal-o-naqal ke khilaaf hai. Quran-o-Sunnat se kisi bhi tarah iske liye daleel mutarassheh[22] nahi ho sakti, na mutaabaqati[23], na tazmeeni[24] aur naa hi iltezaami[25].

Baari Ta'ala Ke Liye Jihat[26] Ka Isbaat

Baaz ka kehna hai ke Allah ki koi jihat qaraar nahi di jaa sakti. Unka khayaal hai ke agar Allah Ta'ala ko jihat ke saath mausoof[27] kiya jaae to usse Allah Ta'ala ka jism laazim aaega aur sab jism to baaham ek (1) jaise hain. Isse tamseel[28] laazim aaegi, lehaza unho'n ne Allah Ta'ala ki jihat ka inkaar kar diya.

---

[17] T: (مَعِيَّت) Saath hone ki haalat ya kaifiyat, saath hona [Rekhta]
[18] T: (حُلُول) Ek (1) baatil aqeeda jis ki roo se Khaliq ka makhlooq mein is tarah sama jaana ke dono mein farq na ho [Rekhta]
[19] T: (مُضاف اِلَيه) Wo ism jiski taraf doosra ism mansoob kiya jaae, tarkeeb-e-izaafi ka wo juz jiski taraf koi baat mansoob ki jaae. (Jaise, din ka ujaala mein din) [Rekhta]
[20] T: (بُطْلان) Baatil karne ya hone ka amal [Rekhta]
[21] T: (دَلَالَتْ كُنَاں) Dalaalat karne waala [RSB]
[22] T: (مُتَرَشِّح) Zaahir hone waala, zaahir, aashkaar, ayaa'n [Rekhta]
[23] T: (مُطابَقَتی) Mushabahat rakhne waala, mushabahati [Rekhta]
[24] T: (تَضْمِینی) (Maane-o-bayaan) Zimni, shaamil kiya gaya, milaaya hua [Rekhta]
[25] T: (اِلْتِزامی) Iltezaam se mansoob, ek-doosre ke liye laazim hona [Rekhta]
[26] T: (جِہَت) Jihat ki jamaa, simt, taraf, jaanib, rukh [Rekhta]
[27] T: (مَوصُوف) Wo lafz jis ki kisi jumle mein sifat bayaan ki gai ho, wasf rakhne waala, muttasif [Rekhta]
[28] T: (تَمْثِیل) Misaal, tashbeeh [Rekhta]

Ham kehte hain jihat ki nafi se to Allah Ta'ala ki nafi laazim aati hai. Kyou'nke ham siwaae adm[29] ke aur kisi aisi cheez se waaqif nahi, jo na kaaenaat ke oopar ho, na neeche, na daae'n ho, na baae'n, na aage ho, na peeche, na muttasil ho, na munfasil. Is liye baaz ulama ka kehna hai ke hame'n kaha jaae Allah Ta'ala ko adm se mausoof karo, to adm ke liye jihat ki nafi se ziyaada mauzoo'n alfaaz nahi mile'nge.

Baaqi ye eteraaz ke jihat ke isbaat se tajseem[30] laazim aaegi, to ye baatil hai. Kyou'nke ye eteraaz tab ho, jab ham Khaaliq aur Makhlooq ki sifaat mein mumaasalat[31]-o-mushaabahat saabit kare'n. Ham Allah Ta'ala ki sifaat ko aise saabit karte hain, jaise uski azmat aur shaan ke laayaq hai, unki kaifiyat bayaan nahi karte aur na hi makhlooq se tashbeeh dete hain.

Kya jism se aap ki muraad wo cheez hai, jo mukhtalif cheezo'n se mil kar wujood mein aati hai, un ajzaa ke milne ke baghair wo cheez qaaem nahi reh sakti, to usey ham bhi saabit nahi karte, jo kehta hai ke Allah Ta'ala ke sifat-e-uloo ke isbaat se tajseem laazim aati hai, to uska ye daawa baatil hai.

Ye dar-asl salaf-o-saaleheen par be-etemaadi ka nateeja hai. Kyou'nke wo Allah Ta'ala ko arsh par maante the, salaf par bil-waasta ya bila-waasta eteraaz karne waale haq par nahi ho sakte. Ham kehte hain ke Allah Ta'ala apni shayaan-e-shaan sifaat-e-ba-kamaal se muttasif hai.

Yaad rahe, ye daawa ke Allah har jagah maujood hai aur Allah Ta'ala ke liye jihat saabit nahi, saraasar baatil daawa hai.

Aqeeda-e-Ahle Sunnat wal Jamaat:

Ahle Sunnat wal Jamaat ka daawa hai ke Allah Ta'ala arsh par mustawi hai. Is par wo Quran-e-Kareem, Sunnat-e-Rasool, Ijmaa-e-Ummat, Aql aur Fitrat se dalaael rakhte hain. Har shakhs is baat se ba-khoobi waaqif hai ke Uloo sifat-e-kamaal hai. Lehaza Allah Ta'ala ke liye ise saabit karna zaroori hai, kyou'nke Allah Ta'ala tamaam sifaat-e-kamaal se muttasif hai.

Is liye ham kehte hain: Teen (3) hi soorate'n hain, ke ya to Allah Ta'ala oopar hoga, ya neeche hoga, ya baraabar hoga. Neeche aur baraabar hona to mumtana'[32] hai. Kyou'nke neeche hone mein maanwi naqs hai aur baraabar hone mein makhlooq ke saath mushaabahat-o-mumaasalat laazim aaegi. Ab sirf Uloo baaqi reh gaya. Jo ke sifat-e-kamaal hai, lehaza Allah Ta'ala ko sifat-e-Uloo se muttasif kar diya.

Saabit hua ke Allah Ta'ala tamaam makhluqaat se oopar apne arsh par buland hai. Allah ka arsh aasmaano par hai. Allah Ta'ala ka sama-o-basar, ilm-o-qudrat har cheez ko muheet hai.

Harrara[33]:
Ghulam Mustafa Zaheer Amanpuri
0300-5482125

[29] T: (عَدَم) Na hona, ma'doom hone ki haalat [Rekhta]
[30] T: (تَجْسِيم) Allah ke mujassam hone ka aqeeda (jo musalmano ke nazdeek saheeh nahi), mujassam hone ki haalat ya kafiyat [Rekhta]
[31] T: (مُماثَلَت) Baaham misl-o-maanind hona, milta-julta hona, mushaabahat [Rekhta]
[32] T: (مُمتَنَع) Jisse roka jaae, jo mamnoo ho, jis ka wujood naamumkin ho, muhaal, dushwaar [Rekhta]
[33] T: (حَرَّرَہ) Ise likha, kaatim apne naam se pehle tehreer ke khaatime par aksar ye arbi kalma likhte hain [Rekhta]

Allah Kahaan Hai?

Ahle Sunnat wal Jamaat ka ijmaai-o-ittefaaqi aqeeda hai ke Allah apne arsh par buland hai. Is par Quran, Hadees, Ijmaa, aur fitrat daal[34] hain.

Allama Ibne Abil Izz رحمہ اللہ (d 792h) likhte hain: Agar aap ahadees-e-rasool aur kalaam-e-salaf ko sunte hain, to us mein aT ke (arsh par) buland hone ke beshumaar suboot mile'nge. Is mein to koi shak nahi ke Allah ne jab makhlooq paida ki thi, to usey apni zaat ke andar paida nahi kiya tha, Allah isse munazza-o-mubarra hai, kyou'nke wo akela-o-beniyaaz hai. Na usne kisi ko janaa hai aur na wo janaa gaya hai, lehaza ye baat tae hai ke Allah ne makhlooq ko apni zaat se khaarij paida kiya hai, Allah qaeem biz-zaat aur kaaneaat se judaa hai. Is sifat ke saath agar Allah Ta'ala apni zaat ki bulandi se mausoof na ho to muaamala bilkul iske bar-aks hoga (yaane laazim aaega ke wo makhlooq se judaa nahi hai).

Allah Ta'ala ki zaat ke apni makhlooq se buland aur oopar hone ke taqreeban bees (20) qism ke mukhtalif-o-mohkam dalaael hain:

1. Quran mein Allah Ta'ala ke buland hone ka bayaan hai aur uske liye kalma bhi wo istemaal kiya gaya hai, jo bulandi par dalaalat karta hai. Jaise "مِنْ" (jaanib) hai. farmaya:

يَخَافُونَ رَبَّهُم مِّن فَوْقِهِمْ — Wo Apne Oopar Waale Rabb Se Darte Hain.[35]

2. Aise kalma ke baghair Allah Ta'ala ke buland hone ka zikr, jaise farmaan-e-Ilaahi hai:

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ — Aur Wo Apne Bando'n Ke Oopar Hakim Hai.[36]

3. Allah Ta'ala ki taraf (farishto'n ke) chadhne ki saraahat, farmaan-e-Ilaahi hai:

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ — Farishte Aur Rooh-ul-Ameen (Jibraeel) Uski Taraf Chadhte Hain.[37]

Nez, Nabi-e-Kareem ﷺ ne farmaya:

يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَاتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ… — Wo farishte (aasmaan ki taraf) chadhte hain, jinho'n ne tumhare darmiyan raat guzaari hoti hai, phir Allah un se poochta hai… .[38]

4. Uski taraf (aamaal ke) chadhne ki saraahat, farman-e-Baari Ta'ala hai:

إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ — Usi Ki Taraf Acche Kalimaat Chadhte Hain.[39]

5. Apni kisi makhlooq ko apni taraf uthaane ki saraahat, Allah Ta'ala ka farman hai:

بَل رَّفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ — Balke Unhe'n (Isa ﷺ ko) Allah Ta'ala Ne Apni Taraf Uthaa Liya.[40]

---

[34] T: (دال) Dalaalat karne waala, daleel, hujjat [Rekhta]
[35] Surah an Nahl: 50
[36] Surah-al-Anaam 6: 18 & 61
[37] Surah al Ma'aarij 70: 4
[38] Saheeh Bukhari: H7429; Saheeh Muslim: H632
[39] Surah Faatir 35: 10
[40] Surah an Nisa 4: 158

Nez, farmaya:

Beshak Main Aap Ko Poora-poora Lene Waala Aur Apni Taraf Uthaane Waala Hoo'n.[41]

إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ

6. Mutlaq taur par bulandi ka tazkira, jo zaat, qadr, sharf, waghaira tamaam maraatib-e-bulandi par dalaalat karti hai, farmaya:

Wo Bohot Buland Aur Azeem Hai.[42]

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ.

Wo Bohot Buland Aur Bohot Bada Hai.[43]

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ.

Wo Bohot Buland Aur Khoob Hikmat Waala Hai.[44]

إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ.

7. Uski taraf se kitaab (oopar se) naazil hone ki saraahat, Allah Ta'ala ka farman hai:

Kitab Ka Naazil Kiya Jaana Allah Aziz-o-Aleem Ki Taraf Se Hai.[45]

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ.

Kitab Ka Naazil Kiya Jaana Allah Aziz-o-Hakeem Ki Taraf Se Hai.[46]

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ.

Kitab Ka Nuzool Rahman-o-Raheem Zaat Ki Taraf Se Hai.[47]

تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ.

Kitab Ka Nuzool Hakeem-o-Hameed Zaat Ki Taraf Se Hai.[48]

تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ.

Keh Deejiye Ke Ye Rooh-ul-Quds Ne Aap Ke Rabb Ki Taraf Se Haq Ke Saath Naazil Ki Hai.[49]

قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ.

Haa Meem Kitab-e-Mubeen Ki Qasam! Ham Ne Ise Mubaarak Raat Mein Naazil Kiya, Beshak Ham Daraane Waale Hain. Us Raat Mein Har Hikmat Waale Kaam Ka Faisla Kiya Jaata Hai. Ye Hamari Taraf Se Hukum Hai, Beshak Ham Bhejne Waale Hain.[50]

حم وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ أَمْرًا مِّنْ عِندِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ.

[41] Surah aale Imran 3: 55
[42] Surah-al-Baqara 2: 255
[43] Surah Saba 34: 23
[44] Surah ash Shoora 42: 51
[45] Surah Ghafir: 2
[46] Surah-az-Zumar: 1
[47] Surah Fussilat: 2
[48] Surah Fussilat: 42
[49] Surah an Nahl: 102
[50] Surah ad Dukhkhaan: 1-5

8. Ye saraahat ke baad wo baaz makhlooq ko apne qurb se khaas karta hai aur ye saraahat ke baaz makhluqaat doosri makhluqaat ki nisbat uske ziyaada qareeb hain, farmaya:

إِنَّ الَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ.

Bila-shubha Wo Makhlooq, Jo Tere Rabb Ke Yahaa'n Hai. Ibaadat-e-Ilaahi Se Takabbur Nahi Karti.[51]

وَلَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَنْ عِندَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ.

Aasmaano Aur Zameen Mein Jo Kuch Hai, Sab Usi Ka Hai Aur Jo Makhlooq Allah Ke Paas Hai, Wo Uski Ibaadat Se Takabbur Nahi Karti.[52]

Isi tarah Nabi ﷺ ne is kitaab ke baare mein farmaya, jo Allah ne apne liye likhi hai:

إِنَّهُ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ.

Wo arsh ke oopar us (Allah Ta'ala) ke paas hai.[53]

9. Is baat ki tasreeh ke Allah Ta'ala aasmaano mein hai, Ahle Sunnat Mufassireen ke yahaa'n iski do (2) tafseere'n hain, is silsile mein unka koi ikhtelaaf nahi. Pehli tafseer ye ke kalma "فِيْ" (mein), "عَلٰى" (oopar) ke maane mein hai (yaane Allah Ta'ala aasmaano ke oopar arsh par hai), doosri tafseer ye hai ke kalma "اَلسَّمَاءُ" (aasmaan), "أَلْعُلُوُّ" (bulandi) ke maane mein hai (yaane Allah Ta'ala bulandi mein hai), isey kisi aur maane par mahmool karna jaaez nahi.
10. Kalma "عَلٰى" (oopar) ke saath mila kar khaas arsh par mustawi hone ki tasreeh, jo ke sab makhluqaat se buland makhlooq hai.
11. Allah ki taraf (oopar ko) haath uthaane ki tasreeh, farman-e-nabawi hai:

إِنَّ اللّٰهَ يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا رَفَعَ إِلَيْهِ يَدَيْهِ أَنْ يَّرُدَّهُمَا صِفْرًا.

Jab banda Allah ki taraf apne dono haath utha leta hai, to Allah ko hayaa aati hai ke uske haath khaali lauta de.[54]

12. Tasreeh ke har raat Allah aasmaan-e-duniya ki taraf nuzool farmate hain. Tamaam logo'n ke nazdeek ye baat musallam hai ke nuzool oopar se neeche ki taraf hota hai.
13. Nabi e Akram ﷺ ka Allah ki taraf ishaara farmana, jo apne Rabb ki zaat-o-sifaat ko sab insaano se badh kar jaante the. Aap ﷺ ne sab se bade ijtema "Hajjat-ul-Widaa" ke mauqa par aur bade din (Arfa waale din) aur azeem jagah (Maidan-e-Arafaat) mein Sahaba Ikram رضی اللہ عنہم se farmaya:

أَنْتُمْ مَسْئُوْلُوْنَ عَنِّيْ، فَمَاذَا أَنْتُمْ قَائِلُوْنَ؟

Tumhe'n mere mutaalliq poocha jaaega, to tumhara kya jawaab hoga?.

Sahaba ne jawaab diya:

نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ.

Ham gawaahi dete hain ke aap ne deen ki tableegh kardi hai, usey pohoncha diya hai aur khair-khwahi kardi hai.

---

[51] Surah-al-Aaraaf: 206
[52] Surah-al-Ambiya: 19
[53] Saheeh Bukhari: H7553; Saheeh Muslim: H2751
[54] Musnad-al-Bazzaar: H2510; Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabarani: H6130; Al Mustadrak lil Hakim: V1 P535 (Saheeh); Ibne Hibban ne saheeh kaha: H880; Hakim aur Zahbi ne ittefaaq kiya hai.

Uske baad Aap ﷺ ne apni ungli mubaarak aasmaan ki taraf uthaai aur farmaya: “Aye Allah! Gawaah hojaa”.[55]

14. Nabi-e-Akram ﷺ, jo sab se badh kar Allah ko jaante the, apni ummat ke liye sab se badh kar khair-khwah the, aur saheeh maane bayaan karne mein sab se ziyaada faseeh the, unka kai martaba ye sawaal karna ke “أَيْنَ اللهُ؟” (Allah kahaa’n hai?)
15. Aap ﷺ ka Allah ko aasmaano ke oopar maanne waale ke haq mein ye gawaahi dena ke wo momin hai.[56]
16. Quran mein hai ke jab Musa ﷺ ne apni qaum ko bataaya ke Allah aasmaano ke oopar hai, to firaun ne aasmaan ki taraf chadhne ka iraada kiya tha, taake wo Musa ﷺ ke ilaah par jhaa’nke, phir un ko jhoota saabit kare ke wahaa’n kuch nahi hai (Maaz Allah!)

    Chunache usne kaha tha:

يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحًا لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَىٰ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِبًا

Haamaan! Mere Liye Ek (1) Buland Imaarat Bana, Taake Main Aasmaan Ke Raasto’n Tak Pohonch Jaau’n. Phir Main Musa Ke Ilaah Ki Taraf Jhaanku’n Aur Beshak Main To Usey Jhoota Khayaal Karta Hoo’n.[57]

17. Aap ﷺ meraj waali raat baar-baar Musa ﷺ aur Allah ke paas jaate rahe, oopar Allah Ta’ala ki taraf jaate, phir neeche Musa ﷺ ki taraf aate.[58]
18. Kitab-o-Sunnat mein jannati logo’n ke liye Allah ke deedaar ka suboot maujood hai. Farman-e-Nabawi hai ke jannati Allah Ta’ala ko is tarah dekhe’nge jaise sooraj aur chaudhwee’n raat ke chaand ko dekhte hain. Jabke uske aage koi baadal na ho. Waazeh baat hai ke wo oopar ko hi dekhe’nge.

    Nabi-e-Akram ﷺ ne farmaya:

بَيْنَا أَهْلُ الْجَنَّةِ فِيْ نَعِيْمِهِمْ، إِذْ سَطَحَ لَهُمْ نُوْرٌ، فَرَفَعُوْا رُؤُوْسَهُمْ، فَإِذَا الْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهُ قَدْ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مِنْ فَوْقِهِمْ، وَقَالَ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! سَلَامٌ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ قَرَأَ قَوْلَهُ تَعَالٰى: "سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ"، ثُمَّ يَتَوَارٰى عَنْهُمْ وَتَبْقٰى رَحْمَتُهُ وَبَرَكَتُهُ عَلَيْهِمْ فِيْ دِيَارِهِمْ.

Jannati apni nemato’n mein ho’nge ke achaanak unke liye ek (1) noor chamkega, apne sar uthaae’nge, Allah Jalle Jalaalahu unke oopar se un par jhaank raha hoga aur farmaega: Ahle Jannat! Aap par salaamati ho. Phir Aap ﷺ ne ye aayat tilaawat farmaai: “Unhe’n Nihaayat Meherbaan Rabb Ki Taraf Se Salaam Kaha Jaaega”.[59] Phir Allah Ta’ala un se chup jaaega, lekin uski rahmat-o-barkat unke gharo’n mein baaqi rahegi.[60]

Allah Ta’ala ki sifat-e-fauqiyat (oopar hona) ka inkaar tab hi ho sakta hai, jab (jannat mein) Rooyat-e-Baari Ta’ala ka inkaar kiya jaae. Isi liye *jahmiyya* ne in dono sifaat ka inkaar kiya hai. Jabke Ahle jannat ne dono ka iqraar aur dono ki tasdeeq ki hai. Jis ne rooyat ki nafi aur uloo ka inkaar kiya hai, wo muzabzib[61] ho gaya hai, na idhar ka raha, na udhar ka.

---

[55] Saheeh Muslim: H1218
[56] Saheeh Muslim: H537
[57] Surah-al-Momin: 36-37
[58] Saheeh Bukhari: H3207; Saheeh Muslim: H162
[59] Surah Yaseen: 58
[60] Sunan Ibne Majah: H184; Musnad-al-Bazzaar: H2253 (sanad zaeef) Isme Al Fadhal bin Isal Raqqaashi hai, ye munkir-ul-hadees hai jaisa ke At Taqreeb: 5413 mein hai; Aur hame’n ye Musnad Imam Ahmad mein nahi mili.
[61] T: (مُذَبذَب) Mushtaba, ghair-yaqeeni, mashkook, ghair-mustaqil mizaaj, latka hua [Rekhta]

(Baari Ta'ala ke sab makhluqaat se buland hone ke) Dalaael ki (bees) 20 aqsaam hain. Agar un ko phaelaya jaae, to ye taqreeban hazaar (1000) daleel ban jaaegi aur taawee karne waale ko hare k ka jawaab dena hoga, lekin un mein se kuch ka bhi jawaab dena uske bas ki baat nahi.[62]

Hafiz Zahabi رحمہ اللہ (d 748h) likhte hain:

قُلْتُ: مَقَالَةُ الْسَّلَفِ وَأَئِمَّةِ الْسُنَّةِ، بَلْ وَالْصَّحَابَةِ وَاللهِ وَرَسُوْلِهِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ: إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ فِيْ الْسَّمَاءِ، وَإِنَّ اللهَ عَلَىْ الْعَرْشِ، وَإِنَّ اللهَ فَوْقَ سَمَاوَاتِهِ، وَإِنَّهُ يَنْزِلُ إِلَىْ الْسَّمَاءِ الْدُّنْيَا، وَحُجَّتُهُمْ عَلَىْ ذٰلِكَ الْنُصُوْصُ وَالْآثَارُ، وَمَقَالَةُ الْجَهْمِيَّةِ: إِنَّ اللهَ تَبَارَكَ فِيْ جَمِيْعِ الْأَمْكِنَةِ، تَعَالَىْ اللهُ عَنْ قَوْلِهِمْ، بَلْ هُوَ مَعَنَا أَيْنَمَا كُنَّا بِعِلْمِهِ، وَمَقَالَةُ مُتَأَخِّرِيْ الْمُتَكَلِّمِيْنَ: إِنَّ اللهَ تَعَالَىٰ لَيْسَ فِيْ الْسَّمَاءِ وَلَا عَلَىْ الْعَرْشِ وَلَا فِيْ الْأَرْضِ، وَلَا دَخِلَ الْعَالَمِ، وَلَا خَارِجَ الْعَالَمِ، وَلَا هُوَ بَائِنٌ عَنْ خَلْقِهِ، وَلَا مُتَّصِلٌ بِهِمْ، وَقَالُوْا: جِمِيْعُ هٰذِهِ الْأَشْيَاءِ صِفَاتُ الْأَجْسَامِ، وَاللهُ تَعَالَىٰ مُنَزَّهٌ عِنِ الْجِسْمِ، قَالَ لَهُمْ أَهْلُ الْسُنَةِ وَالْأَثَرِ: نَحْنُ لَا نَخُوْضُ فِيْ ذٰلِكَ، وَنَقُوْلُ مَا ذَكَرْنَاهُ اتِّبَاعًا لِّلْنُّصُوْصِ ... فَإِنَّ هٰذِهِ الْسُّلُوْبَ نُعُوْتُ الْمَعْدُوْمِ، تَعَالَى اللهُ جَلَّ جَلَالُهُ عَنِ الْعَدْمِ، بَلْ هُوَ مَوْجُوْدٌ مُّتَمَيِّزٌ عَنْ خَلْقِهِ مَوْصُوْفٌ بِمَا وَصَفَ بِهِ نَفْسَهُ مِنْ أَنَّهُ فَوْقَ الْعَرْشِ بِلَا كَيْفٍ.

Main kehta hoo'n ke salaf-o-saaleheen aur aimma-e-sunnat, balke Sahaba Ikram رضی اللہ عنہم. Allah Ta'ala, uske Rasool ﷺ aur tamaam momino'n ke kehna hai ke Allah bulandi mein apne arsh par aur aasmaano ke oopar hai, wo aasmaan-e-dunya ki taraf nuzool bhi farmata hai, un ki is baare mein daleel (qurani) nusoos aur (hadeesi) aasaar hain.

Jahmiyya ka kehna hai ke Allah Tabaarak wa Ta'ala har jagah hai, unke is qaul se Allah bohot buland hai. Dar-asl ham jaha'n bhi hote hain, wo hamare saath apne ilm ke etebaar se hota hai.

Mutaakhkhireen mutakallimeen ne kaha hai ke Allah Ta'ala na aasmaan ke oopar hai, na arsh par, na zameen mein, na kaaenaat mein daakhil, na kaaenaat se khaarij, na apni makhlooq se juda aur na makhlooq se muttasil hai. Un ka kehna hai ke ye tamaam sifaat ek (1) jism ki hain aur Allah Ta'ala jism se munazza hai.

Ahle Sunnat wal Asr (wal Jamaat) ne unse kaha hai ke ham is baar emein ziyaada gehraai mein nahi jaate aur jo ham bayaan kar chuke hain, nusoos ki itteba mein hamara wohi qaul hai ... Ye sulbi[63] sifaat kisi ma'doom[64] cheez ki sifaat hai, jabke Allah Ta'ala adm se bohot buland hai. Wo to maujood aur apni makhlooq se mumtaaz hai. In tamaam sifaat se mausoof hai, jin se usne khud ko mausoof kiya hai, yaane wo bila-kaif[65] arsh ke oopar hai.[66]

[62] Sharah-al-Aqeeda at Tahaawiya: P284-288

[63] T: (صُلْبی) Sulb se mansoob, Sulb=baap dada ki taraf se milna [RSB]

[64] T: (مَعْدُوم) Fanaa, ghaayab, ghair-maujood [Rekhta]

[65] T: (بلا کیف) Baghair "kaise" pooche, baghair jaane "kaise aur kya" [RSB]

[66] Mukhtasar-al-Uloo: P146-147

Uloo Par Dalaalat Karne Waali Ahadees

Yahaa'n ikhtesaar[67] ke saath wo ahadees-e-saheeha zikr karte hain jo Allah Ta'ala ke arsh par buland hone par waazeh daleel hain:

Hadees Number 1:

Syedna Moawiya bin Hakam Sulami ﷺ bayaan karte hain:

كَانَتْ لِيْ جَارِيَةٌ تَرْعىٰ غَنَمًا لِّيْ قِبَلَ أُحُدٍ وَالْجَوَانِيَّةِ، فَاطَّلَعْتُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَإِذَا الذِّئْبُ قَدْ ذَهَبَ بِشَاةٍ عَنْ غَنَمِهَا، وَأَنَا رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ آدَمَ، آسَفُ كَمَا يَأْسَفُوْنَ، لٰكِنِّيْ صَكَكْتُهَا صَكَّةً، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَظَّمَ ذٰلِكَ عَلَيَّ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَفَلَا أُعْتِقُهَا؟ قَالَ: ائْتِنِيْ بِهَا: فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ لَهَا: أَيْنَ اللّٰهُ؟ قَالَتْ: فِيْ السَّمَاءِ، قَالَ: مَنْ أَنَا؟ قَالَتْ: أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: أَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ.

Meri ek (1) laundi thi, jo uhud aur jawaabiya muqaam ki taraf meri bakriyaa'n charaati thi. Ek (1) din maine dekha ke ek (1) bhediya rewad se ek (1) bakri le gaya. Main aadam-zaad tha, so mujhe bhi afsos hua, jaise doosro'n ko hota hai. Maine usey ek (1) thappad raseed kar diya. Phir Rasool Allah ﷺ ke paas aaya, aap ne usey giraa'n samjha. Arz kiya: Allah ke Rasool! Usey aazaad na kardoo'n? Farmaya: Usey mere paas laae'n. Main usey le aaya, to Rasool Allah ﷺ ne usse poocha: Allah kahaa'n hai? Boli: Aasmaano ke oopar. Farmaya: Main kaun hoo'n? Kaha Aap Allah ke Rasool hain. Farmaya: Isey aazaad kar de'n, ye momina hai.[68]

Yahya bin Abi Kaseer رحمہ اللہ ne simaa ki tasreeh[69] ki hai.[70] Ye hadees nass-e-sareeh[71] hai ke Allah Ta'ala arsh par hai.

Imam Abul Hasan Ashari رحمہ اللہ (d 324h) likhte hain:

هٰذَا يَدُلُّ عَلٰى أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلٰى عَرْشِهِ فَوْقَ السَّمَاءِ.

Ye hadees daleel hai ke Allah Ta'ala aasmaano ke oopar apne arsh par hai.[72]

Imam Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ (d 463h) likhte hain:

مَعَانِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَاضِحَةٌ يَّسْتَغْنِيْ عِنِ الْكَلَامِ فِيْهَا، وَأَمَّا قَوْلُهُ: أَيْنَ اللّٰهُ؟ فَقَالَتْ: فِيْ السَّمَاءِ، فَعَلٰى هٰذَا أَهْلُ الْحَقِّ.

Is hadees ka mafhoom waazeh hai, jis par mazeed kalaam karne ki chandaa'n zaroorat nahi. Raha Rasool Allah ﷺ ka sawaal ke "Allah kahaa'n hai?" Aur laundi ka jawaab ke "Aasmaano ke oopar hai", ahle haq ka yehi aqeeda hai.[73]

---

[67] T: (اِخْتِصار) Nisbatan kam alfaaz mein adaai, kam lafzo'n mein ziyaada matlab adaa kar dena [Rekhta]
[68] Saheeh Muslim: H537
[69] T: (سماع کی تصریح) Apne se pehle raawi se sunne ki saraahat [RSB]
[70] Kitab-ut-Tauheed la Ibne Khuzaima: V1 P278
[71] T: (نَصِ صَرِیح) Waazeh daleel, waazeh qurani aayat [Rekhta]
[72] Al Ibaana Fee Usool ad Diyaana: P109
[73] At Tamheed Limaa Fee-al-Muwatta Minal Ma-aani wal Asaneed: V22 P80

Nez, likhte hain:

أَمَّا قَوْلُهُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ لِلْجَارِيَةِ: أَيْنَ اللّٰهُ؟ فَعَلٰى ذٰلِكَ جَمَاعَةُ أَهْلِ السُّنَّةِ، وَهُمْ أَهْلُ الْحَدِيْثِ وَرُوَاتُهُ الْمُتَفَقِّهُوْنَ فِيْهِ وَسَائِرُ نَقْلَتِهِ، كُلُّهُمْ يَقُوْلُ مَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ: "الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى". وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فِيْ السَّمَاءِ وَعِلْمُهُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ.

Is hadees mein Rasool Allah ﷺ ka laundi se kehna ke “Allah kahaa’n hai?” Isi par Ahle Sunnat wal Jamaat hain, jo ke Ahle Hadees, Hadees mein fiqa rakhne waale ruwaat aur tamaam naaqeleen[74] hain. Wo sirf wohi baat kehta hain, jo Allah ne apni kitaab mein naazil farmaai hai: “Allah Ta’ala Aasmaano Ke Oopar Hai Aur Uska Ilm Har Jagah Hai”.[75]

Imam Usman bin Saeed Daarmi رحمہ اللہ (d 280h) likhte hain:

فِيْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا لَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ السَّمَاءِ دُوْنَ الْأَرْضِ، فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ، وَلَوْ كَانَ عَبْدًا، فَأُعْتِقَ لَمْ يُجْزْ فِيْ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ، إِذْ لَا يَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ فِيْ السَّمَاءِ.

Is hadees mein daleel hai ke jab tak aadmi ye na jaan le ke Allah zameen mein nahi, balke aasmaano ke oopar hai, momin nahi ho sakta. Agar aisa shakhs ghualm ho aur aazaad kar diya jaae, to momin gardan ki aazaadi mein kaam nahi dega, kyou’nke wo Allah ko aasmaano ke oopar nahi manta.

أَلَا تَرٰى أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ أَمَارَةَ إِيْمَانِهَا مَعْرِفَتَهَا أَنَّ اللّٰهَ فِيْ السَّمَاءِ، وَفِيْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكْذِيْبٌ لِّقَوْلِ مَنْ يَّقُوْلُ: هُوَ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ، لَا يُوْصَفُ بِ (أَيْنَ) لِأَنَّ شَيْئًا، لَّا يَخْلُوْ مِنْهُ مَكَانٌ يَّسْتَحِيْلُ أَنْ يُّقَالَ: أَيْنَ هُوَ؟ وَلَا يُقَالُ: أَيْنَ إِلَّا لِمَنْ هُوَ فِيْ مَكَانٍ، يَّخْلُوْ مِنْهُ مَكَانٌ.

Kya aap dekhte nahi ke Aap ﷺ ne us (laundi) ke imaan ki nishaani hi uski is maa’rifat-e-Ilaahi ko qaraar diya hai ke Allah aasmaano par hai. Aap ﷺ ke sawaal ke “Allah kahaa’n hai?” mein un logo’n ki baat ki takzeeb hai, jo Allah ko har jagah maante hain, kyou’nke jo cheez har jagah maujood ho, usey “kaha’n” se mausoof nahi kiya jaa sakta. Jis cheez se koi jagah khaali na ho, uski baabat ye poochna muhaal hai ke wo kahaa’n hai? “Kahaan” ka sawaal usi cheez ke mutaalliq kiya jaaega jo ek (1) jagah mein ho, aur doosri jagah mein na ho.

وَلَوْكَانَ الْأَمْرُ عَلٰى مَا يَدَّعِيْ هٰؤُلَاءِ الزَّائِغَةُ، لَأَنْكَرَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَدَّقَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَشَهِدَ لَهَا بِالْإِيْمَانِ بِذٰلِكَ.

Agar baat usi tarah hoti jis tarah ye gumrah log daawa karte hain, to Rasool Allah ﷺ us laundi ki baat ko ghalat qaraar dete aur usey taaleem dete. Lekin usne is haqeeqat ko jaan liya, to Allah ke Rasool ﷺ ne uski tasdeeq ki aur is wajah se aap ne uske imaan ki gawaahi di.

وَلَوْ كَانَ فِيْ الْأَرْضِ كَمَا هُوَ فِيْ السَّمَاءِ لَمْ يَتِمَّ إِيْمَانُهَا حَتّٰى تَعْرِفَهُ فِيْ الْأَرْضِ كَمَا عَرَفَتْهُ فِيْ السَّمَاءِ.

Agar Allah Ta’ala aasmaano ki tarah zameen mein bhi hota, to laundi ka imaan us waqt tak mukammal nahi hona tha, jab tak wo uske zameen mein hone ka bhi iqraar na kar leti, jaisa ke usne usey aasmaano par maana tha.[76]

[74] T: (ناقِلِين) Naaqil ki jamaa, naqal/bayaan karne waala, riwaayat karne waala [Rekhta]

[75] Al Istizkaar: V7 P337

[76] Ar Radd Alaa-al-Jahmiyya: P46-47

Nez likhte hain:

قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم: إِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ، دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّهَا لَوْ لَمْ تُؤْمِنْ بِأَنَّ اللّٰهَ فِيْ السَّمَاءِ لَمْ تَكُنْ مُؤْمِنَةً، وَأَنَّهُ لَا يَجُوْزُ فِيْ الرَّقَبَةِ الْمُؤْمِنَةِ إِلَّا مَنْ يَّحُدُّ اللّٰهَ أَنَّهُ فِيْ السَّمَاءِ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ.

Rasool Allah ﷺ ka usey momina qaraar dena daleel hai ke agar wo Allah ko aasmaano ke oopar tasleem na karti, to wo moina na hoti. Nez, ye ke momin gardan ki aazaadi mein wohi ghulaam ya laundi kaam de sakegi, jo Allah-o-Rasool ke farman ke mutaabiq Allah Ta'ala ko aasmaano ke oopar tasleem kare.[77]

Mazeed likhte hain:

هٰذِهِ الْآيُ كُلُّهَا تُنَبِّئُكَ عِنِ اللّٰهِ أَنَّهُ فِيْ مَوْضِعٍ، وَأَنَّهُ عَلَىْ السَّمَاءِ دُوْنَ الْأَرْضِ، وَأَنَّهُ عَلَىْ الْعَرْشِ دُوْنَ مَا سِوَاهُ مِنَ الْمَوَاضِعِ، قَدْ عَرَفَ ذٰلِكَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَآمَنَ بِهِ وَصَدَّقَ اللّٰهَ بِمَا فِيْهِ.

Ye tamaam aayaat Allah ke mutaalliq aap ko aagaah karti hain ke wo ek (1) jagah mein hai aur wo jagah aasmaano ke oopar hai, na ke zameen par, nez wo arsh par hai, na ke kisi aur jagah par. Ye baat har shakhs ko maaloom ho jaati hai, jo quran padhta hai, us par imaan laata hai, aur us mein maujood Allah ke jumla farameen ki tasdeeq karta hai.

فَلِمَ تَحْكُمُ عَلَىْ اللّٰهِ تَعَالٰى أَيُّهَا الْعَبْدُ الضَّعِيْفُ بِمَا هُوَ مُكَذِّبُكَ فِيْ كِتَابِهِ، وَيُكَذِّبُكَ الرَّسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم؟ أَوَ لَمْ يَبْلُغْكَ حَدِيْثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم أَنَّهُ قَالَ لِلْأَمَةِ السَّوْدَآءِ: أَيْنَ اللّٰهُ؟ فَقَالَتْ: فِيْ السَّمَاءِ، قَالَ: أَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ، فَهٰذَا يُنَبِّئُكَ أَنَّهُ فِيْ السَّمَاءِ دُوْنَ الْأَرْضِ، فَكَيْفَ تَتْرُكُ مَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَرَسُوْلُهُ وَتَخْتَرُ عَلَيْهِمَا فِيْ ذٰلِكَ قَوْلَ بِشْرٍ وَالثَّلْجِيِّ وَنُظَرَائِهِمَا مِنَ الْجَهْمِيَّةِ.

Aye kamzor insaan! Tu Allah par wo hukum kaise lagaata hai, jise Allah apni kitab mein aur uska Rasool apne farameen mein ghalat qarar deta hai, ya aap ko wo hadees nahi pohonchi ke Rasool Allah ﷺ ne siyaah-faam baandi se poocha: "Allah kahaa'n hai?" kaha: Aasmaano ke oopar. Farmaya: "Ise aazaad kar de'n, y momina hai". Isse bhi maaloom hota hai ke Allah aasmaano ke oopar hai, zameen mein nahi. To aap kyou'nkar Bishr aur Thalji jaise *jahmiyyo'ni* ki baate'n raajeh qaraar dete ho, Allah aur Rasool ﷺ ko chod kar.[78]

Hafiz Zahabi رحمہ اللہ (d 748h) likhte hain:

هٰكَذَا رَأَيْنَا فِيْ كُلِّ مَنْ يُّسْأَلُ: أَيْنَ اللّٰهُ؟ يُبَادِرُ بِفِطْرَتِهِ وَيَقُوْلُ: فِيْ السَّمَاءِ، فِيْ الْخَبَرِ مَسْأَلَتَانِ: إِحْدَاهُمَا: شَرْعِيَّةُ قَوْلِ الْمُسْلِمِ: أَيْنَ اللّٰهُ؟ وَثَانِيْهِمَا: قَوْلُ الْمَسْئُوْلِ: فِيْ السَّمَاءِ، فَمَنْ أَنْكَرَ هَاتَيْنِ الْمَسْأَلَتَيْنِ، فَإِنَّمَا يُنْكِرُ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم.

Jisse bhi poocha jaae ke Allah kahaa'n hai? Ham samajhte hain ke wo apni fitrat ke mutaabiq yehi kahega ke aasmaano mein hai. Is hadees mein do (2) masle hain. Ek (1) to ye ke musalman ke liye ye poochna mashroo hai ke Allah kahaa'n hai? Doosra ye ke jisse sawaal kiya jaae, uska ye kehna bhi mashroo hai ke wo aasmaano ke oopar hai. In do (2) baato'n ka inkaari Mustafa ﷺ ki baat ka inkaari hai.[79]

[77] Naqz-al-Imam ad Daarmi Alaa Al Mareesiyya-al-Jahmi-al-Faseed: V1 P226

[78] An Naqz Alaa Bishr-al-Mareesiyya: V1 P145-146

[79] Al Uloo: P26

Allama Abdul Ghani Maqdisi رحمہ اللہ (d 600h) likhte hain:

مَنْ أَجْهَلُ جَهْلًا، وَأَسْخَفُ عَقْلًا، وَّأَضَلُّ سَبِيْلًا مِّمَّنْ يَّقُوْلُ: إِنَّهُ لَا يَجُوْزُ أَنْ يُّقَالَ: أَيْنَ اللهُ، بَعْدَ تَصْرِيْحِ صَاحِبِ الشَّرِيْعَةِ بِقَوْلِهِ: أَيْنَ اللهُ؟

Usse bada jaahil, kam-aql, aur gumrah kaun ho sakta hai, jo Saaheb-e-Shariyat (Muhammad ur Rasool Allah ﷺ) ki waazeh saraahat ke baad bhi kahe ke "أَيْنَ اللهُ" "Allah kahaa'n hai?" kehna jaaez nahi?[80]

Baaz is waazeh nas ki taaweel karte hain ke yaha'n sawaal Allah ke makaan ka nahi, balke us baadi ke dil mein Rabb-e-Ta'ala ki Azmat aur Uloo-e-Martabat ka hai, aur uske jawaab ka bhi ye matlab nahi ke Allah Ta'ala aasmaano mein hai, balke muraad Uloo-e-Martaba hai.

Baaz is hadees ki you'n tehreef karte hain ke Nabi-e-Kareem ﷺ ne baandi se poocha ke kyat u Allah ko Khaliq, Mudabbir aur Fa-aal (فَعّال)[81] samajhti hai? … waghaira.

Quran, Hadees, aur Salaf-o-Saaleheen ke raushan faham, aur fitrat-e-salima ke hote hue in taawilaat ki koi zaroorat nahi. Haq wohi hai jise salaf ne ikhteyaar kiya, kyou'nke wo sab se ziyaada Quran-o-Hadees ki nusoos ko samajhne waale the. Aimma-e-Mohaddiseen ne is hadees se Allah Ta'ala ke arsh par buland hone ki daleel li hai.

Hadees Number 2:

Syedna Abu Huraiara رضی اللہ عنہ Bayaan Karte Hain Ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya:

يَتَعَاقَبُوْنَ فِيْكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ، وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِيْنَ بَتُوْا فِيْكُمْ، فَيَسْأَلُهُمْ، وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ، وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ.

Raat aur Din ke farishte tumhare paas aate-jaate rehte hain. Fajar aur Asr ki namaz mein wo ekatthe ho jaate hain, phir raat ko tumhare saath rehne waale farishte oopar chadh jaate hain.

Allah unse poochta hai, go-ke[82] wo unse behtar jaanta hota hai: Mere bando'n ko kis haal mein chod aae?".

Arz karte hain: Ham unke paas gae the, to wo namaz mein mashghool the aur jab unko chod kar aae hain, tab bhi namaz adaa kar rahe the.[83]

Imam-ul-Aimma, Ibne Khuzaima رحمہ اللہ (d 311h) likhte hain:

فِيْ الْخَبَرِ مَا بَانَ وَثَبَتَ وَصَحَّ أَنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ السَّمَاءِ، وَأَنَّ الْمَلَائِكَةَ تَصْعَدُ إِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا، لَا كَمَا زَعَمَتِ الْجَهْمِيَّةُ الْمُعَلِّلَةُ أَنَّ اللهَ فِيْ الدُّنْيَا كَهُوَ فِيْ السَّمَاءِ وَلَوْ كَانَ كَمَا زَعَمَتْ لَتَقَدَّمَتِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى اللهِ فِيْ الدُّنْيَا، أَوْ نَزَلَتْ إِلَى أَسْفَلِ الْأَرَضِيْنَ إِلَى خَالِقِهِمْ، عَلَى الْجَهْمِيَّةِ لَعَائِنُ اللهِ الْمُتَتَابِعَةُ.

Ye hadees wazaahat kar rahi hai ke Allah aasmaano ke oopar hai aur farishte duniya se uski taraf chadhte hain. Jahmiyya kehte hain ke Allah aasmaano ki tarah zameen mein bhi hai. Agar haqeeqat aise hi hoti, jaise jahmiyya kehte hain, to farishte zameen mein Allah ke paas jaate, ya zameen mein utarte (oopar na chadhte). Jahmiyya par Allah Ta'ala ki lagataar laanate'n ho'n![84]

[80] Al Iqtesaad Fil Eteqaad: P89
[81] T: (فَعّال) Saare kaam anjaam dene waala [Rekhta]
[82] T: (گوکه) Although, agar-che [RSB]
[83] Saheeh Bukhari: H7429; Saheeh Muslim: H632
[84] Kitab-ut-Tauheed: V2 P892

Hadees Number 3:

Syedna Abdullah bin Umro ﷺ bayaan karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya:

اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمْ الرَّحْمَانُ، ارْحَمُوْا مَنْ فِيْ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِيْ السَّمَاءِ.

Rahman unhi par raham karta hai jo raham karte hain. Aap ahle zameen par raham karo, wo aap par raham karega jo aasmaan mein hai.[85]

Is hadees ko Imam Tirmizi ؒ ne "Hasan Saheeh" aur Imam Hakim ؒ[86] ne "Saheeh" kaha hai. Iska raawi Abu Qaboos "Hasan-ul-Hadees" hai. Imam Tirmizi aur Imam Ibne Hibban ﷺ waghairahuma ne iski tauseeq[87] kar rakhi hai.

Hadees Number 4:

Syedna Jabir bin Abdullah ﷺ bayaan karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne Arfa ke roz khutba (Hajjat-ul-Wida) mein farmaya:

أَنْتُمْ تُسْأَلُوْنَ عَنِّيْ، فَمَا أَنْتُمْ قَائِلُوْنَ؟ قَالُوْا: نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ، فَقَالَ بِإِصْبِعِهِ الْسَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى الْسَّمَاءِ وَيَنْكُتُهَا إِلَى الْنَّاسِ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.

Jab aap se mere mutaalliq poocha jaae, to kya jawaab de'nge? Sahaba ne arz kiya: Ham gawaahi de'nge ke aap ne (deen) pohoncha diya, (Allah ki is amaanat ko ba-khoobi) adaa kiya, aur hamari khair-khwahi ki hai.

Rasool Allah ﷺ ne angusht-e-shahaadat aasmaan ki taraf uthaai, logo'n ki taraf ishaara kiya aur teen (3) dafa farmaya: "Allah! Gawaah ho ja, Allah! Gawaah ho ja, Allah! Gawaah ho ja".[88]

Shaikh-ul-Islam Allama Ibnul Qaiyyim ؒ (d H751h) likhte hain:

لَوْ لَمْ يَكُنْ قَدْ عَرَفَ الْمُسْلِمُوْنَ وَتيَقَّنُوْا مَا أُرْسِلَ بِهِ وَحَصَلَ لَهُمْ مِنْهُ الْعِلْمُ الْيَقِيْنُ لَمْ يَكُنْ قَدْ حَصَلَ مِنْهُ الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ وَلَمَا رَفَعَ اللّٰهُ عَنْهُ الْلَّوْمَ وَلَمَا شَهِدَ لَهُ أَعْقَلُ الْأُمَّةِ بِأَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ وَبَيَّنَ، وَغَايَةُ مَا عِنْدَ الْنُّفَاةِ أَنَّهُ بَلَغَهُمْ أَلْفَاظًا لَّا تُفِيْدُهُمْ عِلْمًا وَلَا يَقِينًا وَّأَحَالَهُمْ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ وَالْيَقِيْنِ عَلَى عُقُوْلِهِمْ وَنَظَرِهِمْ وَأَبْحَاثِهِمْ لَا عَلَى مَا أَوْحِيَ إِلَيْهِ وَهٰذَا مَعْلُوْمُ الْبُطْلَانِ بِالْضَّرُوْرَةِ.

Agar Sahaba ne ilm-e-yaqeeni ki hadd tak Rasool Allah ﷺ se deen haasil na kiya hota, to balaag-e-mubeen[89] ka husool mumkin hi nahi tha. Na Allah Ta'ala Rasool Allah ﷺ se laum[90] ko door karta, na hi ummat ka sab se ziyaada baaligh-ul-aql tabqa (Sahaba) is baat ki gawaahi deta ke Aap ﷺ ne deen pohoncha diya hai.

Jo log Allah ko arsh par nahi maante, unki baato'n ka maa-hasl[91] ye hai ke Rasool Allah ﷺ ne Sahaba ko aise alfaaz mein tableegh ki, jo unhe'n ilm ka faaeda nahi de sakey, yaqeen unse haasil nahi ho paaya.

Nabi-e-Kareem ﷺ ne Sahaba ko ilm aur yaqeen ke husool ke liye Wahee-e-Ilaahi ke bajaae apni aqalo'n,

---

Rabb-e-Ta’ala se ye swaal nahi kiya jaaega ke wo kya karta hai, aur kaise karta hai? Haa’n bando’n se poocha jaaega, kyou’nke wo jise chaahe, jaise chaahe karne par qaadir hai. Kaise karne aur kis tarah qudrat paane ka sawaal to us kamzor makhlooq ke baare mein kiya jaaega, jiske paas koi qudrat-o-taaqat nahi. Siwaae us qudrat ke jo Allah Ta’ala usey de.

[597] Al Hujjah Fee Bayaan-al-Muhajja wa Sharah Aqeeda Ahlus Sunnah: V1 P248-249

[598] T: (بَه بانگِ دُہُل) Zor-zor se sabke saamne kehna [Rekhta]

[599] T: (مَاوَرا) Parey, baahar, alaawa [Rekhta]

وَلَوْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاسْتِوَاءِ الرَّبِّ عَلٰى عَرْشِهِ وَارْتِفَاعِهِ فَوْقَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ بَدْءً إِذَا خَلَقَهَا كَإِيْمَانِ الْمُصَلِّيْنَ بِهِ لَقُلْنَا لَكُمْ: لَيْسَ نُزُوْلُهُ مِنْ سَمَاءٍ إِلٰى سَمَاءٍ بِأَشَدَّ عَلَيْهِ وَلَا بِأَعْجَبَ مِنَ اسْتِوَائِهِ عَلَيْهَا إِذْ خَلَقَهَا بِدْءًا، فَكَمَا قَدَرَ عَلَى الْأُوْلٰى مِنْهُمَا كَيْفَ يَشَاءُ.

(Aye jahmi giroh!) Agar tum musalmano ki tarafh Allah Ta'ala ke aasmaano ko paida karte waqt arsh par mustawi hone aur shuru se hi saatwe'n aasmaan par buland hone par imaan laate ho to ham tum se kehte hain ke ek (1) aasmaan se doosre aasmaan ki taraf nuzool aasmaano ko paida karte waqt arsh par mustawi hone se ziyaada mushkil aur ziyaada taajjub-khez nahi hai.

فَكَذٰلِكَ يَقْدِرُ عَلَى الْأُخْرٰى كَيْفَ يَشَاءُ، وَلَيْسَ قَوْلُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فِيْ نُزُوْلِهِ بِأَعْجَبَ مِنْ قَوْلِ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: "هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ".

Jis tarah Allah pehle muaamala (istawa) par apni chaahat ke mutaabiq qaadir ho gaya, usi tarah doosre muaamala (nuzool) par apni chaahat ke mutaabiq qaadir ho gaya, Rasool-e-Kareem ﷺ ka Nuzool-e-Baari Ta'ala waala farman Allah Tabaarak wa Ta'ala ke in do (2) farameen se ziyaada qaabil-e-taajjub nahi.

وَمِنْ قَوْلِهِ: "وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا". فَكَمَا يَقْدِرُ عَلٰى هٰذَا يَقْدِرُ عَلٰى ذَاكَ، فَهٰذَا الْنَّاطِقُ مِنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَذَاكَ الْمَحْفُوْظُ مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بِأَخْبَارٍ لَّيْسَ عَلَيْهَا غُبَارٌ.

"Aur Tera Rabb Aaega Aur Farishte Saff-dar-saff Aae'nge".[600] Jis tarah Allah in afaal par qaadir hai, be-aenihi us nuzool par bhi qaadir hai. Udhar aap Allah ke hukum ke saath bolte hain aur idhar ye hadees Aap ﷺ se aisi sanado'n ke saath manqool hai ke jin par koi eteraaz nahi.

فَإِنْ كُنْتُمْ مِنْ عِبَادِ اللهِ الْمُؤْمِنِيءنَ لَزِمَكُمُ الْإِيْمَانُ بِهَا كَمَا آمَنَ بِهَا الْمُرْمِنُوْنَ، وَإِلَّا فَصَرِّحُوْا كَمَا تُضْمِرُوْنَ، وَجَعَوْا هٰذِهِ الْأَغْلُوْطَاتِ الَّتِيْ تَلُوْوْنَ بِهَا أَلْسِنَتَكُمْ، فَلَئِنْ كَانَ أَهْلُ الْجَهْلِ فِيْ شَكٍّ مِّنْ أَمْرِكُمْ، أَنَّ أَهْلَ الْعِلْمِ مِنْ أَمْرِكُمْ لَعَلٰى يَقِيْنٍ.

Jahmiyo'n! Agar tum Allah ke momin bando'n mein se ho, to tumhare liye in ahadees par usi tarah imaan laana waajib hai jaise un par momin imaan laae hain, warna jo (kufr) dilo'n mein chupaae phirte ho, usey zaahir kar do, aur apni zabaano'n ke saath ki jaane waali in baatil aur jhooti taaweelo'n ko chod do. Agar jaahi log tumhare baare mein shak mein mubtala hain, to ahle ilm to tumhare muaamala (gumrahi) mein yaqeen par hain.[601]

Nez farmate hain:

اِدَّعَى الْمُعَارِضُ أَنَّ اللهَ لَا يَنْزِلُ بِنَفْسِهِ، إِنَّمَا يُنْزِلُ أَمْرَهُ وَرَحْمَتَهُ، وَهُوَ عَلَى الْعَرْشِ، وَبِكُلِّ مَكَانٍ مِّنْ غَيْرِ زَوَالٍ، لِّأَنَّهُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، وَالْقَيُّوْمُ بِزَعْمِهِ مَنْ لَّا يَزُوْلُ، فَيُقَالُ لِهٰذَا الْمُعَارِضُ: وَهٰذَا أَيْضًا مِّنْ حُجَجِ النِّسَاءِ وَالْصِّبْيَانِ وَمَنْ لَّيْسَ عِنْدَهُ بَيَانٌ، وَلَا مَذْهَبَهُ بُرْهَانٌ.

Mukhalif ne ye daawa kiya hai ke Allah Ta'ala khud nuzool nahi farmata, balke wo khud arsh par aur har jagah rehte hue, baghair apni jagah chode apna hukum aur rahmat naazil farmata hai, kyou'nke wo zinda aur qaiyyum hai. Uske khayal mein Qaiyyum wo hota hai jo apni jagah na chode. Us mukhalif ko kaha jaaega ke ye bhi zanaana-o-bachgaana[602] daleel hai, nez ye uski daleel hai jise baat karni na aati ho aur na hi uske mazhab mein daleel ki koi haisiyat ho.

[600] Surah-al-Fajr: 22

[601] Ar Radd Alaa-al-Jahmiyya: P93-94

[602] T: (بچگانہ) Baccho'n ke laayaq, baccho'n ki tarah [Rekhta]

لِأَنَّ أَمْرَ اللّٰهِ وَرَحْمَتَهُ يَنْزِلُ فِيْ كُلِّ سَاعِةٍ وَّوَقْتٍ وَأَوَانٍ، فَمَا بَالُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَحُدُّ لِنُزُوْلِهِ الْلَّيْلَ دُوْنَ النَّهَارِ؟ وَبِوَقْتٍ مِّنَ الْلَّيْلِ شَطْرِهِ أَوِ الْأَسْحارِ، أَفَأَمْرُهُ وَرَحْمَتُهُ يَدْعُوَانِ الْعِبَادَ إِلَى الْإِسْتِغْفَارِ، أَوْ يُقَدَّرُ الْأَوْرُ وَالرَّحْمَةُ أَنْ يَّتَكَلَّمَ دُوْنَهُ، فَيَقُوْلَا: هَلْ مِنْ دَاعٍ، فَأُجِيْبَ؟

Wajah ye hai ke Allah Ta'ala ka hukum aur uski rahmat to har waqt naazil hoti rehti hai, phir kya baat hai ke Nabi-e-Akram ﷺ uske nuzool ko din ki bajaae raat ke saath khaas farma rahe hain, nez raat ka bhi nisf ya sehri ka waqt uske liye makhsoos kar rahe hain?

هَلْ مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ، فَأَغْفِرَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ سَائِلٍ، فَأُعْطِيَهُ؟ فَإِنْ قَرَّرْتَ مَذْهَبَكَ لَزِمَكَ أَنْ تَدَّعِيْ أَنَّ الرَّحْمَةَ وَالْأَمْرَ هُمَا اللَّذَانِ يَدْعُوَانِ إِلَىْ الْإِجَابَةِ وَالْإِسْتِغْفَارِ بِكِلَاهِمَا دُوْنَ اللّٰهِ؟

Kya Allah Ta'ala ki rahmat aur uska amr logo'n ko istighfar ka hukum dete hain aur kya wo dono cheeze'n Zaat-e-Ilaahi ke baghair bolne ki taaqat rakhti hain, ke wo kahe'n: Kya koi pukaarne waala hai main uski pukaar qubool karu'n? Kya koi maafi ka talabgaar hai ke main usey maaf kar doo'n? Kya koi sawaali hai ke main usey ataa karu'n?

وَهٰذَا مُحَالٌ عِنْدَ الْسُّفَهَاءِ، فَكَيْفَ عِنْدَ الْفُقَهَاءِ، قَدْ عَلِمْتُمْ ذٰلِكَ، وَلٰكِنْ تَكَابَرُوْنَ، وَمَا بَالُ رَحْمَتِهِ وَأَمْرِهِ يَنْزِلَانِ مِنْ عِنْدِهِ شَطْرَ الْلَّيْلِ، ثُمَّ لَا يَمْكُثَانِ إِلَّا إِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَرْفَعَانِ، لِأَنَّ رِفَاعَةَ يَرْوِيْهِ، يَقُوْلُ فِيْ حَدِيْثِهِ: حَتّٰى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ، قَدْ عِلِمْتُمْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنَّ هٰذَا الْتَّأْوِيْلَ أَبْطلُ بَاطِلٍ، لَا يَقْبَلُهُ إِلَّا كُلُّ جَاهِلٍ.

Apne mazhab par saabit rehne ke liye ye tasleem karna zaroori hai ke amr aur rahmat dono bol kar ijaabat[603] aur astaghfaar ki taraf logo'n ko bulaate hain, ye baat karna to bewaqoofo'n ke haq mein bhi naamumkin hai, che-jaaeke aqalmand aisi baat kare'n? Tum is baat se ba-khoobi aashna ho, lekin takabbur ka shikar ho chuke ho. Ye kya baat hui ke iska amr aur uski rahmat raat ke ek (1) hisse mein utarte hain, phir sirf fajr tuloo hone tak theher kar utha liye jaate hain? Is hadees ke raawi Syedna Rifaa-a (رِفَاعَة) ﷺ bayaan karte hain ke nuzool ka ye muaamala tuloo-e-fajar tak jaari rehta hai. Allah ki taufeeq se aap ne jaan hi liya hoga ke ye taaweel abtal-ul-abateel hai, usey jaahil hi qubool kar sakta hai.[604]

Imam Abu Umro Ahmad bin Muhammad bin Abdullah Talmanki رحمہ اللہ (d 429h) farmate hain:

أَجْمَعُوْا عَلٰى أَنَّ اللّٰهَ يَنْزِلُ كُلَّ لَيْلَةٍ إِلٰى سَمَاءِ الْدُّنْيَا، عَلٰى مَا أَتَتْ بِهِ الْآثَارُ، كَيْفَ شَاءَ، لَا يَحُدُّوْنَ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا.

Musalmano ka ijma hai ke Allah Ta'ala har raat aasmaan-e-duniya ki taraf nuzool farmata hai, jaisa ke ahadees mein maujood hai. Ye nuzool usi tarah hai jaise Allah Ta'ala chaahta hai, musalman is baare mein kisi (kaifiyat ki) taayyun nahi karte.[605]

Jadeed Jahmiyya Allah ke shayaan-e-shaan nuzool ka inkaar karte hain, balke kehte hain ke isse muraad hai ke Allah khusoosi rahmat bhejta hai ya hukum naazil farmata hai, ya farishta bhejta hai ya nuzool-e-ijlaas karta hai, waghaira-waghaira.

Ye taaweel-e-quran, hadees, ijma-e-ummat aur aimma mohaddiseen-o-salaf-o-saleheen ki muttafiqa tasrihaat ke khilaaf hai, lehaza na-qaabil-e-iltefaat hai.

[603] T: (إجابَت) Maqbooliyat [Rekhta]
[604] Ar Radd Alaa-al-Mareesi: P51-52
[605] Majmua Fatawa la Ibne Taimiyya: V5 P577

Tambeeh: Agar koi kahe ke Allah Ta'ala jab nuzool farmate hain, to kya us waqt arsh khaali ho jaata hai? To ham jawab mein kahe'nge ke ye sawaal bidat hai. Is nuzool ki kaifiyat ka ilm Allah Ta'ala ke paas hai, jiske mutaalliq shariyat khamosh hai, ham bhi khamosh rahe'nge, Sahaba aur Mohaddiseen is par sukoot karte hain, ham bhi sukoot karte hain. Walillahil Hamd!

Faaeda: Ahadees Nuzool-e-Baari Ta'ala se saabit hota hai ke Allah arsh par buland hai, har jagah maujood nahi, Imam Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ (d 463h) likhte hain:

فَيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ السَّمَاءِ عَلَىٰ الْعَرْشِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ، كَمَا قَالَ الْجَمَاعَةُ، وَهُوَ مِنْ حُجَّتِهِمْ عَلَىٰ الْمُعْتَزِلَةِ وَالْجَهْمِيَّةِ فِيْ قَوْلِهِمْ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ، وَلَيْسَ عَلَىٰ الْعَرْشِ.

Nuzool-e-Baari Ta'ala ke baare mein hadees-e-Abu Huraira رضی اللہ عنہ daleel hai ke Allah Azzo Wajal saato'n aasmaano ke oopar arsh par buland hai, jaisa ke Ahle Sunnat wal Jamaat ka aqeeda hai. Iske bar-aks motazala aur jahmiyya kehte hain ke Allah Ta'ala har jagah maujood hai, arsh par buland nahi hai, ye hadees Ahle Sunnat ki unke khilaf (zabardast) daleel hai.[606]

Ek (1) doosre muqaam par farmate hain:

عَلٰى هٰذَا أَهْلُ الْحَقِّ.

Ahle Haq ka yehi aqeeda hai (ke Allah Ta'ala arsh par buland hai, har jagah nahi).[607]

Yaane jo Allah Ta'ala ko arsh ki bajaae har jagah manta hai, wo Imam Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ, balke tamaam Mohaddiseen-e-Ikram رحمہم اللہ ke nazdeek haq par nahi hai. Walhamdulillah Alaa Zaalik!

Al Haasil:

Nuzool-e-Baari Ta'ala Sifaat-e-Baari Ta'ala mein se ek (1) sifat fe'liya hai aur ye nuzool-e-haqeeqi hai, jaise Allah Ta'ala ke shayaan-e-shaan hai.

[606] At Tamheed: V7 P129

[607] At Tamheed Limaa Fil Muwatta Minal Ma-aani wal Asaneed: V22 P80

Hussain Bin Mansoor Hallaaj

Hussain bin Mansoor Hallaaj (d 309h) zindeeq aur hulooli tha. Uske kufr-o-ilhaad par ulama-e-haq ka ijma-o-ittefaq hai. Iska buniyadi aqeeda ye tha ke Allah har cheez mein hulool kar gae hain. Ye aqeeda wahdat-ul-wujood ka baani tha. Uske kufr-o-ilhaad ki wajah se ulama ne uska khoon jaaez qaraar diya tha aur usey qatl kar diya gaya tha.

Hafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ (d 852h) likhte hain:

لَا أَرَى يَتَعَصَّبُ لِلْحَلَّاجِ إِلَّا مَنْ قَالَ بِقَوْلِهِ الَّذِيْ ذُكِرَ أَنَّهُ عَيَّنَ الْجَمْعَ، فَهٰذَا هُوَ قَوْلُ أَهْلِ الْوَحْدَةِ الْمُطْلَقَةِ، وَلِهٰذَا تَرَى ابْنَ عَرَبِيٍّ صَاحِبَ (الْفُصُوْصِ) يُعَظِّمُهُ وَيَقَعُ فِيْ الْجُنَيْدِ.

Maine Hallaaj ke haq mein usi shakhs ko taassub rakhte dekhta hoo'n jo usi ke jaisa aqeeda rakhta hai. Usse zikr kiya gaya hai ke usne (Khaliq-o-makhlooq ke darmiyan) jama ko laazim kiya tha. Yehi "*Wahdat-e-Mutlaqa*" (wahdat-ul-wujood) waalo'n ka aqeeda hai. Isi liye aap "Al Fusoos" ke musannif Ibne Arbi ko dekhe'nge ke wo uski taazeem karta hai aur Junnaid ki gustakhi karta hai.[608]

Hafiz Ibnul Jauzi رحمہ اللہ (d 597h) likhte hain:

اِتَّفَقَ عُلَمَاءُ الْعَصْرِ عَلٰى إِبَاحَةِ دَمِ الْحَلَّاجِ.

Us zamaana ke tamaam ulama Hallaaj ke khoon ke mubaah[609] hone par muttafiq ho gae the.[610]

Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya رحمہ اللہ (d 728h) farmate hain:

مَنِ اعْتَقَدَ مَا يَعْتَقِدُهُ الْحَلَّاجُ مِنَ الْمَقَالَاتِ الَّتِي قُتِلَ الْحَلَّاجُ عَلَيْهَا فَهُوَ كَافِرٌ مُرْتَدٌّ بِاتِّفَاقِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَإِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ إِنَّمَا قَتَلُوْهُ عَلَى الْحُلُوْلِ وَالْاِتِّحَادِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ مِنْ مَقَالَاتِ أَهْلِ الزَّنْدَقَةِ وَالْإِلْحَادِ كَقَوْلِهِ: (أَنَا اللّٰه)، وَقَوْلَهِ: (إِلَهٌ فِيْ السَّمَاءِ وَإِلٰهٌ فِيْ الْأَرْضِ).

Jis ne wo aqeeda rakha, jo Hallaaj ne rakha tha, aur jis binaa par usey qatl kar diya gaya tha, wo uske kaafir-o-murtad hone par musalmano ka ittefaq hai. Kyou'nke musalmano ne Hallaaj ko aqeeda-e-hulool, wahdat-ul-wujood, aur zindeeqo'n, aur mulhideen ke deegar aqaaed ki wajah se qatl kiya tha. Masalan: Usne kaha tha: "Main Allah hoo'n". Isi tarah ye bhi kaha tha: "Ek (1) maabood aasmaan mein hai aur ek (1) maabood zameen mein hai".[611]

Hafiz Ibne Kaseer رحمہ اللہ (d 773h) likhte hain:

قَدِ اتَّفَقَ عُلَمَاءُ بَغْدَادَ عَلٰى كُفْرِ الْحَلَّاجِ وَزَنْدَقَتِهِ، وَأَجْمَعُوْا عَلٰى قَتْلِهِ وَصَلْبِهِ، وَكَانَ عُلَمَاءُ بَغْدَادَ إِذْ ذَاكَ هُمْ عُلَمَاءُ الدُّنْيَا.

Baghdad ke ulama Hallaaj ke kaafir-o-zindeeq hone par muttafiq ho gae the aur unho'n ne usey qatl karne aur sooli par latkaane par ijmaa kar liya tha aur us waqt Ulama-e-Baghdad hi duniya ke (kubaar) ulama shumaar hote the.[612]

Abu Hamid Allama Ghazali رحمہ اللہ (d 505h) likhte hain:

---

[608] Lisaan-ul-Mizaan: V2 P315

[609] T: (مُبَاح) Shariyat ke muwaafiq, jaaez, rawaa, halaal [Rekhta]

[610] Talbees-e-Iblees: V1 P154

[611] Majmua Fatawa: V2 P480

[612] Al Bidaaya wan Nihaaya: V14 P832 "هجر"

أَمَّا الشَّطْحُ، فَنَعْنِيْ بِهِ صِنْفَيْنِ مِنَ الْكَلَامِ أَحْدَثَهُ بَعْضُ الصُّوْفِيَّةِ، أَحَدُهُمَا الْدَّعَاوِيْ الْطَّوِيْلَةُ الْعَرِيْضَةُ فِيْ الْعِشْقِ مَعَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْوِصَالِ الْمُغْنِيْ عَنِ الْأَعْمَالِ الْظَّاهِرَةِ حَتّٰى يَنْتَهِيَ قَوْمٌ إِلٰى دَعْوَى الْإِتِّحَادِ وَارْتِفَاعِ الْحِجَابِ وَالْمُشَاهَدَةِ بالْرُّؤْيَةِ وَالْمُشَافَهَةِ بِالْخِطَابِ.

Shathu (الْشَّطْحُ) se muraad ham do (2) tarah ka ilm-e-kalaam lete hain, jise baaz soofiya ne ghadha hai. Un mein se ek (1) to Allah ke saath ishq aur aise wisaal[613] ka buland-baang daawa hai, jo zaahiri aamaal (namaz, roza waghaira) se mustaghni[614] kar deta hai, hatta ke kai log ittehaad (wahdat-ul-wujood), (Khaliq-o-makhlooq ke darmiyan) parde uth jaane, Allah Ta'ala ke mushahede aur bila-waasta kalaam ke daawo'n tak pohonch gae hain.

فَيَقُوْلُوْنَ: قِيْلَ لَنَا كَذَا وَقُلْنَا كَذَا، وَيَتَشَبَّهُوْنَ فِيْهِ بِالْحُسَيْنِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْحَلَّاجِ الَّذِيْ صُلِبَ لِأَجْلِ إِطْلَاقِهِ كَلِمَاتٍ مِّنْ هٰذَا الْجِنْسِ، وَيَسْتَشْهِدُوْنَ بِقَوْلِهِ: أَنَا الْحَقُّ.

Chunache wo kehte hain ke ham se (Allah Ta'ala ki taraf se) you'n kaha gaya hai aur ham ne you'n kaha. Is baare mein wo Hussain bin Mansoor Hallaaj se mushahabat karte hain, jise is jaisi baate'n karne ki wajah se sooli par latka diya gaya tha aur wo daleel mein usi mansoor ka "أَنَا الْحَقُّ" "Main hi Allah hoo'n". Waala qaul pesh karte hain.

وَبِمَا حُكِيَ عَنْ أَبِيْ يَزِيْدَ الْبَسْطَامِيُّ أَنَّهُ قَالَ: سُبْحَانِيْ، سُبْحَانِيْ، وَهٰذَا فَنٌّ مِّنَ الْكَلَامِ عَظِيْمٌ ضَرَرُهُ فِيْ الْعَوَّامِّ حَتّٰى تَرَكَ جَمَاعَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْفَلَاحَةِ فَلَاحَتَهُم وَأَظْهَرُوْا مِثْلَ هٰذِهِ الْدَّعَاوِيْ.

Isi tarah Abu Yazeed Bastami ka wo qaul bhi apni daleel banaate hain ke usne kaha: "Main paak hoo'n, main paak hoo'n". Ilm-e-kalaam ki ye qism logo'n mein bohot nuqsaan-dah saabit hui hai, yaha'n tak ke falaah ki raah par chalne waale logo'n ki ek (1) badi jamaat ne apni raah-e-falaah chod di aur is tarah ke da-aawi[615] shuru kar diye.

فَإِنَّ هٰذَا الْكَلَمَ يَسْتَلَذُّهُ الْطَّبْعُ إِذْ فِيْهِ الْبَطَالَةُ مِنَ الْأَعْمَالِ مَعَ تَزْكِيَةِ الْنَّفْسِ بِدَرْكِ الْمُقَامَاتِ وَالْأَحْوَالِ، فَلَا تَعْجِزُ الْأَغْنِيَاءُ عَنْ دَعْوٰى ذٰلِكَ لِأَنْفُسِهِمْ وَلَا عَنْ تَلَقُّفِ كَلِمَاتٍ مُخْبَطَةٍ مُزَخْرَفَةٍ.

Wajah ye hai ke ilm-e-kalaam ki is qism ko tabiyyat bohot pasand karti hai, kyou'nke us mein aamaal ko chodne ke ba-wujood muqamaat-o-ahwaal ke saath tazkiya-e-nafs (ka daawa) maujod hai. In mein baddimaagh logo'n ko apne liye is tarah ke da-aawi karne se aur bewaqoofi par mabni chikne-chupde kalimaat kehne se aap nahi rok sakte.

وَمَهْمَا أُنْكِرَ عَلَيْهِمْ ذٰلِكَ لَمْ يَعْجِزُوْا أَنْ يَّقُوْلُوْا هٰذَا إِنْكَرٌ مَصْدِرُهُ الْعِلْمُ وَالْجِدَالُ، وَالْعِلْمُ حِجَابٌ، وَّالْجَدَلُ عَمَلُ الْنَّفْسِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ لَا يَلُوْحُ إِلَّا مِنَ الْبَاطِنِ بِمُكَاشَفَةِ نُوْرِ الْحَقِّ، فَهٰذَا وَمِثْلُه

Jab bhi un par is baat ka eteraaz kiya gaya, to wo ye kehte hain ke is inkaar ka mabda[616] ilm-o-jidaal[617] hai, ilm parda hai aur jidaal ilm-e-nafs hai. Aur ye baate'n Allah Ta'ala ke noor ke mukaashafa[618] ke zariye baatin se nikalti hain.

[613] T: (وِصال) (lafzan) Aapas mein mil jaana, (majaazan) Do (2) cheezo'n ka ek (1) ho jaana, mulaqaat, milaap, milna, qurb [Rekhta]
[614] T: (مُسْتَغْنی) Be-parwa, be-niyaaz, daulatmand [Rekhta]
[615] T: (دَعاوِی) Daawo'n ki jamaa, daawe [Rekhta]
[616] T: (مَبْدا) Shuru hone ki jagah, aagaaz, ibteda [Rekhta]
[617] T: (جِدال) Ladaai, jhagda, jung [Rekhta]
[618] T: (مُکاشَفَه) Inkeshaaf-e-raaz, tarjarbe ya aur kisi hisaab ke zariye poshida baat ka ilm [Rekhta]

مِمَّا قِدِ اسْتَطَارَ فِيْ الْبِلَادِ شَرَرُهُ وَعَظُمَ فِيْ الْعَوَّامِّ ضَرَرُهُ، حَتّٰى مَنْ نَطَقَ بِشَيْءٍ مِّنْهُ، فَقَتْلُهُ أَفْضَلُ فِيْ دِيْنِ اللهِ مِنْ إِحْيَاءِ عَشْرَةٍ.

Ye aur is tarah ki deegar khurafaat ka shar ilaaqo'n mein phail gaya hai aur awaam mein inka nuqsaan bohot badh gaya hai, yaha'n tak ke jo is tarah ki bakwaas kare, usey qatl karna deen-e-islaam mein dus (10) afraad ki jaan bachaane se behtar hai.[619]

Nez likhte hain:

مِنْ هُنَا نَشَأَ خَيَلُ مَنِ ادَّعَىْ الْحُلُوْلَ وَالْاِتِّحَادَ وَقَالَ: أَنَا الْحَقُّ، وَحَوْلَهُ يُدَنْدِنُ كَلَامُ النَّصَارٰى فِيْ دَعْوَى اتِّحَادِ الْلَّاهُوْتِ وَالْنَّاسُوْتِ أَوْ تَدَرَّعَهَا بِهَا أَوْ حُلُوْلِهَا فِيْهَا عَلٰى مَا اخْتَلَفَ فِيْهِمْ عِبَارَتُهُمْ، وَهُوَ غَلَطٌ مَّحْضٌ.

Yaha'n se us shakhs ka khayal janam leta hai, jo hulool-o-ittehaad ka daawa karta hai aur kehta hai ke main hi Allah hoo'n. Laahoot[620] ke Naasoot[621] mein muttahid ho jaane ya us mein chup jaane ya us mein husool kar jaane ke baare mein Nasara ka kalaam bhi isi ke lag-bhag hai, agar-che is baare mein unki ibaaraat mukhtalif hain. Ye aqeeda saraasar ghalat hai.[622]

Allama Zahbi رحمہ اللہ (d 748h) likhte hain:

تَدَبَّرْ يَا عَبْدَاللهِ، نَحْلَةَ الْحَلَّاجِ الَّذِيْ هُوَ مِنْ رُؤُوْسِ الْقَرَامِطَةِ، وَدُعَاةِ الْزَّنْدِقَةِ، وَأَنْصِفْ، وَتَوَرَّعْ، وَاتَّقِ ذٰلِكَ، وَحَاسِبْ نَفْسَكَ، فَإِنْ تَبَرْهَنَ لَكَ أَنَّ شَمَائِلَ هٰذَا الْمَرْءِ شَمَائِلُ عَدُوٍّ لِّلْإِسْلَامِ، مُحِبٍّ لِّلْرِّئَاسَةِ، حَرِيْصٍ عَلَىْ الْظُهُوْرِ بِبَاطِلٍ وَّبِحَقٍّ، فَتَبَرَّأْ مِنْ نَحْلَتِهِ، وَإِنْ تَبَرْهَنَ لَكَ وَالْعِيَاذُ باللهِ أَنَّهُ كَانَ، وَالْحَالَةُ هٰذِهِ. مُحِقًّا، هَادِيًا، مَّهْدِيًّا، فَجَدِّدْ إِسْلَامَكَ، وَاسْتَغِثْ بِرَبِّكَ أَنْ يُّوَفِّقَكَ لِلْحَقِّ، وَأَنْ يُّثَبِّتَ قَلْبَكَ عَلٰى دِيْهِهِ، فَإِنَّمَا الْهُدٰى نُوْرٌ يَّقْذِفُهُ اللهُ فِيْ قَلْبِ عَبْدِهِ الْمُسْلِمِ، وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.

Allah ke bande! Aap Hallaaj ke mazhab par ghaur kare'n, jo ke qaraamata (ghaali aur khatarnaak qism ke raafzi logo'n) ka ek (1) sardaar aur ilhaad-o-be-deeni ka zabardast daai tha. Aap insaaf-o-ghair-jaanibdaari se kaam le'n, usse bach jaae'n aur apne nafs ka muhasaba kare'n.

Agar waazeh ho jaae ke us shakhs ke khasaael[623] islam-dushman, hukumat-pasand, aur baatil-o-haq ke ikhtelaat ke saath ghalba haasil karne ke khwahishmand shakhs ke khasaael hain, to fauran uske mazhab se dastbardaar ho jaaiye! Aur Allah na kare, agar is soorat-e-haal ke ba-wujood aap ko wo haq-ba-jaanib, hidaayat-yaafta, aur hidaayat-kuninda nazar aae, to tajdeed-e-islam keejiye aur apne Rabb se madad maangiye ke wo aap ko haq ki taufeeq de aur aap ke dil ko apne deen par saabit rakhe.

Kyou'nke hidayat to ek (1) noor hai, jise Allah Ta'ala apne musalman bande ke dil mein jaaguzee'n[624] kar deta hai. Gumrahi se bachne aur haq ko paane ki quwwat-o-taaqat sirf Allah Ta'ala deta hai.[625]

---

[619] Ihya-ul-Uloom ud Deen: V1 P36

[620] T: (لَاہُوْت) Aalam Zaat-e-Ilaahi jis mein saalik () ko fanaa-fillah ka muqaam haasil hota hai, wo hayaat jo ashiya-e-naasoot mein saari-o-taari hai, jis ka mahal rooh hai, nez martaba-e-zaat [Rekhta]
Saalik=Raah-e-Tariqat par chalne waala, jo kisi murshid ke zer-e-hidaayat ho soofi majzoob ke muqaable mein [Rekhta]

[621] T: (ناسُوْت) Aalam-e-ajsaam, duniya [Rekhta]

[622] Ihya Uloom ud Deen: V2 P292

[623] T: (خَصائِل) Aadate'n, khaslate'n, kirdaar [Rekhta]

[624] T: (جاگزیں) Qaaem, basaa hua, sabat [Rekhta]

[625] Siyaar Elaam an Nubalaa: V14 P345

Is Aqeeda Ka Difaa:

Deobandi aalim Ashraf Ali Thanwi Sahab likhte hain: “Jaise shajra-e-toor bila-ikhteyaar kalma “إِنِّيْ أَنَا اللهُ” ka mazhar tasarruf-e-haq se ho gaya, usi tarah Mansoor bhi bila-ikhteyaar kalma “أَنَا الْحَقُّ” ka mazhar tasarruf-e-haq se ho gaya”.[626]

Nez likhte hain: “Doosre maane muhtamal[627] ye hai ke maine ye raaz zaahir nahi kiya, khud mehboob hi ne zaarhi kiya. Yaane “أَنَا الْحَقُّ” ke saath wohi mutakallim hain, jaisa shajra-e-toor se kalam-e-haq “إِنِّيْ أَنَذا اللهُ” ka zuhoor hua”.[628]

Mazeed likhte hain: “Usi zarhoor ke ek (1) darja ko tajalli bhi kehte hain, jaise shajra-e-toor mein bhi tajalli thi. Agar kisi insaan-e-kaamil mein kalaam ki tajalli ho jaae to bo’d[629] kya hai?”[630]

Nez kehte hain: “Shajr-e-Musa ﷺ se “أَنَا الْحَقُّ” ki aawaaz aai, to us par kisi ne inkaar nahi kiya aur Hazrat Mansoor par inkaar kiya?”[631]

Aap ne Surah-al-Qasas ki aayat number 30 ka tarjuma kiya hai: “Us Mubaarak Muqaam Mein Ek (1) darakat Mein SE Aawaaz Aai Ke Aye Musa! Main Allah Rabbul Aalameen Hoo’n”.

Thanwi Sahab ke ustaz Muhammad Yaqoob Nanotwi Deobandi Sahab kehte hain: “Yehi ghalba to shajra-e-toor par ho gaya tha, jo mazhar[632] ho gaya “إِنِّيْ أَنَا اللهُ” ka”.[633]

Deobandi aalim, Zafar Ahmad Thanwi Sahab likhte hain: “Ek (1) taaweel ye bhi ho sakti hai ke us waqt Ibne Mansoor ki zaban kalaam-e-haq ki tarjuman thi. Un ki zabaan se usi tarah “أَنَا الْحَقُّ” nikla tha, jaisa ke Shajra-e-Musa se “ إِنِّيْ أَنَا اللهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ” ki aawaaz aai thi. Zaahir hai ke darakht ne apne ko Allah Rabbul Aalameen nahi kaha tha, balke us waqt wo Kalaam-e-Ilaahi ka tarjuman tha.”

“Isi tarah Ibne Mansoor ke mutaalliq bhi khayal kiya jaa sakta hai aur ghalba-e-haalat-o-waardaat mein baarha aisa hota hai ke aarif[634] ki zaban se Allah Ta’ala takallum farmate hain, jis ko saalikeen ashaab-e-haal samajh sakte hain. Pas ye to musallam[635] ho sakata hai ke Ibne Mansoor ki zaban se “أَنَا الْحَقُّ” nikla ho, magar ye musallam nahi ke Ibne Masnoor ne khud “أَنَا الْحَقُّ” kaha tha”.[636]

Mufti Ahmad Yar Khan Barailwi Saaha Surah Qasas: 30 ke tahat likhte hain: “Ye darakht na bol raha tha, balke Rabb farma raha tha, darakht us kalaam ka mazhar tha. Isi tarah jin auliya ne “أَنَا اللهُ” kaha, wo khud na keh rahe the, kehne waala Rabb tha, ye uske kalaam ke mazhar the”.[637]

❁ Nez, Surah Taha: 12 ke tahat likhte hain: “Ye aawaaz us darakht se aarahi thi, wo darakht Allah na tha, balke uske kalaam ka mazhar tha. Jaise Radio ki pethi nahi bolti, balke bolne waale ki aawaaz ka mazhar hoti hai, usi tarah jin majzoobo’n ne josh mein aakar “أَنَا الْحَقُّ” ya “سُبْحَانِيْ مَا أَعْظَمَ شَانِي!” keh diya, wo khud na bol rahe the, balke us darakht ki tarah kisi ke kalaam ke mazhar the. Lehaza Hazrat Mansoor Momin the, aur Firaun “أَنَا رَبُّكَ” keh kar kafir hua, wo “أَنَ” reh kar Rabb bana”.[638]

---

[626] Bawaadir un Nawaadir: P398
[627] T: (مُحتَمَل) Gumaan kiya gaya, qiyaas kiya gaya [Rekhta]
[628] Ashaar-al-Ghayoor bima Fee Ashaar Ibne Mansoor: P143
[629] T: (بُعْد) Farq, ikhtelaaf [Rekhta]
[630] Ashaar-al-Ghayoor bima Fee Ashaar Ibne Mansoor: P147
[631] Al Kalaam-ul-Hasan: (Hissa Duwam): P61
[632] T: (مَظْہَر) Jalwa, nazaara, misl, saani [Rekhta]
[633] Maraarif-ul-Akaabir-az-Muhammad Iqbal Quraishi: P373
[634] T: (عارِف) Wo shakhs jis ko Allah Ta’ala ne apni zaat aur sifaat aur asmaa aur afaal ka beena (dekhne waala) kiya ho, Allah ko pehchaanne waala, soofi [Rekhta]
[635] T: (مُسَلَّم) Tasleem-shuda, tasleem kiya gaya, maana gaya, maana hua, waajib-ut-tasleem [Rekhta]
[636] Seerat-e-Mansoor Hallaaj: P50
[637] Tafseer Noor-ul-Irfan: P620, 954
[638] Tafseer Noor-ul-Irfan: P498

❁ Nez likhte hain: “Musa ﷺ ye nidaa[639] darakht se sun rahe the, wo darakht Allah na tha, balke Allah ki nida ka mazhar tha. Aise hi jin buzurgo’n ne josh mein “أَنَا الْحَقُّ” keh diya, wo kisi aur ke kalaam ka mazhar the”.[640]

Darul Uloom Deoband ke Shaikh-ul-Hadees Anwar Shah Kashmiri Sahab kehte hain:

إِنَّهُ إِذَا صَحَّ لِلشَّجَرَةِ أَنْ يُنَادٰى (يُتَنَادٰى) فِيْهَا بِ "إِنِّيْ أَنَا اللّٰهُ"، فَمَا بَالُ الْمُتَقَرِّبِ بِالنَّوَافِلِ أَنْ لَّا يَكُوْنَ اللّٰهُ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ كَيْفَ وَأَنَّ ابْنَ آدَمَ الَّذِيْ خُلِقَ عَلٰى صُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ لَيْسَ بِأَدْوَنَ مِنْ شَجَرَةِ مُوْسٰى عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ.

Jab darakht mein “إِنِّيْ أَنَا اللّٰهُ” “Main Hi Allah Hoo’n”. Ke alfaaz ke saath nidaa lagaai jaa sakti hai, to nawaafil ke zariye Allah ka taqarrub haasil karne waale shakhs ke mtuaalliq aisa kyou’nkar nahi ho sakta ke Allah uska kaan aura ankh ban jaae. Kyou’nke, Ibne Aadam jiski takhleeq Rahman ki soorat ke mutaabiq hui hai, Musa ﷺ ke darakht se haqeer nahi hai![641]

Is par itna hi kaha jaa sakta hai ke Ahle Sunnat mein se koi bhi iska qaael nahi hai. Iski taaweel se kahee’n behtar tha ke salaf-e-ummat ki raah apnaa li jaati.

① Imam Abul Hasan Ashari رحمہ اللہ (d 342h) farmate hain:

زَعَمَتِ الْجَهْمِيَّةُ كَمَا زَعَمَتِ النَّصَارٰى أَنَّ كَلِمَةَ اللّٰهِ تَعَالٰى حَوَاهَا بَطْنُ مَرْيَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَزَادَتِ الْجَهْمِيَّةُ عَلَيْهِمْ، فَزَعَمَتْ أَنَّ كَلَامَ اللّٰهِ مَخْلُوْقٌ حَلَّ فِيْ شَجَرَةٍ، وَكَانَتِ الشَّجَرَةُ حَاوِيَةً لَّهُ.

Nasara ki tarah jahmiyya ne bhi khayal kiya ke Allah Ta’ala ke kalma ko Maryam ﷺ ne apne peit mein samo liya tha. Jahmi logo’n ne isse badh kar ye bhi kaha ke Allah Ta’ala ka kalam makhlooq tha, jo ke ek (1) darakat mein daakhil ho gai tha. Aur us darakht ne us kalaam ko apne andar samo liya tha.

فَلَزِمَهُمْ أَنْ تَكُوْنَ الشَّجَرَةُ بِذٰلِكَ الْكَلَامِ مُتَكَلِّمَةً، وَوَجَبَ عَلَيْهِمْ أَنَّ مُخْلُوْقًا مِّنَ الْمُخْلُوْقِيْنَ كَلَّمَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَام، وَأَنَّ الشَّجَرَةَ قَالَتْ: يَا مُوْسٰى إِنِّيْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِيْ.

Is tarah jahmi logo’n par ye kehna laazim aata hai ke darakht hi us kalam ke saath mutakallim[642] tha aur Syedna Musa ﷺ se ek (1) makhlooq ne hi kalaam kiya tha. Aur darakht hi ne kaha tha ke “Aye Musa! Main Hi Ilaah Hoo’n, Mere Siwa Koi Ilaah Nahi Hai, Chunache Meri Hi Ibaadat Karo”.

فَلَوْ كَانَ كَلَامُ اللّٰهِ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ لَّكَانَ الْمَخْلُوْقُ قَالَ: يَا مُوْسٰى إِنِّيْ أَنَا اللّٰهُ أَضنَا فَاعْبُدْنِيْ، وَقَدْ قَالَ تَعَالٰى: "وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ".

Agar ye Allah Ta’ala ka kalaam darakht mein paida kar diya gaya tha, to phir makhlooq ne hi Musa ﷺ se ye kaha tha, halaa’nke Allah Ta’ala ka farman hai: “Lekin Meri Baat Saabit Ho GAi Hai Ke Main Jahannum Ko Insaano Aur Jinno’n Se Bhar Doo’nga”[643]

وَكَلَامُ اللّٰهِ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى، فَلَا يَجُوْزُ أَنْ يَّكُوْنَ كَلَامُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ مَّخْلُوْقَةٍ، كَمَا لَا يَجُوْزُ أَنْ يَّكُوْنَ عِلْمُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُ مَخْلُوْقًا فِيْ غَيْرِهِ، تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا.

Kalamullah, Allah Ta’ala hi se hai, chunache ye kehna jaaez nahi ke wo kalaam jo Allah ki taraf se tha, wo ek (1) makhlooq darakht mein paida kar diya gaya tha, jaisa ke ye kehna jaaez nahi ke Allah Ta’ala ka wo ilm, jo usi se hai, wo kisi ghair mein paida kar diya gaya hai. Allah Ta’ala in khurafaat se bohot buland hai.[644]

---

[639] T: (نِدا) Aawaaz, sadaa, pukaar, ghaibi aawaaz [Rekhta]
[640] Tafseer Noor-ul-Irfan: P601
[641] Faiz-ul-Baari: V4 P429
[642] T: (مُتَكَلِّم) Kalaam karne waala, guftagu karne waala, bolne waala [Rekhta]
[643] Surah as Sajda: 13
[644] Al Ibaana An Usool ad Diyaana: P68

Nez likhte hain:

قَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ".

Allah Ta'ala ne farmaya: "Kisi Bashar Ke Liye Mumkin Nahi Ke Allah Usse Kalaam Kare, Magar Wahee Ke Zariye Ya Parde Ke Peeche Se Ya Koi Farishta Bhej De, Phir Uski Taraf Apne Izn Se Jo Chaahe Wahee Kare"[645]

فَلَوْ كَانَ كَلَامُ اللّٰهِ لَا يُوْجَدُ إِلَّا مَخْلُوْقًا فِيْ شَيْءٍ مَّخْلُوْقٍ لَّمْ يَكُنْ لِاشْتِرَاطِ هٰذِهِ الْوُجُوْهِ مَعْنًى، لِأَنَّ الْكَلَامَ قَدْ سَمِعَهُ جَمِيْعُ الْخَلْقِ وَوَجَدُوْهُ – بِزَعْمِ الْجَهْمِيَّةِ – مَخْلُوْقًا فِيْ غَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَهٰذَا يُوْجِبُ إِسْقَاطَ مَرْتَبَةِ النَّبِيِّيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ.

Agar Allah Ta'ala ka kalaam kisi makhlooq mein hi paida kiya hua paaya jaata, to in quyood ke saaht mashroot karne ke koi maane baaqi nahi rehte. Kyou'nke jahmi logo'n ke baqaul usey basa-auqaat saari makhluqaat Allah Ta'ala ke alaawa kisi aur zaat mein paida-shuda haalat mein sun leti hain. Is aqeede se Ambiya-e-Ikram ke muqaam-o-martaba mein tanqees[646] laazim aati hai.

وَيَجِبُ عَلَيْهِمْ إِذَا زَعَمُوْا أَنَّ كَلَامَ اللّٰهِ لِمُوْسٰى خَلَقَهُ فِيْ شَجَرَةٍ أَنْ يَّكُوْنَ مَنْ سَمِعَ كَلَامَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ مَلَكٍ أَوْ مِنْ نَبِيٍّ أَتٰى بِهِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ أَفْضَلَ مَرْتَبَةٍ مِّنْ سَمَاعِ الْكَلَامِ مِنْ مُّوْسٰى، لِأَنَّهُمْ سَمِعُوْهُ مِنْ نَبِيٍّ، وَلَمْ يَسْمَعْهُ مُوْسٰى مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَإِنَّمَا سَمِعَهُ مِنْ شَجَرَةٍ.

Jab jahannami log ye daawa kare'n ke Allah Ta'ala ne jo Syeda Musa ﷺ se kalaam kiya tha, usey ek (1) darakht mein paida kiya tha, tab un par laazim aaega ke jin logo'n ne is kalaam ko kisi farishte ya ilchi se suna ho, jo usey Allah ke paas le kar aaya tha, wo kalaam sunne ke etebaar se Syedna Musa ﷺ se Afzal ho'n, kyou'nke un logo'n ne usey kisi Nabi se suna hoga, lekin Musa ﷺ ne usey Allah Azzo Wajal se nahi suna, balke ek (1) darakht se suna tha.

وَأَنْ يَزْعَمُوْا أَنَّ الْيَهُوْدِيَّ إِذَا سَمِعَ كَلَامَ اللّٰهِ مِنَ النَّبِيِّ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ أَفْضَلَ مَرْتَبَةً فِيْ هٰذَا الْمَعْنٰى مِنْ مُّوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ، لِأَنَّ الْيَهُوْدِيَّ سَمِعَهُ مِنْ نَبِيٍّ مِّنْ أَنْبِيَاءِ اللّٰهِ، وَمُوْسٰى سَمِعَهُ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ.

Nez, in jahmiyya par ye daawa bhi laazim aata hai ke ek (1) yahoodi jab Allah Ta'ala ke kalaam ko apne Nabi ﷺ se sune, to wo us kaam mein Musa ﷺ se afzal hoga. Kyou'nke, yahoodi ne usey Allah ke kisi nabi se suna hoga aur Musa ﷺ ne usey ek (1) darakht mein makhlooq hone ki soorat mein suna hoga.

وَلَوْ كَانَ مُخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ لَّمْ يَكُنْ مُتَكَلِّمًا لِّمُوْسٰى مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ، لِأَنَّ مَنْ حَضَرَ الشَّجَرَةَ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ قَدْ سَمِعُوْا الْكَلَامَ مِنْ ذٰلِكَ الْمَكَانِ، وَكَانَ سَبِيْلُ مُوْسٰى وَغَيْرِهِ فِيْ ذٰلِكَ سَوَاءً فِيْ أَنَّهُ لَيْسَ كَلَامُ اللّٰهِ لَهُ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ.

Agar Allah ka kalaam darakht mein paida kar diya gaya tha, to Allah Ta'ala ne phir Musa ﷺ se parde ke peeche se kalaam nahi kiya, kyou'nke jo bhi jinn ya insaan us jagah haazil hora, usne usi jagah se kalaam ko suna hoga. You'n Musa ﷺ aur unke ghair ka zariya ek (1) hi hoga ke unho'n ne kalaam ko parde ke peeche se nahi suna.

ثُمَّ يُقَالُ لَهُمْ: إِذَا زَعَمْتُمْ أَنَّ مَعْنٰى أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَلَّمَ مُوْسٰى: أَنَّهُ خَلَقَ كَلَامًا كَلَّمَهُ بِهِ فِيْ الشَّجَرَةِ، وَقَدْ خَلَقَ اللّٰهُ عِنْدَكُمْ فِيْ الذِّرَاعِ كَلَامًا، لِأَنَّ الذِّرَاعَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

Phir in jahmiyo'n se kaha jaaega ke jab tumhara ye daawa hai ke Allah Ta'ala ke Musa ﷺ se kalam karne ka matlab ye hai ke usne kalam ko darkaht mein paida kiya, phir uske zariye Musa ﷺ se kalaam kiya, to phir Allah Ta'ala ne shaane ke gosht mein bhi kalaam paida

[645] Surah ash Shura: 51

[646] T: (تَنْقِيص) Naqs, ghataao, kami, aeb-joi, mazammat, nukta-cheeni [Rekhta]

لَا تَأْكُلْنِيْ، فَإِنِّيْ مَسْمُوْمَةٌ، فَيَلْزَمُكُمْ أَنَّ ذٰلِكَ الْكَلَامَ الَّذِيْ سَمِعُهُ الْنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم كَلَامُ اللّٰهِ تَعَالٰى.

kiya hai, kyou'nke shaane ke gosht ne Rasool Allah ﷺ se kaha tha ke mujhe na khaae'n, kyou'nke main zeher-aalood hoo'n. Chunache tumahre nazdeek ye laazima aega ke jo kalam Nabi-e-Akram ﷺ ne suna tha, wo Allah Ta'ala ka kalaam tha.[647]

② Imam Aajri رحمہ اللہ (d 320h) farmate hain:

إِنْ قَالَ مِنْهُمْ قَائِلٌ: إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ كَلَامًا فِيْ الْشَّجَرَةِ، فَكَلَّمَ بِهِ مُوْسٰى قِيْلَ لَهُ: هٰذَا هُوَ الْكُفْرُ، لِأَنَّهُ يَزْعُمُ أَنَّ الْكَلَامَ مَخْلُوْقٌ، تَعَالَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ ذٰلِكَ وَيَزْعُمُ أَنَّ مُخْلُوْقًا يَدَّعِيْ الْرُّبُوْبِيَّةَ، وَهٰذَا مِنْ أَقْبَحِ الْقَوْلِ وَأَسْمَجِهِ.

Agar in mein se koi kahe ke Allah ne darakhat mein kalam ko paida kiya tha aur uske zariye Musa ﷺ se kalam kiya tha, to usey kaha jaaega, yehi kufr hai, kyou'nke unka daawa hai ke kalaam-e-ilaahi makhlooq hai. Allah isse paak hai. Wo shakhs gumaan karta hai ke makhlooq Ruboobiyyat ka daawa kar rahi hai. Ye sab qabeeh aur badtareen qaul hai.

وَقِيْلَ لَهُ: يَا مُلْحِدُ، هَلْ يَجُوْزُ لِغَيْرِ اللّٰهِ أَنْ يَقُوْلَ: إِنَّنِيْ أَنَا اللّٰهُ؟ نَعُوْذُ باللّٰهِ أَنْ يَكُوْنَ قَائِلُ هٰذَا مُسْلِمًا، هٰكَذَا كَافِرٌ يُّسْتَتَابُ، فَإِنْ تَابَ وَرَجَعَ عَنْ مَذْهَبِهِ الْسُّوْءِ وَإِلَّا قَتَلَهُ الْإِمَامُ، فَإِنْ لَّمْ يَقْتُلْهُ الْإِمَامُ وَلَمْ يَسْتَتِبْهُ وَعُلِمَ مِنْهُ أَنضّ هٰذَا مَذْهَبُهُ هُجِرَ وَلَمْ يُكَلَّمْ، وَلَمْ يُسَلَّمْ عَلَيْهِ وَلَمْ يُصَلَّ خَلْفَهُ، وَلَمْ تُقْبَلْ شَهَادَتُهُ، وَلَمْ يُزَوَّجْهُ الْمُسْلِمُ كَرِيْمَتَهُ.

Usse mazeed kaha jaaega: Aye mulhid-o-be-deen! Kya ghairullah ke liye ye kehna jaaez hai ke main hi Allah hoo'n? Ham Allah ki panaah mein aate hain ke aisa kehne waala musalman ho. Ye to kaafir hai, usse tauba karwaai jaaegi, agar tauba kar le aur apne burey mazhab se laut aae, to theek warna hakim-e-waqt usey qatl kar de. Agar hukumraan-e-waqt qat lanhi karta aur usse tauba nahi karwaai jaati aur uska mazhab maaloom ho jaata hai, to usse qata-taalluqi ki jaaegi, usse kalaam nahi kiya jaaega, salaam bhi nahi kaha jaaega, na hi uski iqteda mein namaz padhi jaaegi, na uski gawaahi qubool hogi, aur na usse koi musalman apni beti ki shaadi karega.[648]

③ Hafiz Bayhaqi رحمہ اللہ (d 458h) farmate hain:

لَوْ كَانَ كَلَامُ اللّٰهِ لَا يُوْجَدُ إِلَّا مَخْلُوْقًا فِيْ شَيْءٍ مَّخْلُوْقٍ لَّمْ يَكُنْ لِأَشْتِرَاطِ هٰذِهِ الْوُجُوْهِ مَعْنًى لِّاسْتِوَاءِ جَمِيْعِ الْخَلْقِ فِيْ سَمَاعِهِ مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ وَوُجُوْدِهِمْ ذٰلِكَ عِنْدَ الْجَهْمِيَّةِ مَخْلُوْقًا فِيْ غَيْرِ اللّٰهِ.

Agar Allah ka kalaam sirf kisi makhlooq cheez mein makhlooq ho kar hi paaya jaae, to in quyood mein se kisi ki shart lagaane kekoi maane nahi. Kyou'nke tamaam makhlooq usko ghairullah se sunne mein baraabar aur ye jahmiyya ke yaha'n ghairullah mein paida-shuda hai.

وَهٰذَا يُوْجِبُ إِسْقَاطَ مَرْتَبَةِ الْنَّبِيِّيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ، وَيَجِبُ عَلَيْهِمْ إِذَا زَعَمُوْا أَنَّ كَلَامَ اللّٰهِ لِمُوْسٰى خَلَقَهُ فِيْ شَجَرَةٍ، أَنْ يَّكُوْنَ مَنْ سَمِعَ كَلَامَ اللّٰهِ مِنْ مَلَكٍ أَوْ مِنْ نَبِيٍّ أَتَاهُ بِهِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ أَفْضَلَ مَرْتَبَةً فِيْ سَمَاعِ الْكَلَامِ مِنْ مُّوْسٰى، نَبِيِّ اللّٰهِ

Ye cheez ambiya ke muqaam-o-martaba ko kam karne ka sabab banti hai. Jab wo ye daawa kare'n ke Allah ka Musa ﷺ se kalaam ek (1) darakaht mein paida kiya gaya tha to un par laazim aata hai ke jin logo'n ne is kalaam ko kisi farishte ya nabi se suna, jo usey Allah ki taraf se lekar aaya tha, wo log us kalaam ko sunne mein Musa ﷺ se behtar-o-Afzal hain. Kyou'nke unho'n ne to us

[647] Al Ibaana An Usool ad Diyaana: P109

[648] Kitab-ush-Shariah: V3 P1109

أَفْضَلُ مَرْتَبَةً فِيْ هٰذَا الْمَعْنٰى مِنْ مُّوْسَى بْنِ عِمْرَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى نَبِيِّنَا وَسَلَّمَ.

kalam ko kisi nabi se suna hai, jabke Musa ﷺ ne us kalaam ko Allah Ta'ala se nahi suna, balke ek (1) darakth se suna hai.

لِأَنَّ الْيَهُوْدَ سَمِعَتْهُ مِنْ نَبِيٍّ مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ وَمُوْسٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى نَبِيِّنَا وَسَلَّمَ سَمِعَهُ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ وَّلَوْ كَانَ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُكَلِّمًا لِّمُوْسٰى مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ.

Nez un par laazim aata hai ke wo ye daawa kare'n ke yahoodi jab Allah ke kalaam ko Allah ke Nabi Musa ﷺ se sunte the to wo us sunne mein Musa bin Imran ﷺ se afzal the. Kyou'nke yahoodiyo'n ne usey Allah ke nabiyo'n mein se ek (1) Nabi ﷺ se suna tha, jabke Musa ﷺ ne usey ek (1) makhlooq darakht se suna tha.

وَّلِأَنَّ كَلَامَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَوْ كَانَ مَخْلُوْقًا فِيْ شَجَرَةٍ كَمَا زَعَمُوْا لَزِمَهُمْ أَنْ تَكُوْنَ الشَّجَرَةُ بِذٰلِكَ الْكَلَامِ مُتَكَلِّمَةً، وَوَجَبَ عَلَيْهِمْ أَنَّ مَخْلُوْقًا مِّنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ كَلَّمَ مُوْسٰى وَقَالَ لَهُ: "إِنَّنِي أَنَا اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِ"، وَهٰذَا ظَاهِرُ الْفَسَادِ.

Agar ye kalaam ek (1) darakht mein paida kiya gaya hota to Allah Ta'ala parde ke peeche se Musa ﷺ se kalaam nahi kar raha tha, balke us soorat mein to un par ye kehna laazim aata hai ke wo darakht Musa ﷺ se kalam kar raha tha, aur you'n laazim aata hai ke makhlooq mein se ek (1) makhlooq ne Musa ﷺ se kalam ki ghi aur unhe'n kaha tha ke main hi Allah hoo'n, meri ibaadat karo aur ye waazeh taur par faasid baat hai.[649]

④ Allama Ibne Abi-al-Izz Hanafi رحمہ اللہ (d 792h) farmate hain:

مَا أَفْسَدَ اسْتِدْلَالَهُمْ بِقَوْلِهِ تَعَالٰى: "نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ"، عَلٰى أَنَّ الْكَلَامَ خَلَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ الشَّجَرَةِ، فَسَمِعَهُ مُوْسٰى مِنْهَا! وَعَمَوْا عَمَّا قَبْلَ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ وَمَا بَعْدَهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ: "فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ"، النِّدَاءُ هُوَ الْكَلَامُ مِنْ بُعْدٍ، فَسَمِعَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ النِّدَاءَ مِنْ حَافَةِ الْوَادِيْ، ثُمَّ قَالَ: "فِي الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ"، أَيْ أَنَّ النِّدَاءَ كَانَ فِيْ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنْ عِنْدِ الشَّجَرَةِ، كَمَا يَقُوْلُ: سَمِعْتُ كَلَامَ زَيْدٍ مِّنَ الْبَيْتِ، يَكُوْنُ مِنَ الْبَيْتِ لِابْتِدَاءِ الْغَايَةِ.

لَا أَنَّ الْبَيْتَ هُوَ الْمُتَكَلِّمُ! وَلَوْكَانَ الْكَلَامُ مَخْلُوْقًا فِيْ الشَّجَرَةِ لَكَانَتِ الشَّجَرَةُ هِيَ الْقَائِلَةُ: "يَا مُوسَىٰ إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ"،

In (jahmiyya) ka farman-e-Baari Ta'ala "Jab Wo Uske Paas Pohoncha To Usey Waadi Ke Daae'n Kinaare Ek (1) Mubaarak Jagah Mein Ek (1) Darakht Se Aawaaz Di Gai"[650] se is baat par istedlal kitna faasid hai ke Allah Ta'ala ne kalaam ko darakhat mein paida kiya. Phir Musa ﷺ ne usse suna! Wo is farman-e-Baari Ta'ala ke maa-qabl aur ma-baad se andhe ban gae hain, kyou'nke Allah Ta'ala ka farman hai: "Phir Jab Wo Uske Paas Pohoncha To Usey Waadi Ke Daae'n Kinaare"[651] Nida to door se kalaam karne ko kehte hain, aur Musa ﷺ ne kalam ko waadi ke andar se suna tha. Phir farmaan hua: "Ek (1) Mubaarak Jagah Mein Ek (1) Darakht Se Aawaaz Di Gai"[652] yaane nida Buqa' mubaaraka mein darakhat ke paas se thi. Jaisa ke koi aadmi kehta hai ke maine Zaid ke kalaam ko ghar se suna. Ghar ka lafz ibteda-e-

[649] Al Eteqaad: P 97-98

[650] Surah-al-Qasas: 30
T: Tarjuma Ahsan-ul-Kalaam, Darussalam se liya gaya hai [RSB]

[651] Surah-al-Qasas: 30
T: Tarjuma Ahsan-ul-Kalaam, Darussalam se liya gaya hai [RSB]

[652] Surah-al-Qasas: 30
T: Tarjuma Ahsan-ul-Kalaam, Darussalam se liya gaya hai [RSB]

وَهَلْ قَالَ: إِنِ اِنِّيْ أَنَا اللهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ، غَيْرُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ؟ وَلَوْ كَانَ هٰذَا الْكَلَامُ بَدَأَ مِنْ غَيْرِ اللهِ لَكَانَ قَوْلُ فِرْعَوْنَ: أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلٰى صِدْقًا إِذْ كُلٌّ مِّنْ كَلَامَيْنِ عِنْدَهُمْ مَخْلُوْقٌ قَدْ قَالَهُ غَيْرُ اللهِ وَقَدْ فَرَّقُوْا بَيْنَ الْكَلَامَيْنِ عَلٰى أُصُوْلِهِمُ الْفَاسِدَةِ: أَنَّ ذَاكَ كَلَمُ اللهِ خَلَقَهُ اللهُ فِيْ الشَّجَرَةِ، وَهٰذَا كَلَامٌ خَلَقَهُ فِرْعَوْنُ! فَحَرَّفُوْا وَبَدَّلُوْا وَاعْتَقَدُوْا خَالِقًا غَيْرَ اللهِ.

ghaayat[653] ke liye hota hai, ye nahi ke ghar kalaam kar raha tha.

Agar ye kalam makhlooq hota aur darakht mein paida kiya gaya hota to darakht hi ye kehne waala hota ke aye Musa main hi Rabbul Aalameen hoo'n. Kya Rabbul Aalameen ke alaawa kisi aur ne kaha tha ke main Rabbul Aalameen hoo'n? Agar ye kalam ghairullah se zahir hua tha, to phir firaun ka ye kehna sach tha ke main tumhara sab se bada Rabb hoo'n!

Kyou'nke dono kalam jahmiyo'n ke yaha'n makhlooq aur dono ka qaael[654] ghairullah hai, lekin unho'n ne apne faasid usoolo'n ke mutaabiq un dono kalaamo'n mein farq kiya hai ke wo Allah ka kalaam the. Jise usne darakht mein paida kiya tha aur ye wo kalaam tha, jise firaun ne paida kiya tha! Unho'n ne terheef-o-tabaddul[655] se kaam liya hai aur ye eteqaad rakha hai ke Allah ke alaawa bhi koi Khaliq hai.[656]

Tambeeh:

Syedna Abdullah bin Masood ﷺ se mansoob hai:

رَأَيْتُ الشَّجَرَةَ الَّتِيْ نُوْدِيَ مِنْهَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ، سَمْرَةً خَضْرَاءَ

Maine us darakht ko dekha hai, jisse Musa ﷺ ko aawaaz di gait hi, wo sarsabz tha.[657]

Sanad sakht zaeef hai:

① Sufiyan bin Wakee jamhoor ke nazdeek "zaeef" hai.

② ③ Abu Muawiya aur Amash ﷺ dono "mudallis" hain, simaa ki tasreeh nahi ki.

④ Abu Obaida ne apne waalid se nahi suna.

Hafiz Ibne Hajar ﷺ farmate hain:

إِنَّهُ عِنْدَ الْأَكْثَرِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْهِ.

Jamhoor ke nazdeek Abu Obaida ne apne waalid (Ibne Masood ﷺ) se nahi suna.[658]

Lehaza Hafiz Ibne Kaseer ﷺ[659] ka iske baare mein "إِسْنَادُهُ مُقَارِبٌ" kehna durust nahi.

[653] T: (غايَت) Gharz, maqsad, matlab [Rekhta]
[654] T: (قائِل) Kehne waala, bolne waala [Rekhta]
[655] T: (تَبَدُّل) Badalna, tabdeeli [Rekhta]
[656] Sharah-al-Aqeeda at Tahaawiya: P174-175
[657] Tafseer Tabari: V19 P573
[658] Muwafaqah-al-Khubar-al-Khabar: V1 P364
[659] Tafseer Ibne Kaseer: V5 P17

Aqeeda-e-Hulool Aur Uske Khataraat

Allah Ta'ala apne arsh par hai, makhlooq se juda hai, ye Ahle Sunnat ka ijmaai-o-ittefaaqi aqeeda hai. Is ijmaae-o-ittefaaqi aqeeda ke khilaf baaz gumraho'n ka Allah Ta'ala ke baare mein ye aqeeda hai ke wo har jagah maujood hai. Baaz ye kehte hain ke wo makhlooq mein hulool kar gaya hai, yaane Khaliq aur makhlooq ka farq mit gaya hai. Ye dono aqeede Ijmaa Ahle Haq, Ahle Sunnat ke khilaaf hain. Aqeeda-e-Hulool ke mutaalliq ulama-e-ikram ki aara mulahaza farmae'n:

① Allama Abu Hamid Ghazali رحمہ اللہ (d 505h) kehte hain:

مِنْ هُنَا نَشَأَ خَيَالُ مَنِ ادَّعَى الْحُلُوْلَ وَالْإِتِّحَادَ وَقَالَ: أَنَا الْحَقُّ، وَحَوْلَهُ يُدَنْدِنُ كَلَامُ النَّصَارٰى فِيْ دَعْوَى اتِّحَادِ اللَّاهُوْتِ وَالنَّاسُوْتِ أَوْ تَدَرَّعَهَا بِهَا أَوْ حُلُوْلِهَا فِيْهَا عَلٰى مَا اخْتَلَفَ فِيْهِمْ عِبَارَتُهُمْ، وَهُوَ غَلَطٌ مَّحْضٌ.

Yaha'n se us shakhs ka khayal janam leta hai, jo hulool-o-ittehaad ka daawa karta hai aur kehta hai ke main hi Allah hoo'n. Laahoot ke naasoot mein muttahid ho jaane ya us mein chup jaane ya us mein hulool kar jaane ke baare mein nasara ka kalaam bhi isi ke lag-bhag hai. Agar-che is baare mein unki ibaaraat mukhtalif hain. Ye aqeeda saraasar ghalat hai.[660]

② Hafiz Iraqi رحمہ اللہ (d 806h) Ibne Arbi ke radd mein likhte hain:

أَمَّا قَوْلُهُ: (فَهُوَ عَيْنُ مَا ظَهَرَ وَعَيْنُ مَا بَطَنَ)، فَهُوَ كَلَامٌ مَّسْمُوْمٌ ظَاهِرُهُ الْقَوْلُ بِالْوَحْدَةِ الْمُطْلَقَةِ، وَأَنَّ جَمِيْعَ مَخْلُوْقَاتِهِ هِيَ عَيْنُهُ، وَيَدُلُّ عَلٰى إِرَادَتِهِ لِذٰلِكَ صَرِيْحًا قَوْلُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَهُوَ الْمُسَمّٰى أَبَا سَعِيْدٍ الْخَرَّازَ، وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنْ أَسْمَاءِ الْمُحْدَثَاتِ، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ: (وَالْمُتَكَلِّمُ وَاحِدٌ، وَّهُوَ عَيْنُ السَّامِعِ)، وَقَائِلُ ذٰلِكَ الْمُعْتَقِدُ لَهُ كَافِرٌ بِإِجْمَاعِ الْعُلَمَاءِ.

Raha Ibne Arbi ka ye kehna ke wo (Allah Ta'ala) haazir-o-baatin ka aen hai, ye zehrila kalaam hai. Zaahiri taur par ye mutlaq wahad (wahdat-ul-wujood) par dalaalat karta hai, uske mutaabiq tamaam makhluqaat Allah hi ka wujood hain. Uski daleel iske baad uska ye qaul hai ke usi (Allah) ka naam Abu Saeed-al-Kharaaz hai aur uske alaawa kai mohdasaat[661] ke naam. Isi tarah iske baad uska qaul hai ke mutakallim[662] ek (1) hi hai, wo wohi aen saame'[663] hai. Aise qaul ka qaael aur aise aqeede ka muaqqad ulama-e-ikraam ke ijmaa ke mutaabiq kaafir hai.[664]

③ Mash-hoor Mufassir aur Nahwi Abu Haiyyan-al-Andalusi (d 745h) likhte hain:

"Zaahiri taur par islaam ka libaada odh kar soofiyat ki taraf mansoob hone waale logo'n aur hulool-o-ittehaad ka mazhab rakhne waale mulhideen ne nasraniyo'n ke baaz aqaaed se Allah ka haseen soorato'n mein hulool karna istembaat[665] kiya hai, jaisa ke (Hussain bin Mansoor) Hallaaj, Shoozi, Ibne Ahli, Damishq mein rehne waala Ibne Arbi, Ibne Faariz aur unke pairukaar hain. Masalan Ibne Sab-een (ابن سبعين), uska shagird Tastari Mareesiya ka baashinda Ibne Mutraf, gharnata mein qatl kar diya jaaenw aala Safaar, Ibnul Lubaaj, Bloorqa ka rihaaishi Abul Hasan hain".

"Aur is mal-oon mazhab (hulool-o-wahdat-ul-wujood) ke haamileen mein se jo ham ne dekhe hain, un mein se Afeef Tilismaani hai, uske baare mein bohot se ashaar bhi hain aur damishq mein muqeem siyaah rang ka be-smar Ibne Ayaash Maalqi, Saeed-e-Masr ka rihaaishi Abdul Wahid bin-al-Mukhar, wo Aiki Ajmi, jo dayaar-e-masr mein qahira

[660] Ahya Uloom ud Deen: V2 P292
[661] T: (مُحدَثات) Ejaad ki hui ya banaai hui ashiya, makhluqaat [Rekhta]
[662] T: (مُتَكَلِّم) Kalaam karne waala, guftagu karne waala, bolne waala [Rekhta]
[663] T: (سامِع) Sunne waala shakhs [Rekhta]
[664] Tambeeh-ul-Ghabee Alaa Takfeer Ibne Arbi (Masra' at Tasawwuf) lil Baqaai: P64
[665] T: (اِسْتِنْباط) Chand baato'n ko milaa kar aqal ki madad se koi natija akhaz karna [Rekhta]

ki khanqaah-e-saeed us saada ke mashaaekh ka mutawalli bana tha, aur Tastari ka shagird Abu Yaqoob bin Mubasshir, jo ke haara zuwaila ka bashinda tha".

"Allah jaanta hai ke maine ye naam deeni khair-khwahi aur (aqeeda mein) kamzor musalmano par (gumrahi ka) dar mehsoos karte hue zikr kiye hain. Unhe'n bachna chaahiye, kyou'nke mazkoora log un falsafi logo'n se bhi badtar hain, jo Allah aur uske Rasoolo'n ki takzeeb karte hain. Kaenaat ko qadeem kehte hain aur qiyamat ka inkaar karte hain. Baaz jaahil log, jo tasawwuf ke naam lewa hain, wo in logo'n ki taazeem ke dil-daada hain aur ye daawa karte hain ke ye log Allah Ta'ala ke muntakhab aur auliya hain".

"Nasraniyo'n, hulool ka aqeeda rakhne waalo'n aur wahadat-ul-wujood ke qaaileen ka radd karna asool-e-deen ke ilm se ek (1) ilm hai".[666]

④ Shaikh-ul-Islam Allama Ibne Taimiya ؒ (d 728h) farmate hain:

"Jahmiyya ke aqwaal nasara ke aqwaal se bhi badtar hain, un mein usi tarah ka tanaaquz[667] hota hai, jis tarah ka tanaaquz nasaara ke aqwaal mein hota hai. Yehi wajah hai ke wo kabhi hulool ka daawa karte hain, kabhi wahdat-ul-wujood ka aur kabhi ittehaad ka. Ye mazhab khud mutanaaquz hai. Isi liye jo usey samajh nahi paata, usi par wo talbees karte hain".

"Ye zaahiri-o-baatini taur par sab ka sab kufr hai, is par har musalman ka ijma hai. Aur jo in logo'n ke aqwaal ko jaan kar aur deen-e-islaam ki maa'rifat haasil karke phir unke kufr mein shak kare, wo bhi kaafir hai, jaisa ke yahood-o-nasaara aur mushrikeen ke kufr mein shak karne waala kaafir hota hai".[668]

⑤ Qazi Ayaaz ؒ (d 544h) likhte hain:

ذٰلِكَ كُفْرٌ بِإِجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ، كَقَوْلِ الْإِلٰهَيْنِ مِنَ الْفَلَاسَفَةِ وَالْمُنَجِّمِيْنَ وَالطَّبَائِعِيِّيْنَ، وَكَذَالِكَ مَنِ ادَّعٰى مُجَالَسَةَ اللّٰهِ وَالْعُرُوْجَ وَمَكَالَمَتَهُ أَوْ حُلُوْلَهُ فِيْ أَحَدٍ مِّنَ الْأَشْخَاصِ كَقَوْلِ بَعْضِ الْمُتَصَوِّفَةِ وَالْبَاطِنِيَّةِ وَالنَّصَارٰى وَالْقَرَامِطَةِ.

Ye (aqeeda-e-wahdat-ul-wujood) musalmano ke ijmaa ke saath kufr hai, ye usi tarah hai jaise falsafiyo'n, nujoomiyo'n, aur nechariyo'n ka do (2) ilaahio'n ka isbaat karna. Isi tarah jo Allah se ham-nashini, urooj aur ham-kalaami ya Allah Ta'ala ke kisi mein husool kar jaane ka daawa kare, (wo bhi ijmaai taur par kaafir hai). Jaisa ke baaz soofiyo'n, baatiniyo'n, nasaara aur qaraamata ka kehna hai.[669]

⑥ Hafiz Siyuti ؒ (d 911h) likhte hain:

اَلْقَوْلُ بِالْحُلُوْلِ وَالْاِتِّحَادِ الَّذِيْ هُوَ أَخُوْ الْحُلُوْلِ أَوَّلُ مَنْ قَالَ بِهِ النَّصَارٰى، إِلَّا أَنضَّهُمْ خَصُّوْهُ بِعِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ أَوْ بِهِ وَبِمَرْيَمَ أُمِّهِ وَلَمْ يُعَدُّوْهُ إِلٰى أَحَدٍ، وَخَصُّوْهُ بِاتِّحَادِ الْكَلِمَةِ دُوْنَ الذَّاتِ بِحَيْثُ إِنَّ عُلَمَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ سَلَكُوْا فِيْ الرَّدِّ عَلَيْهِمْ طَرِيْقَ إِلْزَامِهِمْ بِأَنْ يَقُوْلُوْا بِمِثْلِ ذٰلِكَ فِيْ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَفِيْ الذَاتِ أَيْضًا،

Hulool aur Hulool se milte julte aqeede ittehaad ka mazhab sab se pehle nasaara ne ikhteyar kiya tha. Lekin unho'n ne uske saath Isa ؑ ko khaas kiya tha, ya unke saath aur unki waalida Maryam ؑ ke saath, phir unho'n ne is ko ittehaad-e-kalma ke saath khaas kiya tha, ittehaad-e-zaat ke saath nahi. Is tarah ke musalman ulama-e-ikraam ne unka radd karne ke liye unko ilzaam diya tha ke wo aisi baat Musa ؑ ke baare mein aur zaat ke baare mein bhi kahe'n, lekin wo un dono mein se koi baat bhi nahi kehte. Jab unho'n ne us cheez ka baatil

[666] Al Bahr-ul-Muheet: V3 P448

[667] T: (تَناقُض) Tazaad, ikhtelaaf, ek-doosre ki zidd hona [Rekhta]

[668] Majmua Fatawa: V2 P368

[669] Ash Shifa Bi Taareef Huqooq-ul-Mustafa: V2 P585-586

وَهُمْ لَا يَقُوْلُوْنَ بِالْأَمْرَيْنِ، وَإِذَا سَلَّمُوْا بُطْلَانَ ذٰلِكَ لَزِمَ إِبْطَالُ مَا قَالُوْهُ.

hona tasleem kar liya, to unke qaul ka butlaan khud hi ho gaya.

أَمَّا الْمُتَوَسِّمُوْنَ بِسِمَةِ الْإِسْلَامِ فَلَمْ يَبْتَدِعْ أَحَدٌ مِّنْهُمْ هٰذِهِ الْبِدْعَةَ وَحَاشَاهُمْ مِنْ ذٰلِكَ، لِأَنَّهُمْ أَذْكٰى فِطْرَةً وَّأَصَحُّ لُبًّا مِّنْ أَنْ يَّمْشِيَ عَلَيْهِمْ هٰذَا الْمُحَالُ، وَإِنَّمَا مَشٰى ذٰلِكَ عَلَى النَّصَارٰى لِأَنَّهُمْ أَبْلَدُ الْخَلْقِ أَذْهَانًا وَّأَعْمَاهُمْ قُلُوْبًا.

Rahe islam ke naam lewa, to un mein se kisi ne bhi ye bidat jaari nahi ki, Allah unko mehfooz rakhe, kyou'nke wo (musalman) fitrat ke etebaar se ziyaada paakiza aur zehen ke etebaar se ziyaada sehatmand hain, ke un par is tarah ki haalat aae. Ye soorat-e-haal to nasaara ko hi pesh aai thi, kyou'nke wo sab logo'n se kund-zehen aur baddimaagh waaqe hue hain.

غَيْرَ أَنَّ طَائِفَةً مِّنْ غُلَاةِ الْمُتَصَوِّفَةِ نُقِلَ عَنْهُمْ أَنَّهُمْ قَالُوْا بِمِثْلِ هٰذِهِ الْمَقَالَةِ وَزَادُوْا عَلَى الْنَّصَارٰى فِيْ تَعْدِيَةِ ذٰلِكَ، وَالْنَّصَارٰى قَصَرُوْهُ عَلٰى وَاحِدٍ، فَإِنْ صَحَّ ذٰلِكَ عَنْهُمْ فَقَدْ زَادُوْا فِيْ الْكُفْرِ عَلَى الْنَّصَارٰى.

Albatta ghaali soofiyo'n ke ek (1) giroh ke baare mein is tarah ki baat bayaan ki gai hai ke unho'n ne bhi is tarah ki baat kahi hai aur is baat mein nasara se bhi badh gae hain, ke unho'n ne is (ittehaad-o-hulool) ko aam kar diya hai, jabke nasara usey ek (1) hi shakhs apr band karte the. Agar ye qaul in (soofiyo'n) se saabit ho jaae to wo kufr mein nasara se bhi badh gae hain.[670]

⑦ Qaazi Maawardi Kehte Hain:

اَلْقَائِلُ بِالْحُلُوْلِ وَالْاِتِّحَادِ لَيْسَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِالْشَّرِيْعَةِ، بَلْ فِيْ الْظَّاهِرِ وَالْتَّسْمِيَةِ، وَلَا يَنْفَعُ الْتَّنْزِيْهُ مَعَ الْقَوْلِ بِالْاِتِّحَادِ وَالْحُلُوْلِ، فَإِنَّ دَعْوَى الْتَّنْزِيْهِ مَعَ ذٰلِكَ إِلْحَادٌ.

Hulool-o-ittehaad ka qaael shariyat ko maane waale musalmano mein se nahi hai, balke zaahiri taur par aur naam ka musalman hai. Ittehaad-o-hulool ke qaul ke saath tanziya[671] faaeda nahi deti, kyou'nke is aqeede ke saath-saath tanziya to ilhaad[672] hai.[673]

⑧ Allama Abdul Aziz bin Abdus Salam ؒ (d 660h) apni kitab Al Qawaaed-ul-Kubra mein likhte hain:

مَنْ زَعَمَ أَنَّ الْإِلٰهَ يَحِلُّ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ أَجْسَادِ الْنَّاسِ أَوْ غَيْرِهِمْ فَهُوَ كَافِرٌ، لِأَنَّ الْشَّرْعَ إِنَّمَا عَفَا عَنِ الْمُجَسِّمَةِ لِغَلَبَةِ الْتَّجْسِيْمِ عَلَى الْنَّاسِ فَإِنَّهُمْ لَا يَفْهَمُوْنَ مَوْجُوْدًا فِيْ غَيْرِ جِهَةٍ.

Jo ye daawa karta hai ke Allah logo'n ya doosri makhluqaat ke jismo'n mein se kisi jism mein husool kar jaata hai, to kaafir hai, kyou'nke (Baaz logo'n ke nazdeek) shariyat ne tajseem[674] ke qaael logo'n se dar-guzar kiya hai, kyou'nke logo'n par tajseem ghaalib hai, log kisi cheez ko simt ke baghair maujood nahi samajhte.

بِخِلَافِ الْحُلُوْلِ فَإِنَّهُ لَا يَعُمُّ الْاِبْتِلَاءُ بِهِ وَلَا يَخْطُرُ عَلٰى قَلْبِ عَاقِلٍ فَلَا يُعْفٰى عَنْهُ.

Bar-khilaaf hulool ke aqeede ke, ke us mein mubtala hona ziyaada nahi, na hi kisi aqalmand ke dil mein aisa khayal hi aasakta hai, lehaza usse (bil-ittefaaq) darguzar nahi kiya jaaega.[675]

---

[670] Tanzeeh-ul-Eteqaad An-al-Hulool wal Ittihaad, Al Mundarij Fee-al-Haawi lil Fatawa: V2 P122-123

[671] T: (تَنْزِيَه) Ikhtelaat-e-faasida ko khaarij karna, purification [Urduinc]

[672] T: (اِلْحَادْ) Kufr [Rekhta]

[673] Al Haawi lil Fatawa lis Suyuti: V2 P125

[674] T: (تَجْسِيم) Allah ke mujassam hone ka aqeeda (jo musalmano ke nazdeek saheeh nahi), mujassam hone ki haalat ya kafiyat [Rekhta]

[675] Al Haawi lil Fatawa lis Suyuti: V2 P126

Hafiz Suyuti رحمہ اللہ ye qaul zikr karne ke baad likhte hain:

قُلْتُ: مَقْصُوْدُ الْشَّيْخِ أَنَّهُ لَا يَجْرِيْ فِيْ تَكْفِيْرِهِمُ الْخِلَافُ الَّذِيْ جَرٰى فِيْ الْمُجَسِّمَةِ، بَلْ يَقْطَعُ بِتَكْفِيْرِ الْقَائِلِيْنَ بِالْحُلُوْلِ إِجْمَاعًا، وَإِنْ جَرٰى فِيْ الْمُجَسِّمَةِ خِلَافٌ.

Shaikh (Izzuddin) ka maqsood ye hai ke hulool ka aqeeda rakhne waalo'n ko kaafir qarar dene mein koi ikhtelaaf waaqe nahi hua, jaisa ke tajseem ke qaael logo'n ki takfeer mein waaqe ho gaya tha, balke hulool ka aqeeda rakhne waalo'n ko ijmaai taur par qat-an kafir kaha jaaega. Agar-che tajseem ke qaaileen ke baare mein ikhtelaaf raha hai.[676]

⑨ "Meyaar-ul-Murideen" ke musannif Abu Muhammad Abdullah bin Muhammad Noori kehte hain:

اَلْدَّلِيْلُ عَلٰى بُطْلَانِ اتِّحَادِ الْعَبْدِ مَعَ اللّٰهِ تَعَالٰى أَنَّ الْإِتِّحَادَ بَيْنَ مَرْبُوْبَيْنِ مُحَالٌ، فَإِنَّ رَجُلَيْنِ مَثَلًا لَّا يَصِيْرُ أَحَدُهُمَا عَيْنَ الْآخَرِ لِتَبَايُنِهِمَا فِيْ ذَاتَيْهِمَا كَمَا هُوَ مَعْلُوْمٌ.

Bande ke Allah Ta'ala ke saath ittehaad ke baatil hone par daleel ye hai ke do (2) makhlooq cheezo'n ke darmiyan ittehaad muhaal[677] hai, kyou'nke misaal ke taur par do (2) aadmi ho'n, to un mein se ek (1), doosre ke aen (zaat) nahi ho sakta. Kyou'nke wo zaat mein mukhtalif hain, jaisa ke maaloom hai.

فَالْتَّبَايُنُ بَيْنَ الْعَبْدِ وَالْرَّبِّ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى أَعْظَمُ، فَإِذَنْ أَصْلُ الْإِتِّحَادِ بَاطِلٌ مُحَالٌ مَّرْدُوْدٌ شَرْعًا وَّعَقْلًا وَّعُرْفًا.

Lehaza bande aur Rabb Subhanahu wa Ta'ala ke darmiyan tabaayun[678] ziyaada bada hai, chunahce ittehaad ki asal hi baatil hai aur aqalan-o-shar-an-o-urfan mardood hai.

بِإِجْمَاعِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ وَمَشَايِخِ الْصُّوْفِيَّةِ وَسَائِرِ الْعُلَمَاءِ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَلَيْسَ هٰذَا مَذْهَبَ الْصُّوْفِيَّةِ وَإِنَّمَا قَالَهُ طَائِفَةٌ غُلَاةٌ لِّقِلَّةِ عِلْمِهِمْ وَسُوْءِ حَظِّهِمْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى، فَشَابَهُوْا بِهٰذَا الْقَوْلِ الْنَّصَارٰى الَّذِيْنَ قَالُوْا فِيْ عِيْسٰى عَلَيْهِ الْسَّلَامُ: اتَّحَدَ نَاسُوْتُهُ بِلَاهُوْتِهِ.

Is par Ambiya-e-Ikraam, Auliya, Mashaaekh-e-Soofiya, Tamaam Ulama aur aam musalmano ka ijma hai. Ye (aqeeda) soofiya ke mazhab mein nahi hai, ye baat to ek (1) ghaali giroh ne kam-ilmi aur Allah Ta'ala se taalluq ki kamzori ki wajah se kahi hai. Ye keh kar wo un nasara ke mushaaba ho gae hain, jinho'n ne Isa (A) ke baare mein ye kaha tha ke unka naasoot[679] aur laahoot[680] muttahid ho gaya hai.[681]

[676] Al Haawi lil Fatawa: V2 P126

[677] T: (مُحال) Jis ka hona mumkin na ho, naa-mumkin [Rekhta]

[678] T: (تَبايُن) Ikhtelaaf, farq [Rekhta]

[679] T: (ناسُوْت) Aalam-e-ajsaam, duniya [Rekhta]

[680] Laahoot T: (لَاہُوْت) Aalam Zaat-e-Ilaahi jis mein saalik () ko fanaa-fillah ka muqaam haasil hota hai, wo hayaat jo ashiya-e-naasoot mein saari-o-taari hai, jis ka mahal rooh hai, nez martaba-e-zaat [Rekhta] Saalik=Raah-e-Tariqat par chalne waala, jo kisi murshid ke zer-e-hidaayat ho soofi majzoob ke muqaable mein [Rekhta]

[681] Al Haawi lil Fatawa lis Suyuti: V2 P126

Aqeeda-e-Hulool Ke Khataraat

① Agar Khaliq-o-makhlooq ka ek (1) hi wujood ho, to Khaliq makhlooq ko kisi cheez ka hukum kaise dega aur kisi cheez se manaa kaise karega?

② Agar Khaliq-o-makhlooq ka ek (1) hi wujood ho, to us mein Takhleeq-e-Ilaahi ka inkaar hai, kyou'nke koi apna Khaliq nahi ho sakta.

③ Aqeeda-e-Hulool se Allah ke Maalik-ul-Mulk hone ki nafi laazim aati hai, kyou'nke koi khud apn amaalik nahi ho sakta.

④ Is aqeeda se laazim aata hai ke Allah Ta'ala kisi ko rizq nahi deta, na hi kisi ko hidayat waghaira deta hai, kyou'nke uske siwa koi wujood hi nahi.

⑤ Is aqeeda se ye kharabi laazim aati hai ke Allah Ta'ala hi roza rakhta hai, qiyaam karta hai, rukoo-o-sujood karta hai, aur maut-o-marz ka shikar hota hai.

⑥ Is aqeede ke mutaabiq butho'n ke pujariyo'n ne Allah hi ki ibaadat ki thi, kyou'nke uske siwa koi wujood hi nahi.

⑦ Jis ne uloohiyat ka daawa kiya. Masalan: Firaun, Dajjal waghaira, is aqeede ke mutaabiq unka daawa bar-haq hai.

⑧ Shaitan ya khwahish ka har pujari Allah Ta'ala ka ibaadat-guzaar hai, kyou'nke unke nazdeek shaitan koi mustaqil wujood nahi hai.

⑨ Aqeeda-e-Hulool se laazim aata hai ke kutte, khinzeer waghaira bhi Ilaah hain. Kyou'nke wahdat-ul-wujood ke mtuaabiq unka apna koi wujood nahi, balke sab ek (1) hi wujood hain.

⑩ Isse aqli taur par muhaal cheezo'n ka eteqaad laazim aata hai, kyou'nke agar Allah ke siwa baaqi wujood muttahid ho'n, to teen (3) soorate'n banti hain. Ek (1) ye ke doosri ka wujood bhi baaqi rahega, is tarah to wujood do (2) ho jaae'nge. Doosri soorat ye ke dono ma'doom[682] ho jaae'n, is tarah ek (1) teesri cheez wujood emin aajaaegi. Teesri soorat ye hai ke ek (1) baaqi rahe aur doosri ma'doom ho jaae, is tarah ittehaad hoga hi nahi.

⑪ Is aqeede se fitrat-o-sharaae[683] ki mukhalifat laazim aati hai, kyou'nke kisi aasmaani shariyat ne isko jaaez qaraar nahi diya, na hi aql-e-saleem iski ijaazat deti hai.

Baaz gumrah log kehte hain ke insaan ibaadat ke zariye is darje par pohonch jaata hai ke usey duniya-jahaan ki har cheez mein Allah nazar aane lagta hai, ya wo har makhlooq ko Allah samajhne lagta hai. Soofiyo'n ki istelaah mein is aqeeda ko "Wahdat-ul-Wujood" kehte hain. Ibaadat mein mazeed taraqqi se insaan Allah ki zaat mein daakhil ho jaata hai. Phir Allah aur insan dono ek (1) ho jaate hain, is aqeede ko "Wahdat-ush-Shuhood" ya "Fanaa Fillah" kaha jaata hai. Insan ke dil ka aaina is qadar saaf-shaffaaf ho jaata hai ke Allah ki zaat khud us insaan mein daakhil ho jaati hai. Jise "Aqeeda-e-Hulool" kaha jaata hai. Ye mehez kufriya aqeeda hai, jo nasara ke aqaaed se maakhuz[684] hai. Quran-o-Hadees aur fitrat ke qatai khilaf hai.

---

[682] T: (مَعْدُوم) Fanaa, ghaayab, ghair-maujood [Rekhta]

[683] T: (شَرَائع) Shariyat ki jamaa, deeniyaat [Rekhta]

[684] T: (ماخُوذ) Akhaz kiya hua, jo cheez kaheen se li gai ho, liya gaya [Rekhta]

Maazi-qareeb Mein Aqeeda Wahdat-ul-Wujood Ke Qaaileen

Janab Nisar Ahmad Khan Fathi Khalifa Majaaz Qari Fatah Muhammad Paanipati likhte hain: “Tamaam soofiya hazraat wahdat-ul-wujood ke qaael hain, yaane wo Haq Ta’ala ke wujood ke alaawa har wujood ki nafi karte hain aur la-maujood ilallah kehte hain aur is aalam mein jo ashiya ki kasrat nazar aarahi hai, usko kehte hain ke unka apna alag koi wujood nahi hai, balke ye sab kaaenaat aur ashiya-e-kaaenaat Haq Ta’ala hi ke wujood ke mazaahir hain aur uske asma-o-sifaat ke jalwa-gaah hain”.

“Be-shaaeba tanazzul aur taghaiyyur-o-tabaddul ke gumaan ke baghair jis tarah saaya ka kisi shakhs ka zameen par ho, to ye nahi keh sakte ke wo saaya us shakhs ke saath muttahid hai, ya us shakhs ka aen hai, ya wo shakhs tanazzul karke saaya ki soorat mein zaahir houa hai, balke wo shakhs apni asaalat[685] ki haalat mein hai aur saaya usse be-shaaeba tanazzul-o-taghaiyyur-o-wujood mein aaya hai”.

“Shaikh Muhiuddin Ibne Arbi ka maslak ye hai ke Allah ke siwa har cheez ma’doom[686] hai aur wujoood sirf ek (1) Zaat-e-Baari Ta’ala ka hai, aur uske alaawa jo kuch nazar aata hai, wo sab uski Zaat-e-Paak ka aen[687] hai. Uska apna alag koi wujood nahi”.[688]

Note: Is kitab par Mufti Muhammad Yusuf Ludhiyanwi, Mufti Abdul Sattar (Ustaz Jaamia Khair-ul-Madaaris, Multan) aur Syed Raziuddin Ahmad Fakhri ki taqareez[689] hain.

Nez likhte hain:

“Aeniyyat-o-Ghairiyyat: Ye do (2) istelaahe’n bhi masla-e-wahdat-ul-wujood ki badi ahem istelahaat hain. Aen ke maane hain do (2) cheezo’n ka ek (1) jaisa hona. Soofiya-e-Wujoodiya Khaliq aur makhlooq mein aeniyyat saabit karte hain aur kehte hain ke Haq Ta’ala Waajib-ul-Wujoob ke siwa aur wujood nahi aur jo kuch aalam mein nazar aaraha hai, wo Haq Ta’ala ke wujood se koi alag wujood nahi rakhta. Makhlooq kyou’n ke Khaliq ki sifat-e-khalq ka mazhar hai aur sifat mausoof[690] se judaa nahi ho sakti, is liye makhlooq bhi Khaliq se juda nahi ho sakti. Is liye makhlooq bhi Khaliq se juda nahi”.

“Chunache Maulana Jaami Laahae bast-o-panjum mein is baat ko is tarah bayaan karte hain: Pas ye kaaenaat Haq Ta’ala ka zaahir hai aur Haq Ta’ala uska baatin hai. Ye kaaenaat zuhoor se pehle aen Haq Ta’ala thi aur Haq Ta’ala baad-az-zuhoor aen kaaenaat hai. Haqeeqat main hasti ek (1) hai aur zuhoor[691]-o-butoon[692] aur awwal hona aur aakhir hona mehez etebaari aur izaafi hai, jaisa ke Quran mein Haq Ta’ala ne farmaya: “هو الاول والأخر والظاهر والباطن”[693] Khaliq-o-Makhlooq ki is nisbat-e-aeniyyat ko baaz gumrah aur juhala ne lughawi aur haqeeqi samjha aur khud gumrah hue aur hazaaro’n ko gumrah kiya”.

“Wahdat-ul-Wujood ki tashreeh karte hue Haji Imdadullah Muhajir Makki farmate hain: Kaifiyat aeniyyat-o-ghairyyat ka jaanna waajib hai, kyou’nke jab tak usse waaqfiyyat na hogi, masla-e-wahdat-ul-wujood ki kaifiayat samajh mein nahi aaegi. Jo log masla-e-wahdat-ul-wujood mein ghaur-o-hoz karne ki wajah se zindiqiyat mein padh kar gumrah hue. Wo sabab masla aeniyyat-o-ghairiyyat na jaanne ki wajah se hue aur jis shakhs ne awwalan do (2) amr tehqeeq kar liye, tamaam masaael jaanna uske liye aasaan ho gaya”.

---

[685] T: (اَصالَت) Asliyat, khalqi wasf [Rekhta]
[686] T: (مَعْدُوم) Fanaa, ghaayab, ghair-maujood [Rekhta]
[687] T: (عَين) Mazhar, aks, zill, hoo-ba-hoo [Rekhta]
[688] Aaina-e-Sulook: P110
[689] T: (تَقْرِيظ) Taqreez ki jamaa, musannif ke alaawa kisi aur ka kisi kitaab ya mazmoon waghaira par apni raae zaahir karna (aam taur par taareefi aur taaeedi raae) jo kitaab ke aaghaaz ya ikhtetaam mein shaamil ho [Rekhta]
[690] T: (مَوصُوف) Jis mein koi wasf paaya jaae, wasf rakhne waala, muttasif [Rekhta]
[691] T: (ظُہُور) Zaahir hona, numaaya’n hona, jalwa [Rekhta]
[692] T: (بُطُون) Raaz, bhed, haal, iraada [Rekhta]
[693] T: Urdu pdf mein baghair harakaat ke hi likha hai. هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ (Surah-al-Hadeed: 3)

“Agar-che masla aeniyyat-o-ghairiyyat tanzilaat-e-sitta jaanne se mutaalliq hai, lekin faqeer is tawaalat mein mashghool nahi hota. Mukhtasaran arz karta hai ke Abd-o-Rabb mein aeniyyat-o-ghairiyyat dono mutahaqqaq[694] hain. Wo ek (1) wajah se aur ye ek (1) wajah se. Masalan koi mehez apne ird-gird kai aaine rakh le, to har aaine mein zaat-o-sifaat uski be-aenihi numudaar ho’ngi, misl shaadmaani, ghamgeeni, hansi,-o-girya waghaira bhi aaine ke aks mein zaahir hota hai. Is sabab se keh sakte hain ke atks us shakhs ka aen hai. Magar aeniyyat istelaahi aur etebaar hai, lughawi nahi. Agar lughawi hoti to jo kaifiyat aks par guzarti, wohi shakhs par bhi guzarna waajib hota, lekin aks par agar patthar maara jaae ya koi najaasat daali jaae, to shakhs ko usse koi zarar nahi pohonchega, aur na wo najaasat se paleed hoga. Balke wo apne haal par in nuqsanaat se mubarra-o-munazza hi rahega, to is tarah se ghairiyyat istelaahi saabit hoti hai”.

“Pas shakhs aur aks mein aeniyyat-o-ghairiyyat dono paai gai, is tarah abd-o-rabb mein bhi aeniyyat aur ghairiyyat dono paai jaati hain. Jaanna chaahiye ke abd-o-rabb mein aeniyyat haqeeqi lughawi ka jo eteqaad rakhe aur ghairiyyat ka inkaar kare, wo mulhid-o-zindeeq hai. Kyou’nke is aqeede se aabid-o-maabood, saajid-o-masjood ka kuch farq nahi rehta, aur ye ghair-waaqe hai, nauzubillah min zaalik!”.

Phir is masla ki mazeed wazaahat karte hue Hazrat Haji Imdadullah qaddas sirrahu farmate hain: “Is jagah ek (1) tamseel-e-lateef yaad aai, banda qabl wujood khud baatin-e-khuda tha, aur khuda zaahir banda. Kant kanza makhfiya is par daleel hai. Haqaaeq koniya zaat-e-mutlaq mein mundaraj-o-makhfi the aur sirf apni zaat par zaahir the, phir jab zaat ne chaha ke zuhoor doosri nahaj par ho, to ayaan[695] ko unke libaas-e-qaabiliyyat mein apni tajalli ke jalwe se zaahir farmaya aur khud shiddat-e-zuhoor se unki nigah se makhfi ho gaya. Jaise takhm ke darakht ma’ tamaam shaakho’n, patto’n aur phal-phoool ke us mein chupa hua tha, goya takhm-bil-fe’l (تخم بالفعل) tha, aur shajar bilqawah. Jab takhm ne apne baatin ko zaahir kiya, khud chup gaya, ab jo dekhta hai, darakht hi dekhta hai, takhm dikhaai nahi deta. Agar ghaur karo to takhm darakht ki soorat par zaahir hua, har chand ke ek (1) wajah se takhm aur darakht ek (1) hai, judaai nahi, aeniyyat paai jaati hai”.[696]

Allama Abdul Hameed Khan Sawaati, baani Madrasa Nusratul Uloom, Gujrawala kehte hain:

“Ye baat kis qadr afsosnaak hai aur kis qadr laa-ilmi ki baat hai ke ye kaha jaae ke ulama-e-deoband wadat-ul-wujood ke qaael nahi the. Ulama-e-deoband aur unke muqtada peshwa hazrat bhi is masla ke badi shadd-o-madd[697] se qaael the”.[698]

Allama Ashraf Ali Thanwi Sahab kehte hain:

“Wahdat-ul-Wujood ke ye maane hain ke khuda ke siwa koi doosra mustaqil wujood na samjha jaae. Is silsila mein farmaya ke Hazrat Haji (Imdadullah Makki) Sahab ne Maulwi Ahmad Hasan Sahab ke jawaab mein farmaya ke Shaikh Aen Rasool hai. Balke aen haq hai, nahi soorat-e-haq hai. Hazrat Haji Sahab ki aadat thi, majlis mein idhar-udhar dekh kar farmate, koi ghair to nahi. Ek (1) martaba is jumla par baar-baar farmate rahe, ghair kahaa’n, ghair kaha’n. Ham ko Hazrat Haji Sahab ka mazaaq maaloom tha ke Hazrat par wahdat-ul-wujood ka ghalba tha”.[699]

Thanwi Sahab mazeed likhte hain:

“Hazrat Bayazeed ke haalaat mein likha hai ke wo ghalba-e-shukar mein ye farmate the: “سُبْحَانِيْ مَا أَعْظَمَ شَانِيْ” mureedo’n ne arz kiya ke Hazrat ghalba ki haalat mein ye kalma farmate hain, farmaya ke main bura karta hoo’n. Ab ki martaba agar aisa kalma meri zabaan se nikle, to churiyaa’n lekar baith jaao, mujh par hamla karke khatam kar dena, chunache aisa hi hua. Un buzurg par phir ghalba hua aur zabaan se wohi “مضا أَعْظَمَ شَانِيْ” nikla. Murideen ne chaar (4) taraf se hasb-ul-hukum hamla kiya. Magar khud hi sab zakhmi ho gae, buzurg ko hosh hua aur zakhmiyo’n ko dekh kar dariyaaft kiya ke ye kya qissa hai? Hamla nahi kiya. Arz kiya gaya: Waah hazrat acchi tadbeer batlaai, hame’n hi khatam karaaya hota aur tamaam waaqia zaahir kiya. Farmaya: to bas isse maaloom hua ke wo baat main

---

[694] T: (مُتَحَقَّق) Saabit shuda, yaqeeni, mustanad, bilkul sach [Rekhta]

[695] T: (اعیان) Haqaaeq-e-aalam ki soorate’n jo ilm-e-Baari Ta’ala mein hain, taenaat aur ajsaam jo wujood-e-zaat ke mazaahir hain [Rekhta]

[696] Aaina-e-Sulook: P113-114

[697] T: (شَدّ و مَد) Shiddat, josh-o-kharosh [Rekhta]

[698] Maqalaat-e-Sawaati: Hissa Awwal: P376

[699] Malfuzaat Hakeem-ul-Ummat: V15 P203

nahi kehta. Agar kehta to saza ka mustahiq hota. Kehne waala koi aur hi hai. Phir uski taujeeh mein farmaya ke dekhiye Hazrat Musa ﷺ jis waqt koh-e-toor par haazir hue, to shajr-e-toor se aawaaz aai: "أَنِّيْ أَنَا اللهُ" jab shajr mein mazhar hone ki ehliyat ho sakti hai, to agar insan mazhar ho jaawe to is mein kya bo'd[700] hai".[701]

Haaji Imdadullah Muhajir Makkai kehte hain: "Wilayat khuda hi mein fana hone aur apni baqaa ko khuda ki baqa se aur apne zuhoor ko khuda ke zuhoor se haasil karne ko kehte hain".[702]

Faaeda:

Allama Ashraf Ali Thanwi Sahab, Haji Imdadullah Muhajir Makki ke baare mein kehte hai: "Hazrat Sahab رحمہ اللہ ke wohi aqaaed hain, jo ahle haq ke hain".[703]

Allama Rasheed Ahmad Gangohi ne Haji Imdadullah Muhajir Makki Sahab ko khat likha: "Ya Allah maaf farmana! Ke hazrat ke irshad se tehreer hua hai. Jhoota hoo'n, kuch nahi hoo'n, tera hi zil hai, tera hi wujood hai, main kya hoo'n, kuch nahi hoo'n aur wo jo main hoo'n, wo tu hai main aur aur tu khud shirk-dar-shirk hai".[704]

Allama Rasheed Ahmad Gangohi Sahab kehte hain:

"Zaamin Ali Jalalabadi ki Saharanpur mein bohot randiya'n mureed thee'n. Ek (1) baar ye Saharanpur mein kisi randi ke makan par thehre hue the, sab mureedniyaa'n apne miyaa'n sahab ki ziyaarat ke liye haazir huee'n, magar ek (1) randi nahi aai. Miyaa'n Sahab bole ke falaani kyou'n nahi aai, raandiyo'n ne jawab diya: Miyaa'n Sahab! Ham ne usey bahutera[705] kaha ke chal miyaa'n sahib ki ziyaarat ko, usne kaha: Main bohot gunahgaar hoo'n aur bohot roosiyaa hoo'n. Miyaa'n Sahab ko kya mu'n dikhaau'n, main ziyaarat ke qaabil nahi. Miyaha'n Sahab ne kaha: Nahi ji, tum usey hamare paas zaroor laana. Chunache randiyaa'n usey le kar aaee'n, jab wo saamne aai to miyaa'n sahib ne poocha: Bi, tum kyou'n nahi aai thee'n? Usne kaha: Hazrat Roosiyahi[706] ki wajah se ziyaarat ko aati hui sharmaati hoo'n. Miyaa'n Sahab bole: Bi, tum sharmati kyou'n ho? Karne waala kaun aur karaane waala kaun, wohi to hai. Randi ye sun kar aag ho gai aur khaba ho kar kaha: "لاحول ولاقوة", agar-che main roosiya-o-gunahgaar hoo'n, magar aise peer ke mu'n par peshab bhi nahi karti. Miyaa'n Sahab to sharminda ho kar sar-nagoo'n[707] reh gae aur wo uth kar chal di".[708]

Faaeda:

Rasheed Ahmad Gangohi Sahab mausoof Zaamin Ali ke baare mein kehte hain: "Zaamin Ali Jalalabadi to tauheed hi mein gharq the".[709]

Haji Imdadullah Muhajir Makki Sahab kehte hain:

"Nukta shanaasa[710] masla wahdat-ul-wujood haq-o-saheeh hai. Is masla mein koi shak-o-shubha nahi hai. Faqeer-o-mashaaekh aur jin logo'n ne faqeer se baiyat ki hai, sab ka eteqaad yehi hai. Maulwi Muhammad Qasim Sahab marhoom (baani Darul Uloom Deoband)-o-Maulwi Rasheed Ahmad (Gangohi) Sahab,-o-Maulwi Muhammad Yaqoob (Nanotwi) Sahab, Maulwi Ahmad Hasan Sahab waghairahum ham faqeer ke azeez hain aur faqeer se taalluq rakhte hain, kabhi khilaf-e-eteqaadaat faqeer-o-khilaf-e-mashrab-e-mashaekh tareeq khud maslak ikhteyar na kare'nge".[711]

Allama Anwar Shah Kashmiri Sahab kehte hain:

---

[700] T: (بُعْد) Farq, ikhtelaaf [Rekhta]
[701] Malfuzaat Hakeem-ul-Ummat: V5 P373-374
[702] Kulliyaat-e-Imdadiya: P18
[703] Imdad-ul-Fatawa: V5 P270
[704] Fazaael-e-Sadaqaat-az-Muhammad Zakariyya Tableeghi Hissa Duwam: P558; Makateeb-e-Rasheediya: P36
[705] T: (بَہُتیرا) Bohot, ba-kasrat, kaafi [Rekhta]
[706] T: (رُو سِیاہی) Baddnaami, zillat, ruswaai, zina, badd-fe'li, zina ka kaam [Rekhta]
[707] T: (سَر نِگُوں) Aundha, sar ke bal, sharmida, shikast-khurda [Rekhta]
[708] Tazkiratur Rasheed-az-Muhammad Ashiq Ilahi Meerathi: Hissa Duwam: P242
[709] Tazkiratur Rasheed-az-Muhammad Ashiq Ilahi Meerathi: Hissa Duwam: P242
[710] T: (نُکتَہ شَناسی) Baareek baat ya asraar ki baat samajhna [Rekhta]
[711] Shamaaem-e-Imdadiya-az-Ashraf Ali Thanwi: Hissa Duwam: P32; Kulliyaat-e-Imdadiya: P21

قَوْلُهُ: "كُنْتُ سَمْعَهُ" بِصِيْغَةِ الْمُتَكَلِّمِ، يَدُلُّ عَلٰى أَنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الْمُتَقَرِّبِ الْنَّوَافِلِ إِلَّا جَسَدُهُ وَشَبَحُهُ، وَصَارَ الْمُتَصَرِّفُ فِيْهِ الْحَضْرَةَ الْإِلٰهِيَّةَ فَحَسَبْ، وَهُوَ الَّذِيْ عَنَاهُ الْصُّوْفِيَّةُ بِالْفَنَاءِ فِيْ اللّٰهِ، أَيِ الْاِنْسِلَاخِ عَنْ دّاوِيْ نَفْسِهِ.

"كُنْتُ سَمْعَهُ" "Main uska kaan ban jaata hoo'n". Mein mutakallim ka segha dalaalat karta hai ke nawaafil ke zariye taqarrub haasil karne waale ka sirf jism aur wujood hi baaqi reh jaat hai, hatta ke mutasarrif-fiya (Nawaafil ke zariye taqarrub haasil karne waale insaan) mein Ilaahi huzoor ho jaata hai. Soofiya ki istelaah mein isey fana-fillah kehte hain, yaane apne control se nikal jaana.

حَتّٰى لَا يَكُوْنَ الْمُتَصَرِّفُ فِيْهِ إِلَّا هُوَ، وَفِيْ الْحَدِيْثِ لُمْعَةٌ إِلٰى وَحْدَةِ الْوُجُوْدِ، وَكَانَ مَشَايِخُنَا مُوْلَعِيْنَ بِتِلْكَ الْمَسْأَلَةِ إِلٰى زَمَنِ الْشَّاهِ عَبْدِ الْعِزِيْزِ، أَمَّا أَنَا، فَلَسْتُ بِمُتَشَدِّدٍ فِيْهَا.

Hatta ke tasarruf karne waala Allah hi hota hai, is hadees se wahdat-ul-wujood ke suboot ka ishaara milta hai. Shah Abdul Aziz ke zamane tak hamare mashaekh is masla par zor dete rahe hain, lekin main is mein sakhti nahi karta.[712]

Allama Abdul Hameed Sawati Sahab kehte hain:

"Ulama-e-Deoband ke akaabir Maulana Muhammad Qasim Nanotwi (d 1297h) aur Maulana (Hussain Ahmad) Madani (d 1377h) aur deegar akaabir masla-e-wahdat-ul-wujood ke qaael the".[713]

Janab Ahmad Raza Khan Sahab "Wahdat-ul-Wujood" ke maane bayaan karte hain:

"Wujood hasti biz-zaat waajib Ta'ala ke liye hai, uske siwa jitni maujudaat hain, uski zill-partau hain, to haqeeqatan wujood ek (1) hi thehra".[714]

Nez kehte hain: "Asma mazhar-e-sifaat hain aur sifaat, mazhar-e-zaat. Aur Mazhar ka mazhar, mazhar hai. To sab khalq mazhar-e-zaat hai".[715]

Nez, unse poocha gaya:

"Ye kyou'nkar hota hai ke har jagah sahib-e-martaba ko Allah hi Allah nazar aata hai?"

"Irshad: Iski misaal you'n samjhiye ke jo shakhs aaina khaane mein jaae, wo har taraf apne aap hi ko dekhega, is liye yehi asal hai aur jitni soorate'n hain, sab usi ki zill hain, magar ye soorate'n uski sifaat-e-zaat ke saath muttasif na ho'ngi. Masalan: Sunne waali, dekhne waali waghaira-waghaira na ho'ngi. Is liye ke ye soorate'n sirf uski satah-e-zaahiri ki zill hain, zaat ki nahi aur sama'-o-basar zaat ki sifate'n hain, satah-e-zaahir ki nahi. Lehaza jo asar zaat ka hai, wo in zilaal[716] mein paida na hoga. Ba-khilaaf hazrat insaan ke ye zill Zaat-e-Baari Ta'ala hai, lehaza Zulaal sifaat se hasb-e-istedaad[717] behrawar hai".[718]

Nez kehte hain:

"Wujood ek (1) aur maujood ek (1) hai, baaqi sab uske zill hain".[719]

Majzoob Ki Pehchaan baae'n alfaaz karwaate hain:

"Sacche majzoob ki ye pehchaan hai ke shariyat-e-mutahhara ka kabhi muqaabla na karega. Hazrat Syedi Musa Suhag rahmatullah alae mash-hoor majazeeb se the. Ahmadabad mein mazaar shareef hai, main ziyaarat se musharraf hua hoo'n, zanaana waza'[720] rakhte the".

[712] Faiz-ul-Baari: V4 P428
[713] Maqalaat Sawaati: Hissa Awwal: P375
[714] Malfuzaat: Hissa Awwal: P56
[715] Malfuzaat: Hissa Awwal: P59
[716] T: (ظِلال) Asmaa-e-Ilaahiya [Rekhta]
[717] T: (اِسْتِعْداد) Salaahiyat, qaabiliyat [Rekhta]
[718] Malfuzaat: Hissa Awwal: P57
[719] Malfuzaat: Hissa Awwal: P110
[720] T: (وَضْع) Shakl, soorat, haalat, huliya, tarz, rawish, andaaz, taur-tareeq [Rekhta]

“Ek (1) baar qahat-e-sahdeed pada, baadshah-o-qaazi-o-akaabir jama ho kar Hazrat ke paas dua ke liye gae, inkaar farmate rahe ke main kya dua ke qaabil hoo’n, jab logo’n ki aah-wizaari had se guzari, ek (1) patthar uthaya aur doosre haath ki choodiyo’n ki taraf laae aur aasmaan ki jaanib mu’n utha kar farmaya: Meena bhejiye ya apna suhaag leejiye. Ye kehna tha ke ghataae’n pahaad ki taraf umdee’n aur jal-thal bhar diye”.

“Ek (1) din namaz-e-juma ke waqt bazaar mein jaa rahe the, udhar se qaazi-e-shahar ke jaama masjid ko jaate the, aae, unhe’n dekh kar amar bil-maaroof kiya ke ye waza’ mardo’n ki haram hai. Mardana libaas pehniye aur namaz ko chaliye, us par inkaar-o-muqaabla na kiya. Choodiya’n aur zewar aur zanaana libaas utaar kar masjid ko ho liye, khutba suna, jab jamat qaaem hui aur imam ne takbeer-e-tahreema kahi, Allahu Akbar sunte hi unki haalat badli. Farmaya: Allahu Akbar! Mera khawind hai-laa-yamoot hai, ke kabhi na marega, aur ye mujhe bewa kiye dete hain. Itna kehna tha ke sar se paao’n tak wohi surkh libaas tha aur wohi choodiyaa’n”.[721]

Mufti Ahmad Yar Khan Naeemi Sahab likhte hain:

“Khuda-e-Quddus jagah aur zamana aur tarkeeb-o-maahiyat se paak hai, na wo kisi jagah mein rehta hai”.[722]

Mazeed likhte hain: “Khuda ko har jagah mein manna be-deeni hai”.[723]

Nez likhte hain: “Har jagah mein haazir-o-naazir hona khuda ki sifat hargiz nahi. Khuda-e-Ta’ala jagah aur makaan se paak hai”.[724]

Mazeed likhte hain: “Door se aawaaz sunna hargiz khuda ki sifat nahi, kyou’nke door se aawaaz to wo suney, jo pukaarne waale se door ho. Rabb-e-Ta’ala to shae-ragg se bhi ziyaada qareeb hai”.[725]

Maqabees-ul-Majaalis-al-maaroof Isharaat-e-Fareedi ka mahshi haashiya mein Ghulam Fareed Mathankotwi ki ibaarat ki tafheem karte hue likhte hain: “Haq Faail aur Abd, Allah se muraad ye hai ke banda Haq Ta’ala mein poori tarah gum ho jaaega aur Allah hi Allah reh jaaega. Is liye jo fe’l sar-zad hoga, uska fail Haq Ta’ala hoga aur Abd darmiyan se uth jaaega. Abd, Khuda nahi ban jaaega. Balke Abd mit jaaega aur Allah reh jaaega”.[726]

Peer Ghulam Fareed Matahnkot Waale kehte hain: “Qurb nawaafil mein fana-fis-sifaat hoti hai, na ke zaat mein. Yaane Abd ki zaat, sifaat-e-haq se muttasif ho jaati hai, qurb-e-faraaez mein fana-fiz-zaat hoti hai”.[727]

Aqeeda Wahdat-ul-Wujood Aur Mirza Ghulam Ahmad Qadiyaani: Mirza Ghulam Ahmad Qadiyani ne likah hai:

“Maine apne ek (1) kashf mein dekha ke main khud khuda hoo’n aur yaqeen kiya ke wohi hoo’n aur mera apna koi iraad aur koi khayal aur koi amal nahi raha aur main ek (1) suraakh-daar bartan ki tarah ho gaya hoo’n, ya us shae ki tarah jise kisi doosri shae ne apne baghal mein daba liya ho aur usey apne andar bilkul makhfi kar liya ho, yaha’n tak ke uska koi naam-o-nishaan baaqi na reh gaya ho”.

“Isi asna mein maine dekha ke Allah Ta’ala ki rooh mujh par muheet ho gai aur mere jism mein mustaula[728] ho kar apne wujood mein mujhe pinhaa’n[729] kar liya, yaha’n tak ke mera koi zarra bhi baaqi na raha aur maine apne jism ko dekha, to mere aazaa uske aazaa aur meri aankh uski aankh aur mere kaan uske kaan aur meri zabaan uski zabaan ban gait hi”.

“Mere Rabb ne mujhe pakda aur aisa pakda ke main bilkul us mein mahoo ho gaya aur maine dekha ke uski qudrat aur quwwat mujh mein josh maarti aur uski uloohiyat mujh mein mauj-zan hai”.[730]

---

[721] Malfuzaat Hissa Duwam: P208
[722] Jaa-al-Haq: P418
[723] Jaa-al-Haq: P418
[724] Jaa-al-Haq: P161
[725] Jaa-al-Haq: P190
[726] Maqabees-ul-Majaalis: P706
[727] Maqabees-ul-Majaalis: P706
[728] T: (مُسْتَوْلی) Ghalba paane waala, ghaalib, qaabiz [Rekhta]
[729] T: (پِنْہاں) Khufiya, poshida, chupa hua [Rekhta]
[730] Roohaani Khazaaen: V13 P103-104

Soofi Ibne Arbi

Muhammad bin Ali bin Muhammad ibne Arbi (b 560h d 638h ba-mutaabiq 1165-1240CE) Jo “Muhiuddin” aur “Ash Shaikh-ul-Akbar” ke laqab se mash-hoor hai. Bil ittefaaq mulhid, baatini, zindeeq aur kafir tha.

Falsafa aur Wahdat-ul-Wujood ke tasawwuf par mabni uske kufriya aqeeda ke baare mein Hafiz Zahabi رحمہ اللہ (d 748h) likhte hain:

مِنْ أَرْدَإِ تَوَالِيْفِهِ كِتَابُ الْفُصُوْصِ، فَإِنْ كَانَ لَا كُفْرَ فِيْهِ، فَمَا فِيْ الدِّيْنِ كُفْرٌ، نَسْأَلُ اللهَ الْعَفْوَ وَالنَّجَاةَ.

Us (Ibne Arbi) ki sab se badtareen kitaab “Al Fusoos” hai. Agar us mein kufr nahi to duniya mein kahee’n bhi kufr maujood nahi. Ham Allah Ta’ala se aafiyat aur najaat ka sawaal karte hain.[731]

❁ Nez farmate hain:

مِمَّنْ أَفْتٰى بِأَنَّ كِتَابَهُ الْفُصُوْصَ، فِيْهِ الْكُفْرُ الْأَكْبَرُ قَاضِيُ الْقُضَاةِ بَدْرُ الدِّيْنِ ابْنُ جَمَاعَةٍ، وَقَاضِيُ الْقُضَاةِ سَعْدُ الدِّيْنِ الْحَرِثِيُّ، وَالْعَلَّامَةُ زَيْنُ الدِّيْنِ عُمَرُ بْنُ أَبِيْ الْحَرَمِ الْكَتَّانِيُّ، وَجَمَاعَةُ سِوَاهُمْ.

Jin ahle ilm ne fatwa diya ke Ibne Arbi ki kitab “Al Fusoos” mein kufr-e-akbar maujood hai, un mein Qazi-ul-Quzaati Badaruddin Ahmad Ibne Juma-ah, Qazi-ul-Quzaati Saaduddin Haarithi, Allama Zainuddin Umar bin Abi Haram Kattaani, aur ahle ilm ki badi jamaat shaamil hai.[732]

❁ Nez farmate hain:

رَحِمَ اللهُ الْسَّيْفَ ابْنَ الْمَجْدِ وَرَضِيَ عَنْهُ، فَكَيْفَ لَوْ رَأَى كَلَامَ الْشَّيْخِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ الَّذِيْ هُوَ مَحْضُ الْكُفْرِ وَالْزَّنْدَقَةِ؟ لَقَالَ: إِنَّ هٰذَا الْدَّجَّالُ الْمُنْتَظَرُ.

Allah Ta’ala Saifuddin Ibne Majdi par raham kare aur unse raazi ho. Agar wo Shaikh Ibne Arbi ka kalaam, jo kufr-e-mehez aur zandaqah hai, dekh lete, to unka kya haal hota? Jhat se keh dete: Ibne Arbi dajjal-e-muntazir hai.[733]

❁ Allama Ismail bin Muhammad Kooraani رحمہ اللہ (d 665h) ne Ibne Arbi ko “Shaitan” kaha hai.[734]

❁ Allama Tajuddin Subki رحمہ اللہ (d 771h) likhte hain:

مَنْ كَانَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْصُّوْفِيَّةِ الْمُتَأَخِّرِيْنَ كَابْنِ عَرَبِيٍّ وَغَيْرِهِ، فَهُمْ ضَلَالٌ جُهَّالٌ، خَارِجُوْنَ عَنْ طَرِيْقَةِ الْإِسْلَامِ، فَضْلًا عَنِ الْعُلَمَاءِ.

Mutaakhkhireen soofiya mein se jo Ibne Arbi waghaira ki tarah ke log hain, wo to gumrah, jaahil aur islaam ke raaste se nikle hue hain, che-jaaeke ye ulama shumaar ho’n.[735]

❁ Allama Ibrahim bin Ma’daad Abu Ishaq Jabari رحمہ اللہ (D 687h) farmate hain:

هُوَ شَيْخٌ يَجِسٌ يَكْفُرُ بِكُلِّ كِتَابٍ أَنْزَلَهُ اللهُ وَكُلِّ نَبِيٍّ أَرْسَلَهُ اللهُ.

Ye napaak shakhs hai, usne Allah Ta’ala ki naazil-karda har Kitab aur har Nabi ke saath kufr kiya hai.[736]

[731] Siyaar Elaam an Nubalaa: V23 P48
[732] Taareekh-ul-Islam: V14 P520
[733] Taareekh-ul-Islam: V14 P520
[734] Majmua Fatawa la Ibne Taimiya: V2 P247
[735] Tambeeh-ul-Ghabee Alaa Takfeer Ibne Arbi lil Baqaai: P143
[736] Majmua Fatawa la Ibne Taimiya: V2 P246

❁ Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya ؒ ke Shaikh Allama Rasheeduddin Abu Abdullah Aamri ؒ ne Ibne Arbi ko zindeeq kaha hai.[737]

❁ Allama Abul Muhaasin Turkmaani Hanafi ؒ (d 823h) ke baare mein hai:

إِكْثَارُهُ الْحَطَّ عَلَى ابْتِ الْعَرَبِيِّ وَنَحْوِهِ مِنْ مُتَصَوِّفِيْ الْفَلَاسَفَةِ وَمُبَالَغَتُهُ فِيْ ذٰلِكَ بَحَيْثُ صَارَ يُحَرِّقُ مَا يَقْدُرُ عَلَيهِ مِنْ كُتُبِهِ.

Aap ؒ ba-kasrat Ibne Arbi aur deegar falsafi soofiya ka radd kiya karte the, us mein is qadar sakhti karte ke Aap ؒ ko Ibne Arbi ki jo kitaab milti usey jalaa dete.[738]

❁ Hafiz Ibne Hajar ؒ (d 852h) Ibnul Faariz ke haalaat-e-zindagi mein likhte hain:

قَدْ كُنْتُ سَأَلْتُ شَيْخَنَا الْإِمَامَ سَرَاجَ الدِّيْنِ الْبُلْقِيْنِيَّ عِنِ ابْنِ عَرَبِيٍّ، فَبَادَرَ الْجَوَابَ بِأَنَّهُ كَافِرٌ.

Main ne apne Shaikh Sirajuddin Umar bin Raslan Balqini (d 805h) se Ibne Arbi ke baare mein poocha, to unho'n ne fauran jawab diya: Wo kaafir hai.[739]

❁ Hafiz Sakhawi ؒ (d 902h) farmate hain:

تَنْفِيْرُهُ عَنِ ابْنِ عَرَبِيٍّ وَمُطَالَعَةِ كُتُبِهِ.

Allama Balqini ؒ, Ibne Arbi aur uski kitaabo'n ke mutaala-a se nafrat dilate the.[740]

❁ Allama Izzuddin Ibne Abdus Salam ؒ (d 660h) farmate hain:

هُوَ شَيْخٌ سُوْءٌ شِيْعِيٌّ كَذَّابٌ.

Ibne Arbi bura shakhs tha, jhoota shia tha.[741]

❁ Nez "Zindeeq" kaha hai.[742]

❁ Alaa ud Daula Biya Baanki ؒ (d 726h) ke baare mein hai:

كَانَ يَحُطُّ عَلٰى مُحْيِى الدِّيْنِ ابْنِ عَرَبِيٍّ وَعَلٰى كُتُبِهِ وَيُكَفِّرُهُ.

Aap ؒ Muhiuddin Ibne Arbi aur uski kutub par sakht taan karte the aur usey kaafir qaraar dete the.[743]

❁ Hafiz Ibne Kaseer ؒ (d 774h) Ibne Arbi ki kitab "Fusoos-ul-Hikam" ke baare mein likhte hain:

فِيْهِ أَشْيَاءٌ كَثِيْرَةٌ ظَاهِرُهَ كُفْرٌ صَرِيْحٌ.

Is mein bohot si aisi cheeze'n hain, jin ka zaahir sareeh kufr hai.[744]

❁ Allama Ibne Abil Izz Hanafi ؒ (d 792h) farmate hain:

لٰكِنَ ابْنَ عَرَبِيٍّ وَأَمْثَالَهُ مُنَافِقُوْنَ زَنَادِقَةٌ.

Ibne Arbi aur us jaise (gumraah soofiya) munaafiq aur zindeeq hain.[745]

❁ Allama Muhammad bin Muhammad Abu Abdullah Bukhari Ajmi Hanafi ؒ (d 841h) ne Ibne Arbi ko Kafir kaha hai.[746]

---

[737] Majmua Fatawa la Ibne Taimiya: V2 P246
[738] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V3 P31
[739] Lisaan-ul-Mizaan: V4 P318
[740] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V6 P89
[741] Lisaan-ul-Mizaan la Ibne Hajar: V5 P311
[742] Fatawa Shaami: V4 P239
[743] Al Waafi Bil Wafayaat lis Safdi: V7 P233
[744] Al Bidaaya wan Nihaaya: V17 P253 "هجر"
[745] Sharah at Tahaawiya: P494
[746] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V9 P294

❁ Allama Abdus Salaam bin Dawood-al-maaroof Ba Izz Qudsi رحمہ اللہ (d 850h) ke baare mein hai:

إِنَّهُمْ أَكْفَرُ الْكُفَّارِ.

Ibne Arbi aur us jaise aqaaed ke haamileen sab se bade kaafir hain.[747]

❁ Allama Siraj bin Musaafir Qaisari Hanafi رحمہ اللہ (D 856h) ke baare mein hai:

كَانَ يُبَالِغُ فِيْ التَّحْذِيْرِ مِنْ كَلَامِ ابْنِ عَرَبِيٍّ.

Aap رحمہ اللہ Ibne Arbi ke kalaam se sakhti ke saath manaa karte the.[748]

❁ Allama Umar bin Musa bin Hasan Siraj رحمہ اللہ (d 861h) ke baare mein hai:

نَظَمَ هُنَاكَ رَدًّا عَلَى الْفُصُوْصِ لِابْنِ عَرَبِيٍّ فِيْ مَائَةٍ وَّأَرْبَعِيْنَ بَيْتًا.

Aap رحمہ اللہ ne Fusoos la Ibne Arbi ke radd mein nazam likhi, jo ek-sau-chalees (140) ashaar par mushtamil thi.[749]

❁ Allama Abdur Rahman bin Khaleel bin Salama رحمہ اللہ (d 869h) ke baare mein hai:

شِدَّةُ إِنْكَارِهِ عَلٰى مُعْتَقِيْدِيْ ابْنِ عَرَبِيٍّ.

Aap رحمہ اللہ Ibne Arbi ke motaqideen ka sakht radd karte the.[750]

❁ Allama Baqaai رحمہ اللہ (d 885h) likhte hain:

وَبَعْدُ، فَإِنِّيْ لَمَّا رَأَيْتُ النَّاسَ مُضْطَرِبِيْنَ فِيْ ابْنِ عَرَبِيٍّ الْمَنْسُوْبِ إِلَى التَّصَوُّفِ، الْمَوْسُوْمِ عِنْدَ أَهْلِ الْحَقِّ بِالْوَحْدَةِ، وَلَمْ أَرَ مَنْ شَفِىَ الْقَلْبَ فِيْ تَرْجَمَتِهِ، وَكَانَ كُفْرُهُ فِيْ كِتَابِهِ الْفُصُوْصِ أَظْهَرَ مِنْهُ فِيْ غَيْرِهِ، أَحْبَبْتُ أَنْ أَذْكُرَ مِنْهُ مَا كَانَ ظَاهِرًا، حَتّٰى تُعْلَمَ حَالُهُ، فَيُهْجَرَ مَقَالُهُ، وَيُعْتَقَدَ انْحِلَالُهُ، وَكُفْرُهُ وَضَلَالُهُ، وَأَنَّهُ إِلَى الْهَاوِيَةِ مَآبُهُ وَمَآلُهُ.

Hamd-o-Salaat ke baad, jab maine logo'n ko us Ibne Arbi ke baare mein muztarib (mukhtalif ur raae) dekha, jo tasawwuf ki taraf mansoob hai aur ahle haq ke nazdeek wahdat-ul-wujoodi (ek (1) shirkiya aqeeda waala) tha. Phir maine nahi dekha ke kisi ne uske (mukammal) haalaat likh kar dil ko tasalli di ho, aur uska kufr uski kitaab Al Fusoos mein doosri kutub se ziyaada zaahir tha. To maine pasand kiya ke main uski zaahiri soorat-e-haal ko zikr karu'n. Taake uski (deeni) haalat maaloom ho, uska qaul chod diya jaae, uske islaam se khaarij hone, kaafir-o-gumraah hone aur uska thikaana jahannum mein hone ka aqeeda bana liya jaae.[751]

❁ Nez farmate hain:

مَذْهَب ثالْمُلْحِدِيْنَ كَابْنِ عَرَبِيٍّ وَّابْنِ سَبْعِيْنَ وَابْنِ الْفَارِضِ مِمَّنْ يَجْعَلُ الْوُجُوْدَ الْخَالِقِ هُوَ الْوُجُوْدَ الْمَخْلُوْقَ.

Mulhideen, masalan Ibne Arbi, Ibne Sabeen, aur Ibne Faariz ka mazhab hai ke wo Khaliq ke wujood ko makhlooq ka wujood qaraar dete hain.[752]

❁ Qazi Ismail bin Abu Bakar Ibnul Muqri رحمہ اللہ (d 837h) farmate hain:

[747] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V3 P244
[748] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V3 P244
[749] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V6 P141
[750] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V1 P166
[751] Tambeeh-ul-Ghabi: P21
[752] Tambeeh-ul-Ghabi: P162

مَنْ شَكَّ فِيْ (كُفْرِ) الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَطَائِفَةِ ابْنِ عَرَبِيٍّ فَهُوَكَافِرٌ.

Jis ne yahood-o-nasara aur Ibne Arbi ke ham-nawaao'n ke kufr mein shak kiya, wo bhi kafir hai.[753]

❁ Allama Muhammad bin Muhammad bin Ibne Shihab Ghazi Halabi رحمہ اللہ (d 890h) ke baare mein hai:

شَدِيْدُ الْإِنْكَارِ عَلَىٰ ابْنِ عَرَبِيٍّ.

Aap رحمہ اللہ Ibne Arbi par sakht tanqeed karte the.[754]

❁ Abu Zakariyya Yahya bin Muhammad Manaawi رحمہ اللہ (d 871h) ke baare mein hai:

تَبَرَّأَ مِنْ كُتُبِهِ وَمُطَالَعَتِهَا.

Aap رحمہ اللہ ne Ibne Arbi ki kutub aur unke mutaala-a se izhaar-e-baraa-at kar diya tha.[755]

❁ Allama Ameer San-aani رحمہ اللہ (d 1182h) ne Ibne Arbi ko "Mulhid"[756] kaha hai.[757]

❁ Allama Shaukani رحمہ اللہ (d 1250h) ne Ibne Arbi ko kafir kaha hai.[758]

Pachaas (50) ke qareeb Ulama-e-Ikram aur Qaaziyo'n ne usye zindeeq, mulhid, aur kaafir kaha hai. Baaz ke asma-e-giraami mulaheza ho'n:

1.	Al Hafiz Ibne Hajar-al-Asqalani	2.	Sirajuddin Umar-al-Balqeeni
3.	Zainuddin-al-Iraqi	4.	Abu Zur'a Waliuddin-al-Iraqi
5.	Shamsuddin Zahabi	6.	Abdur Rahman bin Khuldoon
7.	Badaruddin bin Jamaa-ah	8.	Shamsuddin Muhammad bin Yusuf-al-Jazri
9.	Imam-ul-Qurra Muhammad bin Muhammad-al-Jazri Sahab-ul-Jazriya	10.	Ali bin Yaqoob-al-Bukri
11.	Muhammad bin Aqeel-al-Balaasi	12.	Ibne Hisham, Saaheb Mughni-ul-Labeeb, wa Auzah-ul-Masaalik Fee Al Fiya Ibne Maalik
13.	Shamsuddin Muhammad-al-Eezri	14.	Alauddin-al-Bukhari-al-Hanafi
15.	Ali bin Ayyub	16.	Sharfuddin Isa bin Masood-az-Zawaawi-al-Maaliki
17.	Shamsuddin-al-Mausli	18.	Zainudin Umar-al-Kattaani
19.	Burhanuddin-al-Safaaqeeni	20.	Saaduddin-al-Haarithi-al-Hambali
21.	Ahmad bin Ali an Naashri	22.	Abu Bakar bin Muhammad bin Saaleh-al-Maaroof Baaiban-al-Khayaat
23.	Al Allama as Sakhaawi	24.	Al Allama As Saad-al-Taftazaani

[753] Tambeeh-ul-Ghabi lil Baqaai: P253; Al Fatawa-ul-Hadeesiya lil Haithami: P38
[754] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V9 P301
[755] Adh Dhau Illah Ma' lis Sakhaawi: V10 P256
[756] T: (مُلْحِد) Be-deen, munkir-e-ilaahi, kaafir, faasiq, faajir [Rekhta]
[757] Ijaabah as Saail Sharah Baghiya-al-Aamil: P365
[758] Al Fathur Rabbani: V2 P1010

❁ Allama Mulla Ali Qari Hanafi رحمہ اللہ ne Ibne Arbi ke kufr par "اَلرَّدُّ عَلَىٰ الْقَائِلِيْنَ بِوَحْدَةِ الْوُجُوْدِ" (Ar Raddu Alaa-al-Qaaileena Bi Wahdatil Wujood) naami kitab likhi hai.

❁ Allama Mulla Ali Qari Hanafi رحمہ اللہ (d 1014h) farmate hain:

اِعْلَمْ أَنَّ مَنِ اعْتَقَدَ حَقِيْقَةَ عِقِيْدَةِ ابْنِ عَرَبِيٍّ فَكَافِرٌ بِالْإِجْمَاعِ مِنْ غَيْرِ النِّزَاعِ.

Jaan leejiye ke jis ne Ibne Arbi ka haqeeqi aqeeda apnaya, wo bil-ijma kafir hai, uske kafir hone mein koi ikhtelaf nahi.[759]

❁ Hafiz Suyuti رحمہ اللہ (d 911h) likhte hain:

يُحَرَّمُ تَحْرِيْمًا غَلِيْظًا أَضنْ يُّفَسَّرَ الْقُرْآنُ بِمَا لَا يَقْتَضِيْهِ جَوْهَرُ اللَّفْظِ، كَمَا فَعَلَ ابْنُ عَرَبِيٍّ الْمُبْتَدِعُ، الَّذِيْ يُنْسَبُ إِلَيْهِ كِتَابُ الْفُصُوْصِ الَّذِيْ هُوَ كُفْرٌ كُلُّهُ.

Quran-e-Kareem ke alfaaz ka taqaza nahi karte, is tarah se Quran-e-Kareem ki tafseer karna sakht haram hai, jaisa ke Ibne Arbi bidati ne kiya hai. Uski taraf "Al Fusoos" naami kitab mansoob hai, jo ke paikar-e-kufr[760] hai.[761]

Ibne Arbi Haatmi ke radd mein be-shumaar ahle ilm ne kitaabe'n likhi hain. Jo ye kehte hain ke soofiya ki khaas istelahaat hoti hain, jinhe'n ulama apne ilm-o-nazar se samajhne ki koshish karte hain, jab in istelahaat ke haqeeqi maane tak nahi pohonch paate to un soofiya ki takfeer kar dete hain.

Hamare mutaabiq baatini soofiya ne deen-e-islam ke muqaable mein naya deen mutaarif karaya, jis deen ki apni istelahaat hain. Jin ka maqsad islami aqaaed-o-aamaal ki bekh-kuni karna hai. Yaqeenan ulama-e-haq unki kufriyaat se acchi tarah waqif the, unho'n ne baja-taur par unki takfeer ki. Soofiya ka deen aisa muamma[762] hai, jo isaaiyo'n ke aqeeda-e-taslees[763] ki tarah kabhi hal nahi hoga.

❁ Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya رحمہ اللہ (d 728h) farmate hain:

"Wahdat-ul-Wujood ke qaaileen masalan: Ibne Arbi, Ibne Sabeen, Qunoowi, aur Tilsmaani ka mazhab teen (3) cheezo'n se murakkab hai. ① Jahmiyya ka inkaar-e-sifaat ② Soofiya ka mujmal kalaam, isse muraad unke kalaam mein paae jaane waale mujmal[764] aur mutashaaba[765] kalimaat hain, jis tarah isaai Isa ﷺ ke mutaalliq aise gumrah-kun kalimaat hikaayat karte hain. Ye soofiya mutashabihaat ka itteba karte hain aur mohkam[766] ko chod dete hain. Isi tarah majzoob (soofiya) ka wo kalaam, jo "sukr[767]" ki halaat mein unse sarzad hota hai. ③ Falsafiyaana zindiqiyat, jo ke jahmiyya ki buniyad hai".[768]

---

[759] Ar Raddu Alaa-al-Qaaileena Bi Wahdatil Wujood: P154

[760] T: (پَیکَرِ کُفر) Saraapa kufr [RSB]

[761] At Tahbeer Fee Ilm-ut-Tafseer: P537

[762] T: (مُعَمَّه) Paheli, raaz, bhed, pecheeda [Rekhta]

[763] T: (تَثْلِیث) Isaaiyyo'n ka aqeeda jis mein khuda ko teen (3) jaanna ① Baap (Allah Ta'ala), ② Beta (Hazrat Isa ﷺ), ③ Rooh-ul-Quds (Hazrat Jibraeel ﷺ). Agnrezi mein ise trinity kehte hain [RSB]

[764] T: (مُجمَل) Mubham, ghair-waazeh, gad-mad [Rekhta]

[765] T: (مُشْتبہ) Mashkook, ghair-yaqeeni [Rekhta]

[766] T: (مُحْکَم) (Quran-e-Majeed ki wo aayat) Jis ke maane sareeh ho'n, jis ka matlab saaf ho [Rekhta]

[767] T: (سُکْر) Nasha, masti, madhoshi [Rekhta]
T: (tasawwuf) Jab saalik Jamaal-e-mehboob ka mushahada karta hai to uski aql ishq se maghloob ho jaati hai, idraak aur hosh baaqi nahi rehta aur saalik par sukr aur mahwiyat aur fanaa ki kaifiyat taari hoti hai [Rekhta]

[768] Majmua Fatawa: V2 P175

Sifaat-e-Baari Ta’ala Aur Salaf-o-Saaleheen

Imam Muhammad bin Idrees Shafai ﷺ (d 204h) farmate hain:

قَدْ أَثْنَى اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فِيْ الْقُرْآنِ وَالتَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ، وَسَبَقِ لَهُمْ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم مِنَ الْفَضْلِ مَا لَيْسَ لِأَحَدٍ بَعْدَهُمْ، فَرَحِمَهُمُ اللهُ وَهَنَّاهُمْ بِمَا آتَاهُمْ مِنْ ذٰلِكَ بِبُلُوْغِ أَعْلٰى مَنَازِلِ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ.

Allah ne Ashaab-e-Rasool ﷺ ki taareef-o-sataaish Quran-e-Kareem, Taurat aur Injeel mein farmai hai aur Rasool Allah ﷺ ki zabaani unhe’n aisi khair se nawaaza hai, jo baad waalo’n ko naseeb nahi hui. Allah Ta’ala un par apni khaas rahmat naazil kare aur siddiqeen, shuhada, aur saaleheen kea ala maraatib par faaez kare.

هُمْ أَدَّوْا إِلَيْنَ سُنَنَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم، وَشَاهَدُوْهُ وَالْوَحْيُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، فَعَلِمُوْا مَا أَرَادَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم، عَامًّا وَّخَاصًّا، وَّعَزْماً وَّإِرْشَاداً وَّعَرَفُوْا مِنْ سُنَّتِهِ مَا عَرَفْنَا وَجَهِلْنَا، وَهُمْ فَوْقَنَا فِيْ كُلِّ عِلْمٍ وَّاجْتِهَادٍ، وَّوَرْعٍ وَّعَقْلٍ، وَّأَمْرٍ اسْتَدْرَكَ بِهِ عِلْمٌ وَّاسْتَنْبَطَ بِهِ وَآرَاؤُهُمْ لَنَا أَحْمَدُ وَأَوْلٰى بِنَا مِنْ آرَائِنَا عِنْدَنَا لِأَنْفُسِنَا.

Ye to wo hastiyaa’n hain, jinho’n ne ham tak Rasool Allah ﷺ ki pyaari sunnate’n pohonchaee’n, ba-raah-e-raast nuzool-e-wahee ka mushahada kiya. Jin aam, khaas, farz, mustahab ka Rasool Allah ﷺ ne iraada farmaya, unka ilm haasil kiya. Wo Nabi ﷺ ki un tamaam sunnato’n se waqif the, jin mein baaz se ham waqif hain aur baaz se naa-waaqif. Wo ham se ilm, ijtehaad, taqwa-o-wara’[769], aqal, aur har fiqhi-o-ijtehaadi masla mein fauqiyat rakhte hain. Hamari apni aara hamare liye is qadar behtar nahi, jis qadar unki aara hamare liye qaabil-e-sataaish aur aula hain.[770]

Shaikh-ul-Islam Allama Ibne Taimiya ﷺ (d 728h) likhte hain:

كُلُّ قَوْلٍ يَّنْفَرِدُ بِهِ الْمُتَأَخِّرُ عِنِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ وَلَمْ يَسْبِقْهُ إِلَيْهِ أَحَدٌ مِّنْهُمْ فَإِنَّهُ يَكُوْنُ خَطَأً كَمَا قَالَ الْإِمَامُ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: إِيَّاكَ أَنْ تَتَكَلَّمَ فِيْ مَسْأَلَةٍ لَّيْسَ لَكَ فِيْهَا إِمَامٌ.

Mutaakhkhireen ka har wo qaul, jo mutaqaddimeen se munfarid[771] ho, salaf-o-saaleheen mein se kisi ne wo baat na kahi ho, to wo khata hai, jaisa ke Imam Ahmad bin Hambal ﷺ ne (apne shagird Maimooni ﷺ ko naseehat karte hue) farmaya: Aise masla mein guftagu mat kare’n, jis mein aap ka koi (salaf mein) imam na ho.[772]

[769] T: (وَرَع) Ghalati karne ka dar, khuda ka khauf, taqwa, parhezgaari [Rekhta]

[770] Manaqib-ush-Shafai lil Bayhaqi: V1 P442

[771] T: (مُنفَرِد) Tanha, akela, alag [Rekhta]

[772] Majmua Fatawa: V21 P291

Shaikh-ul-Islam Saani, Allama Ibnul Qaiyyim Jauzi ﷺ (d 751h) likhte hain:

ثَبَتَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فِيْ الصَّحِيْحِ مِنْ وُّجُوْهٍ مُّتَعَدِّدَةٍ أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ الْقُرُوْنِ الْقَرْنُ الَّذِيْ بُعِثْتُ فِيْهِمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، فَأَخْبَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم أَنَّ خَيْرَ الْقُرُوْنِ قَرْنَهُ مُطْلَقًا، وَذٰلِكَ يَقْتَضِيْ تَقْدِيْمَهُمْ فِيْ كُلِّ بَابٍ مِّنْ أَبْوَابِ الْخَيْرِ، إِلَّا لَوْ كَانُوْا خَيْرًا مِّنْ بَعْضِ الْوَجُوْهِ، فَلَا يَكُوْنُوْنَ خَيْرَ الْقُرُوْنِ مُطْلَقًا، فَلَوْ جَازَ أَنْ يُخْطِئَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ فِيْ حُكْمٍ وَّسَائِرُهُمْ لَمْ يُفْتُوْا بِالْصَّوَابِ، وَإِنَّمَا ظَفَرَ بِالْصَّوَابِ مَنْ بَعْدَهُمْ، وَأَخْطَأُوْا هُمْ لَزِمَ أَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ الْقَرْنُ خَيْرًا مِّنْهُمْ مِنْ ذٰلِكَ الْوَجْهِ، لِأَنَّ الْقَرْنَ الْمُشْتَمِلَ عَلَى الْصَّوَابِ خَيْرٌ مِّنَ الْقَرْنِ الْمُشْتَمِلِ عَلَى الْخَطَإِ فِيْ ذٰلِكَ الْفَنِّ، ثُمَّ هٰذَا يَتَعَدَّدُ فِيْ مَسَائِلَ عَدِيْدَةٍ، لِأَنَّ مَنْ يَّقُوْلُ: قَوْلُ الْصَّحَابِيِّ لَيْسَ بِحُجَّةٍ، يَجُوْزُ عِنْدَهُ أَنْ يَكُوْنَ مَنْ بَعْدَهُمْ أَصَابَ فِيْ كُلِّ مَسْأَلَةٍ قَالَ فِيْهَا الْصَّحَابِيُّ قَوْلًا، وَلَمْ يُخَالِفْهُ صَحَابِيٌّ آخَرُ، وَفَاتَ هٰذَا الْصَّوَابُ الْصَّحَابَةَ، وَمَعْلُوْمٌ أَنَّ هٰذَا يَأْتِيْ فِيْ مَسَائِلَ كَثِيْرَةٍ تَفُوْقُ الْعَدَّ وَالْإِحْصَاءَ، فَكَيْفَ يَكُوْنُوْنَ خَيْرًا مِّمَّنْ بَعْدَهُمْ وَقَدِ امْتَازَ الْقَرْنُ الَّذِيْ بَعْدَهُمْ بِالْصَّوَابِ فِيْمَا يَفُوْقُ الْعَدَّ وَالْإِحْصَاءَ مِمَّا أَخْطَأُوْا فِيْهِ؟ وَمَعْلُوْمٌ أَنَّ فَضِيْلَةَ الْعِلْمِ وَمَعْرِفَةَ الْصَّوَابِ أَكْمَلُ الْفَضَائِلِ، وَأَشْرَفُهَا، فَيَا سُبْحَانَ اللّٰهِ، أَيُّ وَصْمَةٍ أَعْظَمُ مِنْ أَنْ يَكُوْنَ الْصِّدِّيْقُ أَوِ الْفَارُوْقُ أَوْ عُثْمَانُ أَوْ عَلِيٌّ أَوِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ أَوْ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ أَوْ عُبَادَةُ بْنُ الْصَّامِتِ، وَأَضْرَابُهُمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، قَدْ أَخْبَرَ عَنْ حُكْمِ اللّٰهِ أَنَّهُ كَيْتَ فِيْ مَسَائِلَ كَثِيْرَةٍ، وَأَخْطَأَ فِيْ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَشْتَمِلْ قَرْنُهُمْ عَلٰى نَاطِقٍ بِالْصَّوَابِ فِيْ تِلْكَ الْمَسَائِلِ حَتّٰى تَبِعَ مَنْ بَعْدَهُمْ فَعَرَفُوْا حُكْمَ اللّٰهِ الَّذِيْ جَهِلَهُ أُوْلٰئِكَ الْسَّادَةُ، وَأَصَابُوْا الْحَقَّ الَّذِيْ أَخْطَأَهُ أُوْلٰئِكَ الْأَئِمَّةُ؟ سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ.

Kai turq se saabit saheeh hadees mein Nabi-e-Kareem ﷺ ka farman-e-aali-shaan hai: Sab se behtareen logo'n ka zamaana wo hai jin mein main mab-oos hua hoo'n, phir baad waale, phir unke baad waale. Nabi-e-Kareem ﷺ ne ba-khabar kiya hai ke unka zamana mutlaqan sab se behtareen hai. Is hadees ka taqaaza hai ke Aap ﷺ ke zamane ke log (Sahaba Ikram) khair ke har kaam mein muqaddam hain aur agar Sahaba Ikram ka bethar hona sirf chand umoor mein hota, to wo mutlaqan khair-ul-quroon na hote. Agar aisa mumkin ho ke kisi sahabi ne kisi masla mein fatwa dete hue ghalati khaai, doosre sahaba ne durust fatwa bhi na diya aur baad mein aane waala durusti pale aur Sahaba Ikram ko ghalat saabit kar de, to usse laazim aata hai ke is masla mein baad waala zamaana behtareen hai. Kyou'nke jis zamane mein durust baat hui hai, wo us fann mein khataa waale zamaane se Afzal aur bartar hain.

You'n kai masaael mein baad waala zamaana Afzal thehrega. Kyou'nke qaul-e-sahabi ko hujjat na maanne waalo'n ke nazdeek jaaez thehrega ke baad waalo'n ka qaul ha rus masla mein durust hai, jis mein kisi sahabi ne fatwa diya ho aur kisi doosre sahabi ne nakeer na farmaai ho. Nez ye laazim aaega ke durust baat sahaba se chook gai. Ye baat to tae hai ke aisa be-shumaar masaael mein hua hai. To Sahaba Ikram baad waalo'n se Afzal kaise? Jabke baad waale be-shumaar masaael mein durust hain, jin mein sahaba ghalati khaa gae.

Ye to haqeeqat hai ke ilm-o-maa'rifat ki fazeelat akmal aur ashraf fazeelat hai. Taajjub hai! Isse badi ruswaai kya ho sakti hai ke Siddeeq, Farooq, Usman, Ali, Ibne Masood, Salman Farsi, Obada bin Saamit ya deegar Sahaba Ikram ﷺ mein se koi Hukum-e-Ilaahi ke mutaalliq khabar de, ke ye aise-aise hai, to be-shumaar masaael mein khata ka murtakib thehere aur un masaael mein unka zamana Nabi ﷺ ki zabaani sawaab na ho, hatta ke hame'n unke baad aise log mile'n jo Hukum-e-Ilaahi ki is haqeeqat ko pehchaan jaae'n, jisse Sahaba ki saadatmand jamaat naa-aashna reh gai aur baad waale un masaael mein durusti kop aa le'n, jin mein ye Aimma-e-Hudaa khata ka shikaar ho gae.

سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ![773]

Allama Shaatibi ؒ (d 790h) likhte hain:

...أنْ يَتَحَرّٰى كُتُبَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ الْمُرَادِ، فَإِنَّهُمْ أَقْعَدُ بِهِ مِنْ غَيْرِهِمْ مِنَ الْتَأَخِّرِيْنَ، وَأَصْلُ ذٰلِكَ الْتَّجْرِبَةُ وَالْخَبَرُ.

أَمَّا الْتَّجْرِبَةُ، فَهُوَ أَمْرٌ مُّشَاهَدٌ فِيْ أَيِّ عِلْمٍ كَانَ، فَالْمُتَأَخِّرُ لَا يَبْلُغُ مِنَ الرُّسُوْخِ فِيْ عِلْمٍ مَّا يَبْلُغُهُ الْمُتَقَدِّمُ، وَحَسْبُكَ مِنْ ذٰلِكَ أَهْلُ كُلِّ عِلْمٍ عَمَلِيٍّ أَوْ نَظَرِيٍّ، فَأَعْمَالُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ فِيْ إِصْلَاحِ دُنْيَاهُمْ وَدِيْنِهِمْ عَلٰى خِلَافِ أَعْمَالِ الْمُتَأَخِّرِيْنَ، وَعُلُوْمُهُمْ فِيْ الْتَّحْقِيْقِ أَقْعَدُ، فَتَحَقُّقُ الْصَّحَابَةِ بِعُلُوْمِ الْشَّرِيْعَةِ لَيْسَ كَتَحَقُّقِ الْتَّابِعِيْنَ، وَالْتَّابِعُوْنَ لَيْسُوْا كَتَابِعِيْهِمْ، وَهٰكَذَا إِلَى الْآنْ، وَمَنْ طَالَعَ سِيَرَهُمْ، وَأَقْوَالَهُمْ، وَحِكَايَاتِهِمْ، أَبْصَرَ الْعَجَبَ فِيْ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى.

(Taalib-e-ilm ko) Ahle Ilm mutaqaddimeen ki kutub ka baghaur mutaala-a karna chaahiye. Kyou'nke mutaqaddimeen ka ilm ba-nisbat mutaakhkhireen ahle ilm ke ziyaada gehra hai. Iski daleel tajarba aur hadees hai.

Tajarba: Ilm ke har maidan mein ye baat tasht-az-baam[774] hai, kyou'nke mutaakhkhireen ilmi rusookh ke us martaba tak nahi pohonch sakey, jaha'n tak mutaqaddimeen pohonch gae the. Maidan ilm ka ho ya amal ka aap ko mutaqaddimeen hi kaafi hain. Deen-o-duniya ki islaah mein mutaqaddimeen ke kaarnaame mutaakhkhireen se hat kar hain aur tehqeeq mein unke uloom-o-funoon samandar ki gehraai rakhte hain. Sahaba Ikram ؓ ki sharia uloom mein tehqeeq, taabaeen ki tehqeeq ki tarah nahi hai. Taabaeen ki itteba taabaeen ki tehqeeq ki tarah nahi hai aur usi tarah aaj tak. Jo unki seerat, aqwaal aur waaqiaat ka mutaala-a kar le, wo taajjub kiye baghair nahi reh sakta.

وَأَمَّا الْخَيْرُ، فَفِيْ الْحَدِيْثِ: خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، وَفِيْ هٰذَا إِشَارَةٌ إِلٰى أَنَّ كُلَّ قَرْنٍ مَّعَ مَا بَعْدَهُ كَذَالِكَ

Hadees: Nabi-e-Kareem ﷺ ne farmaya: "Sab se behtareen zamana mera hai, phir baad waalo'n ka, phir unke baad waalo'n ka". Is hadees mein ishaara hai ke har zamane ki apne baad waale zamane ke saath yehi nisbat hogi.[775]

Nez farmate hain:

اَلْحَذَرَ الْحَذَرَ مِنْ مُخَالَفَةِ الْأَوَّلِيْنَ، فَلَوْ كَانَ ثَمَّ فَضْلٌ مَّا لَكَانَ الْأَوَّلُوْنَ أَحَقَّ بِهِ.

Pehlo'n ki mukhlifat se mujtanib[776] rahiye, kyou'nke har khair ke awwal misdaaq[777] salaf hain.[778]

[773] Elaam-ul-Muwaqqieen An Rabbul Aalameen: V4 P77-78

[774] T: (طَشْت آزْ بام) Zaahir, khula hua, mash-hoor [Rekhta]

[775] Al Muwafaqaat: V1 P74

[776] T: (مُجتَنِب) Ijtenaab karne waala, parhez karne waala, alaahadgi ikhteyaar karne waala [Rekhta]

[777] T: (مِصْداق) Tasdeeq karne waala, gawaah, muwaafiq [Rekhta]

[778] Al Muwafaqaat: V5 P56

Allama Ibne Rajab رحمہ اللہ (d 795h) likhte hain:

قَدِ ابْتُلِيْنَا بِجَهَلَةٍ مِّنَ النَّاسِ يَعْتَقِدُوْنَ فِيْ بَعْضِ مَنْ تَوَسَّعَ فِيْ الْقَوْلِ مِنَ الْمُتَأَخِّرِيْنَ أَنَّهُ أَعْلَمُ مِمَّنْ تَقَدَّمَ فَمِنْهُمْ مَنْ يَّظُنُّ فِيْ شَخْصٍ أَنَّهُ أَعْلَمُ مِنْ كُلِّ مَنْ تَقَدَّمَ مِنَ الْصَّحَابَةِ وَمَنْ بَعْدَهُمْ لِكَثْرَةِ بَيَانِهِ وَمَقَالِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ هُوَ أَعْلَمُ مِنَ الْفُقَهَاءِ الْمَشْهُوْرِيْنَ الْمَتْبُوْعِيْنَ، وَهٰذَا يَلْزَمُ مِنْهُ مَا قَبْلَهُ لِأَنَّ هٰؤُلَاءِ الْفُقَهَاءِ الْمَشْهُوْرِيْنَ الْمَتْبُوْعِيْنَ أَكْثَرُ قَوْلًا مِّمَّنْ كَانَ قَبْلِهُمْ، فَإِذَا كَانَ مَنْ بَعْدَهُمْ أَعْلَمُ مِنْهُمْ لِاتِّسَاعِ قَوْلِهِ: كَانَ أَعْلَمُ مِمَّنْ كَانَ أَقَلَّ مِنْهُمْ قَوْلًا بِطَرِيْقِ الْأَوْلٰى، كَالْثَّوْرِيِّ وَالْأَوْزَاعِيِّ وَاللَّيْثِ، وَابْنِ الْمُبَارَكِ، وَطَبَقَتِهِمْ، وَمِمَّنْ قَبْلَهُمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَالْصَّحَابَةِ أَيْضًا.

Hamara paala aise jaahilo'n se padaa hai ke jo baaz lambi-lambi guftagu karne waale mutaakhkhireen ko mutaqaddimeen se Afzal gardaa'nte[779] hain. Phir un mein se baaz kehte hain ke mutaakkhir kasrat-e-kalaam aur wazaahat ki binaa par mutlaqan mutaqaddimeen Sahaba Ikram aur Taabaeen-e-Azzaam se bada aalim hai. Baaz usey mash-hoor Matboo[780] Aimma Ikraam se bada aalim qarar dete hain. Isse pehli baat hi laazim aati hai, kyou'nke mutabawwu aimma ki guftagu pehlo'n se nisbatan taweel hai. Is qaul ka taqaaza ye hai ke jab mutakhkhreen aimma mutabwwieen se aalam (اَعْلَم)[781] hain. To apne jaise mukhtasar guftagu karne waalo'n se ba-tareeq-e-oola aalam (اَعْلَم) thehre'nge. Jaise Sufiyan Soori, Auzaai, Lais bin Saad, Ibne Mubaarak رحمہم اللہ aur unke ham-asr deegar mohaddiseen-e-ikram. Isi tarah unse pehle Sahaba Ikram رضی اللہ عنہم aur Taabaeen-e-Azzaam se bhi.

فَإِنَّ هٰؤُلَاءِ كُلَّهُمْ أَقَلُّ كَلَامًا مِّمَّنْ جَاءَ بِعْدُهُمْ، وَهٰذَا تَنَقُّصٌ عَظِيْمٌ بِالْسَّلَفِ الْصَّالِحِ وَإِسَاءَةُ ظَنٍّ بِهِمْ وَنِسْبَتُهُ لَهُمْ إِلَى الْجَهْلِ وَقُصُوْرِ الْعِلْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.

Ye sab hastiyaa'n mutakkhireen ki ba-nisbat mukhtasar (aur jaame) kalaam karti thee'n. Is qaul se salaf-o-saaleheen mein tanqees, badd-gumaani, jahaalat aur kam-ilmi laazim aati hai.

لاحول ولا قوة الا بالله!

وَلَقَدْ صَدَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فِيْ قَوْلِهِ فِي الْصَّحَابَةِ أَنَّهُمْ أَبَرُّ الْأُمَّةِ قُلُوْبًا، وَأَعْمُقُهَا عُلُوْمًا، وَأَقَلُّهَا تَكَلُّفًا، وَرُوِيَ نَحْوَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَيْضًا، وَفِيْ هٰذَا إِشَارَةٌ إِلى أَنَّ مَنْ بَعْدَهُمْ أَقَلُّ عُلُوْمًا وَّأَكْثَرُ تَكَلُّفًا.

Billah! Syedna Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ ne kya khoob farmaya tha: "Sahaba Ikram ummat mein sab se ziyaada nek-dil, gehra ilm rakhne waale aur be-takalluf hain". Taqreban isi tarah ki baat Syedna Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہ se bhi marwi hai. Is asar se saabit hota hai ke mutaakhkhireen mein ilm kam aur takalluf ziyaada hai.

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ أَيْضًا: إِنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ كَثِيْرٍ عُلَمَاؤُهُ قَلِيْلٍ خُطَبَاؤُهُ وَسَيَأْتِيْ بَعْدَكُمْ زَمَانٌ قَلِيْلٌ عَلَمَاؤُهُ كَثِيْرٌ خُطَبَاؤُهُ، فَمَنْ كَثُرَ عِلْمُهُ وَقَلَّ قَوْلُهُ فَهُوَ الْمَمْدُوْحُ، وَمَنْ كَانَ بِالْعَكْسِ فَهُوَ مَذْمُوْمٌ.

Ibne Masood رضی اللہ عنہ hi farmate hain: "Aap aise zamane mein hain ke jis mein ilm ziyaada aur khutba kam hain, aap ke baad aisa zamana aane waala hai, jis mein ulama kam aur khutba ziyaada ho'nge". Lehaza jis ki guftagu ilmi aur mukhtasar hogi, wo to qaabil-e-sataaish hai aur jiski aisi na houi, wo mazmoom[782] hai.[783]

[779] T: (گڑدانْنا) Khayaal karna, samajhna, tasleem karna, farz karna, maanna [Rekhta]

[780] T: (مَتْبُوع) Jiski pairawi ki jaae, peshwa [Rekhta]

[781] T: (اَعْلَم) Wo mujtahid-e-fiqa jo apne zamaane ke doosre faqeeho'n aur mujtahido'n se ilm, adl, aur zohad-o-taqwa mein Afzal ho, sab se bada faqeeh, mujtahid-e-aazam, bohot ilm rakhne waala, sab se bada aalim [Rekhta]

[782] T: (مَذمُوم) Bura, badd, kharaab [Rekhta]

[783] Bayaan Fazle Ilm as Salaf Alaa-al-Khalaf: P4-5

Saabiqa Ummato'n Ke Muwahhideen Ka Nazariya

Syedna Abdullah bin Abbas ﷺ bayaan karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya:

مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ بِرَائِحَةٍ طَيِّبَةٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذِهِ الرَّائِحَةُ يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: هٰذِهَ مَاشِطَةُ بِنْتِ فِرْعَوْنَ كَانَتْ تُمَشِّطُهَا، فَوَقَعَ الْمُشْطُ مِنْ يَّدِهَا، فَقَالَتْ: بِسْمِ اللّٰهِ، قَالَتِ ابْنَةُ فِرْعَوْنَ: أَبِيْ؟ قَالَتْ: رَبِّيْ وَرَبُّ أَبِيْكِ، قَالَتْ: أَقُوْلُ لَهُ إِذًا، قَالَتْ: قٹوْلِيْ لَهُ، قَالَ لَهَا: أَوَلَكِ رَبٌّ غَيْرِيْ؟ قَالَتْ: رَبِّيْ وَرَبُّكَ الَّذِيْ فِيْ السَّمَاءِ.

Jis raat mujhe meraaj karaai gai, main ek (1) paakiza khushboo ke paas se guzra. Maine kaha: Jibraeel! Ye khushboo kaisi hai? Unho'n ne bataaya ke ye firaun ki beti ki kanghi karne waali aurat (aur uske bete ki khushboo hai). Wo usey kanghi kar rahi thi ke uske haath se kanghi gir gai. Usne kaha: Bismillah. Firaun ki beti ne kaha: (Allah se tumhari muraad) Mere waali (hain)? Usne jawab diya: (Nahi, balke) Mera aur tumhare waalid ka Rabb. Usne kaha: Tab to main apne waalid ko bataau'ngi. Usne kaha: Bataa dena. (Firaun ko bataya gaya, to) usne kaha: Kya mere alaawa tumhara koi Rabb hai? Usne jawab diya: Mera aur tumhara Rabb wo hai, jo aasmaano ke oopar hai.[784]

Is hadees ko Imam Ibne Hibban[785] aur Imam Hakim[786] ﷺ ne "Saheeh" qaraar diya hai. Hafiz Zahabi ﷺ ne unki muwaafaqat ki hai.

Hafiz Ibne Kaseer ﷺ farmate hain:

إِسْنَادُهُ لَا بَأْسَ بِهِ.

Iski sanad mein koi kharaabi nahi.[787]

[784] Musnad Ahmad: V1 P310; Musnad Abi Ya'la-al-Mawsili: V7 P25 "واللفظ له"; Al Ahadees-al-Mukhtaara liz Ziya-al-Maqdisi: 288 (Sanad Hasan)

[785] H2904

[786] V2 P496

[787] Tafseer Ibne Kaseer: V5 P29 (سلامة)

Sifaat-e-Baari Ta’ala Aur Firqa-e-Zaalla

Sifaat-e-Baari Ta’ala mein tehreef-o-taateel, takeef-o-tamseel, aur tashbeeh mamnoo hai.

Hafiz Zahabi ؒ (d 748h) likhte hain:

كَانَ النَّاسُ فِيْ عَافِيَةٍ وَّسَلَامَةِ فِطْرَةٍ حَتّٰى نَبَغَ جَهْمٌ فَتَكَلَّمَ فِيْ الْبَارِيْ تَعَالٰى وَفِيْ صِفَاتِهِ بِخِلَافِ مَا أَتَتْ بِهِ الرُّسُلُ وَأُنْزِلَتْ بِهِ الْكُتُبُ، نَسْأَلُ اللّٰهَ الْسَّلَامَةَ فِيْ الدِّيْنِ.

Log saheeh-ul-aqeeda aur saleem-ul-fitrat the ke jaham bin safwaan aaya. Usne Allah aur Sifaat-e-Baari Ta’ala mein aisi guftagu shuru kardi, jo Rasoolo’n, aur Kubut-e-Munazzala[788] ki taalimaat ke mutasaadim[789] thi. Ham Allah Ta’ala se dua karte hain ke hame’n deen mein salaamati se behramand farmaae.[790]

Shaikh-ul-Islam Allama Ibne Taimiya ؒ (d 728h) farmate hain:

طَرِيْقَةُ سَلَفِ الْأُمَّةِ وَأَئِمَّتِهَا: أَنَّهُمْ يَصِفُوْنَ اللّٰهَ بِمَا وَصَفَ بِهِ نَفْسَهُ وَبِمَا وَصَفَهُ بِهِ رَسُوْلُهُ، مِنْ غَيْرِ تَحْرِيْفٍ وَّلَا تَعْطِيْلٍ، وَّلَا تَكْيِيْفٍ وَّلَا تَمْثِيْلٍ، إِثْبَاتٌ بِلَا تَمْثِيلٍ، وَّتَنْزِيْهٌ بِلَا تَعْطِيْلٍ، إِثْبَاتُ الْصِّفَاتِ، وَنَفْيُ مُمَاثَلَةِ الْمَخْلُوْقَاتِ.

Salaf-o-Saaleheen aur aimma-e-deen ka Sifaat-e-Baari Ta’ala mein maslak ye hai ke wo Allah Ta’ala ko un sifaat se muttasif[791] karte hain, jin se Allah Ta’ala ne khud apne aap ko muttasif kiya, ya Rasool Allah ﷺ ne muttasif kiya In sifaat mein Tehreef[792], Taateel[793], Takeef[794], ya Tamseel[795] se kaam nahi lete. Balke baghair tamseel ke isbaat[796] karte hain aur baghair taateel ke tanziya[797] karte hain, sifaat ko saabit karte hain aur makhluqaat se mumaasalat ki nafi karte hain.[798]

---

[788] T: (مُنَزَّلَه) Naazil-shuda kitaabe’n [RSB]

[789] T: (مُتَصادِم) Ek-doosre se takraane waala, takra jaane waala [Rekhta]

[790] Taareekh-ul-Islam: V3 P389

[791] T: (مُتَّصَفْ) Jiske saath koi wasf lagaa ho, jis mein koi wasf paaya jaae, mausoof, taareef kiya gaya [Rekhta]

[792] T: (تحريف) Tahreef ke lughawi maane: Taghaiyyur o tabaddul [Mojam Maghaees ul Lugha P255; Al Qamoos ul Muheet: P1033) Tahreef ke istelaahi maane: Asma o Sifaat ki nusoos ya unke maane ko muraad e Ilaahi se pher dena hai [Mo’taqad Ahlus Sunnah wal Jamaah Fee Tauheed al Asma wa Sifaat P59]

[793] T: (تعطيل) Taateel ke lughawi maane: Khaali karna aur chod dena [Mojam Maghaees ul Lugha P787] Asma o Sifaat mein Taateel ke maane: Tamaam naamo sifaat ko ya un mein se baaz ki nafi karna [Al Jawaab ul Kaafi Lman Sa-al A’n ad Dawaa ash Shaafi: P153; Allah ke tamaam naam o sifaat ya un mein se baaz ki nafi karna hai, ya Allah ki zaat ke saath qiyaam e sifaat ka inkaar karna hai [Sharah Al Aqeeda al Waastiya lil Haraas: P21; Maqaala at Taateel lil Hamd: P18-22]

[794] T: (تكيف) Takeef ke lughawi maane: Kisi cheez ki haalat aur uski sifat bayaan karna [Al Kulliyaat: P752; Al Mojam ul Waseet: V2 P807] Asma o Sifaat mein Takeef ka matlab: Kisi cheez ko ek (1) muayyan haiyat mein rakhna [Al Qawaaed ul Muthla: P34 An Nafi Fee Baab Sifaat Allah Azzo Wajal: P71]; Allah ki sifaat ke liye kaifiyat bayaan karna [AS]

[795] T: (تمثيل) Tamseel ke lughawi maane: Kisi cheez ko kisi cheez se tashbeeh dena [Al Mojam ul Waseet: V2 P853; Asma o Sifaat mein “Tamseel” ka matlab Allah ki sifaat ke baare mein ye eteqaad rakhna ke wo makhluqaat ki sifaat ki tarah hain [Mo’taqad Ahlus Sunnah wal Jamaah Fee Tauheed al Asma wa Sifaat: P65

Masaael e Asma o Sifaat ko ba-khoobi samajhne ke liye is link par Shaikh Obaidullah Baaqi ka urdu article zaroor mulaahaza farmaae [RSB]

[796] T: (اثبات) Iqraar, haan [Rekhta]

[797] T: (تَنْزِيَه) Ikhtelaat-e-faasida ko khaarij karna, purification [Urduinc]

[798] Minhaj us Sunnah an Nabawiyya: V2 P523

Allama Ibne Qaiyyim رحمہ اللہ (d 751h) naqal karte hain:

فِيْ الْآيَاتِ الْمُتَشَابِهَةِ فِيْ الْقُرْآنِ أَنْ نَقْبَلَهَا وَلضا نَرُدَّهَا وَلَا نَتَأَوَّلَهَا بِتَأْوِيْلِ الْمُخَالِفِيْنَ وَلَا نَحْمِلُهَا عَلٰى تَشْبِيْهِ الْمُشَبِّهِيْنَ وَلَا نَزِيْدُ عَلَيْهَا وَلضا نَنْقُصُ مِنْهَا وَلَا نُفَسِّرُهَا، وَلَا نُكَيِّفُهَا وَلَا نُتَرْجِمُ عَنْ صِفَاتِهِ بِلُغَةٍ غَيْرِ الْعَرَبِيَّةِ، وَلَا نُشِيْرُ إِلَيْهَا بَخَوَاطِرِ الْقُلُوْبِ وَلَا بِحَرَكَاتِ الْجَوَارِحِ بَلْ نُطْلِقُ مَا أَطْلَقَهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ.

Quran ki mutashaaba aayaat ko ham qubool karte hain, unhe'n radd nahi karte, mukhalifeen ki tarah taaweel nahi karte, mushtaba ki tarah tashbeeh bayaan nahi karte, un par ziyaadati nahi karte, na un se kami karte hain, na uski (apni taraf se) tafseer karte hain, na uski kaifiyat bayaan karte hain, na Sifaat-e-Baari Ta'ala ka arbi ke alaawa kisi zabaan mein tarjuma karte hain, aur na hi sifaat ki taraf dil ke khaylaat ya jism ke harakaat se ishaara karte hain. Balke jise Allah Azzo Wajal ne mutlaq rakha hai, ham bhi mutlaq rakhte hain.

وَنُفَسِّرُ مَا فَسَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَأَصْحَابُهُ وَالتَّبِعُوْنَ وَالْأَئِمَّةُ الْمَرْضِيُّوْنَ مِنَ السَّلَفِ الْمَعْرُوْفِيْنَ بِالدِّيْنِ وَالْأَمَانَةِ وَنَجْمَعُ عَلٰى مَا أَجْمَعُوْا عَلَيْهِ، وَنُمْسِكُ عَنْ مَا أَمْسَكُوْا عَنْهُ، وَنُسَلِّمُ الْخَبَرَ الظَّاهِرَ وَالْآيَةَ الظَّهِرَ تَنْزِيْلُهَا لَا نَقُوْلُ بَتَأْوِيْلِ الْمُعْتَزِلَةِ وَالْأَشْعَرِيَّةِ وَالْجَهْمِيَّةِ وَالْمُلْحِدَةِ وَالْمُجَسِّمَةِ وَالْمُشَبِّهَةِ وَالْكَرَّامِيَّةِ وَالْكَيْفِيَّةِ بَلْ نَقْبَلُهَا بِلَا تَأْوِيْلٍ، وَنُؤْمِنُ بِهَا بِلَا تَمْثِيْلٍ، وَنَقُوْلُ: الْإِيْمَانُ بِهَا وَاجِبٌ وَالْقَوْلُ بِهَا سُنَّةٌ وَابْتِغَاءُ تَأْوِيْلِهَا بِدْعَةٌ.

Albatta jiski tafseer Nabi-e-Kareem ﷺ, Sahaba Ikram, Taabaeen-e-Azzaam, ya Salaf-o-Saaleheen mein se maaroof, mutaddeen[799], aur motabar Aimma ne ki ho, uski ham bhi tafseer karte hain. Jis par salaf ne ijma kiya, ham bhi ijma karte hain, jis (ki tafseer) se salaf ruk gae, ham bhi ruk jaate hain, ham aayat aur hadees ke zaahir ko tasleem karte hain, us mein motazala, ashaaerah, jahmiyya, mulaahada, mujassima, mushbiha, karaamiya, aur mukeefa (مکیفہ) (sifaat ki apni taraf se kafiyat byaan karne waale) ki tarah taaweel nahi karte. Balke un (aayaat-o-ahadees) ko baghair taaweel kiye qubool karte hain, us par bila-tamseel imaan laate hain aur kehte hain: Un par imaan laana waajib hai, unka izhaar sunnat hai, aur unki taaweel talash karna bidat hai.[800]

Imam Wakee bin-al-Jarraah رحمہ اللہ (d 196h) farmate hain:

أَدْرَكْنَا إِسْمَاعِيْلَ بْنَ أَبِيْ خَالِدٍ وَّسُفْيَانَ وَمِسْعَرًا يُّحَدِّثُوْنَ بِهٰذِهِ الْأَحَادِيْثِ وَلَا يُفَسِّرُوْنَ شَيْئًا.

Maine Ismail bin Abu Khalid, Sufiyan aur Misa'r ﷺ ko dekha, wo in (Sifaat-e-Baari Ta'ala waali) ahadees ko bayaan kiya karte the, koi tafseer nahi karte the.[801]

Ashaaera aur Maaturidiya Allah ki sirf saat (7) sifaat maante hain. Wo ye hain: Sama', Basar, Ilm, Kalaam, Qudrat, Iraada, aur Hayaat. Baaqi sab sifaat mein taaweel karte hain.

Farman-e-Baari Ta'ala hai:

الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى.

Rahman Apne Arsh Par Mustawi Hai.[802]

[799] T: (مُتَدَيّن) Deendaar, muttaqi, parhezgaar, nek, imandaar, dayanatdaar [Rekhta]
[800] Ijtema-al-Juyoosh-al-Islamiyya: V2 P173
[801] Taareekh Ibne Muyeen Biriwaaya ad Dauri: H2543; Al Asma was Sifaat lil Bayhaqi: 759
[802] Surah Taha: 5

Aimma-e-Salaf-o-Saleheen ne is aayat ki tafseer mein iske zaahiri maane liye hain. Un sab ka ittefaaq hai ke Allah apne arsh par buland hai, har jagah nahi.

Allah Ta'ala ko har jagah manna gumrah jahmiyya ka aqeeda hai, na ke Ahle Sunnat ka.

Baaz hazraat ne kaha hai: "Is aayat ke baare mein tamaam ulama ne ye farmanay ake iske zaahiri maane muraad nahi hain, phir baaz hazraat ne to isko majaaz qaraar diya aur kaha isse ghalba aur qudrat waghaira hai aur baaz hazraat ne farmaya ke ye aayat un mutashabahaat mein se hai, jin ke baare mein Allah Ta'ala ne farmaya hai:

وَلَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلَّا اللّٰهُ.

Iski Taaweel-o-Tafseer Allah Ke Siwa Koi Nahi Jaanta.[803]

Unki ye baat khilaf-e-waaqia hai.

[803] Surah Aale Imran: 7

Shaikh-ul-Islam Allama Ibne Taimiya رحمہ اللہ (d 728h) famrate hain:

هٰذِهِ التَّأْوِيْلَاتُ مِنْ بَابِ تَحْرِيْفِ الْكَلِمِ عَنْ مَّوَاضِعِهِ، وَالْإِلْحَادِ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ، وَهِيَ مِنْ بَابِ الْكَذِبِ عَلَىٰ اللّٰهِ وَعَلٰى رَسُوْلِهِ وَكِتَابِهِ، وَمِثْلُ هٰذِهِ لَا تَجْعَلْ حَقًّا حَتّٰى يُقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ اسْتَأْثَرَ بِعِلْمِهَا، بَلْ هِيَ بَاطِلٌ، مِثْلُ شَهَادَةِ الزُّوْرِ، وَكُفْرِ الْكُفَّارِ يَعْلَمُ اللّٰهُ أَنَّهَا بَاطِلٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ عِبَادَهُ بُطْلَانَهَا بِالْأَسْبَابِ الَّتِيْ بِهَا يَعْرِفُ عِبَادُهُ مِنْ نَصْبِ الْأَدِلَّةِ وَغَيْرِهَا وَأَصْلُ وَقُوْعِ أَهْلِ الضَّلَالِ فِيْ مِثْلِ هٰذَا التَّحْرِيْفِ، الْإِعْرَاضُ عَنْ فَهْمِ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى، كَمَا فَهِمَهُ الصَّحَابَةُ وَالتَّابِعُوْنَ، وَمُعَارَضَةُ مَا دَلَّ عَلَيْهِ بِمَا يُنَاقِضُهُ، وَهٰذَا هُوَ مِنْ أَعْظَمِ الْمُحَادَّةِ لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ، لٰكِنْ عَلٰى وَجْهِ النِّفَاقِ وَالْخِدَاعِ.

Ye taawilaat kalaamullah ki sareeh tehreef aur aayaat-e-baiyyinaat mein ilhaad[804] hai. Allah, uske Rasool, aur Quran par jhoot hai. Aap ko kaha jaae ke in sifaat ke maane Allah ne apna paas rakhe hain, to aap usey haq mat samjhe'n, balke ye bilkul baatil hai.

Jaise jhooti gawaahi aur kuffaar ke kufr ko Allah jaanta hai ke ye baatil hai, usi tarah Allah Ta'ala apne bando'n par bhi kuch asbaab ke zariye unka butlaan[805] ayaa'n kar deta hai. Masalan: Dalaael waghaira.

Gumraho'n ki tehreef mein wuqoo ki asal wajah ye hai ke unho'n ne kitabullah ko waise nahi samjha jaise Sahaba Ikram aur Taabaeen-e-Azzaam ne samjha tha. Doosri badi wajah ye hai ke Kitab-o-Sunnat ke madlulaat[806] se muaaraza[807] karna hai. Ye bhi (kuffaar) ki tarah Allah aur Rasool-e-Kareem ﷺ ke dushman hain, bas farq ye hai ke unki dushmani nifaaq aur dhoka ki bina par hai.[808]

Nez farmate hain:

تَأْوِيْلُ هٰؤُلَاءِ الْمُتَأَخِّرِيْنَ عِنْدَ الْأَئِمَّةِ تَحْرِيْفٌ بَاطِلٌ.

Aimma-e-Haq ke mutaabiq in mutaakhkhireen ki taaweel, baatil tehreef hai.[809]

Aayaat-e-Sifaat ko mutashabihaat qaraar dena haqeeqat mein mufawwaza[810] ka mazhab hai. Wo sifaat waali nusoos ko mutashaaba kehte hain, unki muraad hoti hai ke Sifaat-e-Baari Ta'ala aur Asma-e-Husna ke maane Allah ke siwa koi nahi jaanta. Salaf-o-Saaleheen aur Aimma-e-Ahle Hadees isse bari the. Wo unki kaifiyat ka ilm Allah ke supurd karte the, wo Istwa A'lal Arsh, Nuzool waghaira ke maane se waqif the.

Sifaat waali aayaat ko mutshabihaat qaraar dena, tauheed se roo-gardaani hai aur salaf-o-saaleheen ki mukhlifat hai. Salaf ki mukhlifat mein koi aqeeda motabar nahi. Tauheed waali aayaat ko mutashabihaat qaraar de kar Qadariyya, Jabariyya, Jahmiyya, Ashaaera, Maaturidiyya, Raafziyya, Mafooza aur Khwaarij ne khoob faaeda uthaaya hai. You'n bohot saari aayaat-e-baiyyinaat ko muhmal (be-maane) bana kar mua'ttila ban gae. Har saaheb-e-ilm jaanta hai ke Sifaat-e-Baari Ta'ala aqeeda-e-tauheed ki asaas hain, aur mohkam aayaat se saabit hain.

---

[804] T: (اِلْحَادْ) Kufr, usool-e-islaam se inkaar ya inheraaf, laa-mazhabiyyat, dahriyyat [Rekhta]
[805] T: (بُطْلان) Baatil karne ya hone ka amal [Rekhta]
[806] T: (مَدلُولات) Saabit ki hui, ya dalaalat ki hui baate'n, batlaae gae maane [Rekhta]
[807] T: (مُعارَضَہ) Jhagda, eteraaz, muqaabla [Rekhta]
[808] Dar-oo Ta-aaruz-ul-Aql wan Naql: V5 P383
[809] Majmua Fatawa: V13 P295
[810] T: (مُفَوَّضَہ) Sifaat e Baari Ta'ala ko unke haqeeqi maane par mahmool karna, par unki kaifiyat bayaan nahi karna. Misaal ke taur par Quran mein Allah Ta'ala ne sifat e "yadd" (ید) ka isbaat kiya hai, to yad ke haqeeqi maane "haath" ka Allah Ta'ala ke liye isbaat kiya jaaega, lekin Allah ka haath kaisa hai? Ham uski kaifiyat bayaan nahi kare'nga aur na uske baare mein bahes mein pade'nge [RSB]
Urdu mein is par mazeed tafseel ke liye is link par click keejiye

Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiyya رحمہ اللہ (d 728h) farmate hain:

مِنْ هُنَا قَالَ مَنْ قَالَ مِنَ النُّفَاةِ: إِنَّ طَرِيْقَةَ الْخَلَفِ أَعْلَمُ وَأَحْكَمُ، وَطَرِيْقَةَ السَّلَفِ أَسْلَمُ، لِأَنَّهُ ظَنَّ أَنَّ طَرِيْقَةَ الْخَلَفِ فِيْهَا مَعْرِفَةُ النَّفْيِ، الَّذِيْ هُوَ عِنْدَهُ الْحَقُّ، وَفِيْهَا طَلَبُ التَّأْوِيْلِ لِمَعَانِيْ نُصُوْصِ الْإِثْبَاتِ.

Munkir-e-Sifaat-e-Baari Ta'ala ka kehna hai: Hamara tareeqa ahkam[811] aur aalam (اَعْلَم)[812] hai, jabke salaf ka tareeqa aslam[813] hai. Kyou'nke wo samajhta hai ke khalf[814] ke tareeqa mein nafi, jo ke uske nazdeek haq hai, ki maa'rifat aur sifaat ke isbaat waali aayaat mein taaweel ki raah mil jaati hai.

فَكَانَ فِيْ هٰذِهِ عِنْدَهُمْ عِلْمٌ بِمَعْقُوْلٍ، وَتَأْوِيْلٌ لِّمَنْقُوْلٍ، لَيْسَ فِيْ الطَّرِيْقَةِ الَّتِيْ ظَنَّهَا طَرِيْقضةَ الْسَّلَفِ، وَكَانَ فِيْهِ أَيْضًا رَدٌّ عَلٰى مَنْ يَّتَمَسَّكُ بِمَدْلُوْلِ النُّصُوْصِ.

Mutaakhkhireen ke is tariqa mein maaqulaat[815] ka aisa ilm aur manqulaat[816] mein aisi taaweel hai jo ba-zo'm-e-khud[817] mutaqaddimeen ke tariqa mein nahi milti. Is mein aise shakhs ka bhi radd hai jo nuzoos ke madlulaat[818] ki pairawi karta hai.

وَهٰذَا عِنْدَهُ مِنْ إِحْكَامِ تِلْكَ الطَّرِيْقِ، وَمَذْهَبُ الْسَّلَفِ عِنْدَهُ عَدَمُ النَّظَرِ فِيْ فَهْمِ النُّصُوْصِ، لِتَعَارُضِ الْاِحْتِمَالَاتِ، وَهٰذَا عِنْدَهُ أَسْلَمُ، لِأَنَّهُ إِذَا كَانَ الْلَّفْظُ يَحْتَمِلُ عِدَّةَ مَعَانٍ، فَتَفْسِيْرُهُ بِبَعْضَهَا دُوْنَ بَعْضٍ فِيْهَ مُخَاطَرَةٌ، وَفِيْ الْإِعْرَاضِ عَنْ ذٰلِكَ سَلَامَةٌ مِّنْ هٰذِهِ الْمُخَاطَرَةِ.

You'n wo is tariqa-e-mutaakhkhireen ko mustahkam karta hai. Ye samajhta hai ke mazhab-e-salaf ye hai ke nusoos ke faham par tawajjo na di jaae, kyou'nke ehtamalaat mukhtalif hain, lehaza ye tariqa aslam hai. Kyou'nke jab ek (1) lafz ke kai maane ho'n, to us soorat mein baaqi sab maane ko nazar-andaaz karke sirf ek (1) ke saath tafseer kar dena, khatre se khaali nahi hai aur tafseer na karne mein salaamati hai.

فَلَوْ كَانَ قَدْ بَيَّنَ وَتَبَيَّنَ لِهٰذَا وَأَمْثَالِهِ أَنَّ طَرِيْقَةَ الْسَّلَفِ إِنَّمَا هِيَ إِثْبَاتُ مَا دَلَّتْ عَلَيْهِ الْمُصُوْصُ مِنَ الْصِّفَاتِ، وَفَهْمُ مَا دَلَّتْ عَلَيْهِ، وَتَدَبُّرُهُ وَعَقْلُهُ، وَإِبْطَالُ طَرِيْقَةِ النُّفَاةِ، وَبَيَانُ مُخَالَفَتِهَا لِصَرِيْحِ الْمَعْقُوْلِ وَصَحِيْحِ الْمَنْقُوْلِ، عُلِمَ أَنَّ طَرِيْقَةَ الْسَّلَفِ أَعْلَمُ وَأَحْكَمُ وَأَسْلَمُ، وَأَهْدٰى، إِلَى الْطَّرِيْقِ الْأَقْوَامِ، وَأَنَّهَا تَتَضَمَّنُ تَصْدِيْقَ الْرَّسُوْلِ فِيْمَا أَخْبَرَ بِهِ، وَفَهْمَ ذٰلِكَ وَمَعْرِفَتَهُ.

Agar isey ya is jaise doosre munkireen-e-sifaat par ayaa'n ho jaata hai ke salaf ka tariqa ye hai ke aayaat-e-sifaat ke madlulaat ko saabit kiya jaae aur unka faham, tadabbur-o-dark (دَرْک)[819] haasil kiya jaae, sifaat ki nafi karne waalo'n ke maslak ka radd kiya jaae aur ye waazeh kiya jaae ke unka tariqa sareeh maaqulaat aur saheeh manqulaat ke mukhalif hai, to ye jaan leta ke salaf ka tariqa hi aslam, ahkam, aur aalam (اَعْلَم) hai. Nez ye sab se ziyaada seedha raasta hai aur Rasool Allah ﷺ ki ahadees ki tasdeeq, unke faham-o-maa'rifat ko

[811] T: (اَحْكَم) Bohot ziyaada mazboot, paaedaar, pukhta [Rekhta]
[812] T: (اَعْلَم) Wo mujtahid-e-fiqa jo apne zamaane ke doosre faqeeho'n aur mujtahido'n se ilm, adl, aur zohad-o-taqwa mein Afzal ho, sab se bada faqeeh, mujtahid-e-aazam, bohot ilm rakhne waala, sab se bada aalim [Rekhta]
[813] T: (اَسْلَم) Salaamati aur durusti ke ziyaada qareeb, bilkul mehfooz [Rekhta]
[814] T: (خَلْف) Peeche aane waale log, mutaakhkhireen, jaanasheen [Rekhta]
[815] T: (مَعْقُولات) Hikmat-o-falsafa-o-mantiq ki baate'n [Rekhta]
[816] T: (مَنقُولات) Manqool ki jamaa khusoosan uloom-e-ghair aqali masalan Hadees, Tafseer wagahria [Rekhta]
[817] T: (بَزُعْمِ خُود) Apne khayaal ya gumaan ke mutaabiq [Rekhta]
[818] T: (مَدلُولات) Saabit ki hui, ya dalaalat ki hui baate'n, batlaae gae maane [Rekhta]
[819] T: (دَرْک) Kisi ilm-o-fann ya kaam mein dakhal, pehchaan, rasaai, mudaakhalat, aqal, idraad, ilm, waaqfiyat [Rekhta]

mutzammin[820] hai. Sareeh aqal ke muwaafiq yehi raasta hai jo tariqa iske mukhaalif ho, wo baatil aur ghalat hai.

وَأَنَّ ذٰلِكَ هُوَ الَّذِيْ يَدُلُّ عَلَيْهِ صَرِيْحُ الْمَعْقُوْلِ، وَلَا يُنَاقِضُ ذٰلِكَ إِلَّا مَا هُوَ بَاطِلٌ وَّكَذِبٌ، وَأَنَّ طَرِيْقَةَ النُّفَاةِ الْمُنَافِيَةِ لِمَا أَخْبَرَ بِهِ الرَّسُوْلُ طَرِيْقَةٌ بِاطِرَةٌ شَرْعًا وَّعَقْلًا، وَّأَنَّ مَنْ جَعَلَ طَرِيْقَةَ السَّلَفِ عَدَمُ الْعِلْمِ بِمَعَانِيْ الْآيَاتِ، وَعَدَمُ إِثْبَاتِ مَا تَضَمَّنَتْهُ مِنَ الصِّفَاتِ، فَقَدْ غَيْرَ الْحَقِّ، إِمَّا عَمَدًا وَّإِمَّا خَطَأً، كَمَا أَنَّ مَنْ قَالَ عَلَى الرَّسُوْلِ: إِنَّهُ لَمْ يُبْعَثْ بِإِثْبَاتِ الصِّفَاتِ، بَلْ بُعِثَ بِقَوْلِ النُّفَاةِ، كَانَ مُفْتَرِيًا عَلَيْهِ، وَهٰؤُلَاءِ النُّفَاةُ هُمْ كَذَّابُوْنَ، إِمَّا عَمَدًا وَّإِمَّا خَطَأً، عَلَى اللهِ وَعَلَى رَسُوْلِهِ، وَعَلَى سَلَفِ الْأُمَّةِ وَأَئِمَّتِهَا، كَمَا أَنَّهُمْ كَذَّبُوْنُ، إِمَّ عَمَدًا وَّإِمَّا خَطَأً، عَلَى عُقُوْلِ النَّسِ، وَعَلَى مَا نَصَبَهُ اللهُ تَعَالَى مِنَ الْأَدِلَّةِ الْعَقْلِيَّةِ، وَالْبَرَهِيْنَ الْيَقِيْنِيَّةِ.

Munkireen-e-sifaat, jo ke ahadees ki nafi karte hain, ka raasta baatil hai aur aqal-o-naqal ke mukhalif hai. Jis ne nusoos ke maane ke adm-e-ilm aur usme maujood sifaat ke adm-e-isbaat ko salaf ka tariqa qaraar diya hai, usne daanista ya na-daanista taur par ghalat baat ki hai. Jaisa ke baaz ne Rasool Allah ﷺ par jhoot baandha hai ke aap ko sifaat ke isbaat ke liye mab-oos nahi kiya gaya, balke munkireen-e-sifaat ki taaeed ke liye bheja gaya hai, aisa shakhs jhoota hai. Ye munkireen-e-sifaat bhi daanista ya na-daanista taur par Allah, uske Rasool ﷺ, aslaaf-e-ummat aur aimma-e-ikraam par jhoot baandh rahe hain, isi tarah ye daanista ya na-daanista taur par logo'n ki aqalo'n aur Allah Ta'ala ke diye hue aqali dalaael aur yaqeeni baraheen par bhi jhoot baandh rahe hain.[821]

Nez farmate hain:

مَنْ آتَاهُ اللهُ عِلْمًا وَّإِيْمَانًا، عَلِمَ أَنَّهُ لَا يَكُوْنُ عِنْدَ الْمُتَأَخِّرِيْنَ مِنَ الْ تَّحْقِيْقِ، إِلَّا مَا هُوَ دُوْنَ تَحْقِيْقِ الْسَّلَفِ لَا فِيْ الْعِلْمِ وَلضا فِيْ الْعَمَلِ، وَمَنْ كَانَ لَهُ خِبْرَةٌ بِالْنَّظَرِيَّاتِ وَالْعَقْلِيَّاتِ، وَبالْعَمْلِيَّاتِ، عِلِمَ أَنَّ مَذْهَبَ الْصَّحَابَةِ ذَائِمًا أَرْجَعُ مِنْ قَوْلِ مَنْ بَعْدَهُمْ، وَأَنَّهُ لَا يَبْتَدِعُ أَحَدٌ قَوْلًا فِيْ الْإِسْلَامِ إِلَّا كَانَ خَطَأً، وَكَانَ الْصَّوَابُ قَدْ سَبَقَ إِلَيْهِ مَنْ قَبْلَهُ.

Jise Allah Ta'ala ne ilm-o-imaan ki daulat de rakhi ho, wo ba-khoobi jaan jaaega ke ilm ho ya amal, mutaakhkhireen ki tehqeeq mutaqaddimeen ki ba-nisbat behre-kaif kam hi hai. Jaise nazariyaat, aqalliyaat, aur amaliyaat ki mumaarasat[822] hai, us par ye baat ayaa'n hai ke Sahaba Ikram ka mauqif baad waalo'n par hamesh raajeh hi raha hai. Durust baat ki taraf mutaqaddimeen sabqat le jaa chuke hain, lehaza ab jo bhi islam mein nai baat karega, khata khaaega.[823]

Allama Shanqiti رحمہ اللہ (d 1393h) farmate hain:

لِأَنَّ آيَاتِ الْصِّفَاتِ لَا يُطْلَقُ عَلَيْهَا اسْمُ الْمُتَشَابِهِ بِهٰذَا الْمَعْنٰى مِنْ غَيْرِ تَفْصِيْلٍ، لِّأَنَّ مَعْنَاهَا مَعْلُوْمٌ فِيْ الْلُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَلَيْسَ مُتَشَابِهًا، وَّلٰكِنَّ كَيْفِيَّةَ اتِّصَافِهِ جَلَّ وَعَلا بِهَا لَيْسَتْ مَعْلُوْمَةً لِّلْخَلْقِ.

Aayaat-e-Sifaat par is maane mein baghair kisi tafseel ke mutashaaba ka lafz nahi bola jaa sakta, kyou'nke unke maane lughat-e-arab mein maaloom hai, mutashaaba nahi. Haa'n Baari Ta'ala ki un sifaat ke saath muttasif hone ki kaifiyat makhlooq ko maaloom nahi.[824]

[820] T: (مُتَضَمِّن) Shaamil, mushtamil, daakhil, mashmoola [Rekhta]
[821] Dar-oo Ta-aaruz-ul-Aql wan Naql: V5 P378-379
[822] T: (مُمارَسَت) Mahaarat, tajarba [Rekhta]
[823] Al Imaan: P417
[824] Muzakkarah Fee Usool-ul-Fiqa: P65

Allama Khaleel Ahmad Saharanpuri Sahab likhte hain:

"Is qism ki aayaat mein hamara mazhab ye hai ke in par imaan laate hain aur kaifiya tpar bahes nahi karte. Yaqeenan jaante hain ke Allah Subhanahu wa Ta'ala makhlooq ke ausaaf se munazzah aur naqs-o-hudoos[825] ki alaamaat se mubarra[826] hai. Jaisa ke hamare mutaqaddimeen ki raae hai aur hamare mutaakhkhireen imaamo'n ne in aayaat mein jo saheeh aur lughat-o-shara'[827] ke etebaar se jaaez taaweele'n farmaai hain, take kam-faham samajh le'n. Masalan: Ye ke mumkin hai istawa se muraad ghalba ho, aur haath se muraad qudrat. To ye bhi hamare nazdeek haq hai. Albatta jihat-o-makaan ka Allah Ta'ala ke liye saabit karna ham jaaez nahi samajhte aur you'n kehte hain ke wo jihat-o-makaaniyat aur jumla alaamaat-e-hudoos se munazza hai".[828]

Shaikh-ul-Islam Allama Ibne Taimiya رحمہ اللہ (d 728h) farmate hain:

لَفْظُ الْجِهَةِ قَدْ يُرَادُ بِهِ شَيْءٌ مَّوْجُوْدٌ غَيْرُ اللهِ فَيَكُوْنُ مَخْلُوْقًا، كَمَا إِذَا أُرِيْدَ بِالْجِهَةِ نَفْسُ الْعَرْشِ أَوْ نَفْسُ السَّمٰوَاتِ، وَقَدْ يُرَادُ بِهِ مَا لَيْسَ بِمَوْجُوْدٍ غَيْرُ اللهِ تَعَالٰى، كَمَا إِذَا أُرِيْدَ بِالْجَهَةِ مَا فَوْقَ الْعَالَمِ.

Lafz-e-Jihat se kabhi Allah ke alaawa maujood cheez muraad hogi, is soorat mein usey makhlooq kahe'nge, isi tarah agar jihat se muraad arsh ya aasmaan le'n (to bhi makhlooq hogi) aur kabhi usse muraad Allah ke alaawa ghair maujood cheez hoti hai. Jaisa ke jihat se muraad kaaenaat se oopar waali jaanib le'n.

وَمَعْلُوْمٌ أَنَّهُ لَيْسَ فِيْ النَّصِّ إِثْبَاتُ لَفْظِ الْجِهَةِ وَلضا نَفْيُهُ، كَمَا فِيْهِ إِثْبَاتُ الْعُلُوِّ وَالْاِسْتِوَاءِ وَالْفَوْقِيَّةِ وَالْعُرُوْجِ إِلَيْهِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ، وَقَدْ عُلِمَ أَنَّ مَا ثَمَّ مَوْجُودٌ إِلَّا الْخَالِقَ وَالْمَخْلُوْقَ، وَالْخَالِقُ مُبَايِنٌ لِّلْمَخْلُوْقِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى، لَيْسَ فِيْ مَخْلُوْقَاتِهِ شَيْءٌ مِّنْ ذَاتِهِ، وَلَا فِيْ ذَاتِهِ شَيْءٌ مِّنْ مَخْلُوْقَاتِهِ.

Ye baat maaloom hai ke nas mein lafz-e-jihat ka isbaat waarid hua hai, na nafi. Lekin uloo, istawa, fauqiyyat aur urooj waghaira ka isbaat hai. Ye bhi haqeeqat hai ke kaaenaat mein ya Khaliq hai, ya makhlooq (teesri cheez koi nahi). Khaliq, makhlooq se alaahada hai, na makhlooq mein Khaliq ki zaat ka kuch unsur[829] hai aur na hi Khaliq mein makhlooq ki zaat ka koi hissa daakhil hai.

فَيُقَالُ لِمَنْ نَفَى الْجِهَةَ: أَتُرِيْدُ بِالْجِهَةِ أَنَّهَا شَيْءٌ مَّوْجُوْدٌ مَخْلُوْقٌ، فَاللهُ لَيْسَ دَاخِلًا فِيْ الْمَخْلُوْقَاتِ، أَمْ تُرِيْدُ بِالْجِهَةِ مَا وَرَاءَ الْعَالَمِ، فَلَا رَيْبَ أَنَّ اللهَ فَوْقَ الْعَالَمِ، بَائِنٌ مِّنَ الْمَخْلُوْقَاتِ.

Munkir jihat ko kaha jaaega ke aap kisi maujood aur makhlooq cheez ko jihat kehte hain, to Allah makhluqaat mein daakhil nahi hai aur agar aap jihat se muraad kaaenaat se maa-waraa[830] makaan lete hain, to Allah Ta'ala kaaenaat se oopar hai aur makhluqaat se juda hai.

وَكَذٰلِكَ يُقَالُ لِمَنْ قَالَ: إِنَّ اللهَ فِيْ جِهَةٍ، أَتُرِيْدُ بِذٰلِكَ أَنَّ اللهَ فَوْقَ الْعَالَمِ، أَوْ تُرِيْدُ بِهِ أَنَّ اللهَ دَاخِلٌ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ الْمَخْلُوْقَاتِ.

Munkir-e-jihat ko kaha jaaega ke aap kisi maujood aur makhlooq cheez ko jihat kehte hain, to Allah makhluqaat mein daakhil nahi hai aur agar aap jihat se muraad kaaenaat se maa-waraa makaan lete hain, to Allah Ta'ala kaaenaat se oopar hai aur makhluqaat se juda hai.

فَإِنْ اَرَدْتَّ الْأَوَّلَ فَهُوَ حَقٌّ، وَّ إِنْ أَرَدْتَّ الثَّانِيَ فَهُوَ بَاطِلٌ.

Allah Ta'ala ko jihat mein maanne waale se bhi arz kiya jaaega ke aap ki muraad ye hai ke Allah Ta'ala kaaenaat se oopar hai, ya kisi makhlooq mein daakhil hai? Agar

[825] T: (حُدُوث) Adm se wujood mein aana, naya-naya paida hona, waaqe hona [Rekhta]
[826] T: (مُبَرَّا) Kisi gunaah, tohmat ya sifat-e-mazmoom wahgaira se bari, paak-o-saaf [Rekhta]
[827] T: (شَرع) Deen, shariyat [Rekhta]
[828] Al Muhannad Alaa-al-Mufannad: P48
[829] T: (عُنْصُر) Juz, hissa, factor, element [Rekhta]
[830] T: (مَاوَرا) Parey, baahar, alaawa [Rekhta]

pehli baat muraad hai, to saheeh hai aur agar doosri muraad hai to baatil hai.[831]

Nez likhte hain:

هٰؤُلَاءِ أَخَذُوْا لَفْظَ الْجِهَةِ بِالْإِشْتِرَاكِ وَتَوَهَّمُوْا وَأَوْهَمُوْا أَنصّهُ إِذَا كَانَ فِيْ جِهَةٍ كَانَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ غَيْرِهِ، كَمَا يَكُوْنُ الْإِنْسَانُ فِيْ بَيْتِهِ، وَكَمَا يَكُوْنُ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالْكَوَكِبُ فِيْ السَّمَاءِ، ثُمَّ رَتَّبُوْا عَلٰى ذٰلِكَ أَنَّهُ يَكُوْنُ مُحْتَاجًا إِلٰى غَيْرِهِ، وَاللّٰهُ تَعَالٰى غِنِيٌّ عِنْ كُلِّ مَا سِوَاهُ، وَهٰذِهِ مُقَدِّمَاتٌ كُلُّهَا بَاطِلَةٌ.

In (jahmiyya) ne lafz-e-jihat ko (Khaliq-o-makhlooq mein) mushtarik samjha. Khud bhi wahem ka shikaar hue aur doosro'n ko bhi wahem daala ke agar Allah ki koi jihat hai, to har cheez hi kisi na kisi jihat mein hai. Jaise insaan apne ghar mein hota hai aur sooraj, chaand, sitaare, aasmaan mein hain. Phir kaha ke un mein har ek, doosre ka mohtaj hai, jabke Allah Ta'ala kisi ka mohtaaj nahi (lehaza Allah Ta'ala ki koi jihat nahi). Ye tamaam muqaddamaat baatil hain.[832]

Salaf-o-Saaleheen ki mukhalifat mein Sifaat-e-Baari Ta'ala mein lughat-e-arab ki buniyad par taawilaat ko jaaez qaraar dena take kam-faham samajh le'n, dar-asl aqeeda-e-tauheed ke manaafi hai. Sifaat-e-Baari Ta'ala ko apne zaahiri maane se pher kar majaaz ki taraf laana Allah aur uske Rasool ki muraad ke khilaaf hai. Tauheed koi aisi cheez nahi ke awaam ke liye uska huliya bigaad diya jaae.

Jabke baat bilkul saada hai ke Allah ki sifaat Allah ke shayaan-e-shaan hain aur makhluqaat ki sifaat unke shayaan-e-shaan hain. Allah ki sifaat mein kamaal aur dawaam hai, jabke makhlooq ki sifaat aisi nahi. Tehreef-o-taaweel ki zaroorat to tab pade, agar koi ye kehta ho ke Khaliq ki sifaat makhlooq ki tarah hain.

Allama Ibne Abil Izz ؒ (d 792h) likhte hain:

لِذٰلِكَ صَارَ كَلَامُ الْمُتَأَخِّرِيءنَ كَثِيْرًا، قَلِيْلَ الْبَرَكَةِ، بِخِلَافِ كَلَامِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ، فَإِنَّهُ قَلِيْلٌ، كَثِيْرُ الْبَرَكَةِ، لَا كَمَا يَقُوْلُهُ ضُلَّالُ الْمُتَكَلِّمِيْنَ وَجَهَلَتُهُمْ: إِنَّ طَرِيْقَةَ الْقَوْمِ أَسْلَمُ، وَإِنَّ طَرِيْقَتَنَا أَحْكَمُ وَأَعْلَمُ. وَلَا كَمَا يَقُوْلُهُ مَنْ لَمْ يُقَدِّرْهُمْ مِنَ الْمُنْتَسِبِيْنَ إِلَى الْفِقْهِ: إِنَّهُمْ لَمْ يَتَفَرَّغُوْا لاستنباط الْفقه وَضَبْطِ قَوَعِدِهِ وَأَحْكَامِهِ اشْتِغَالًا مِنْهُمْ بِغَيْرِهِ، وَالْمُتَأَخِّرُوْنَ تَفَرَّغُوْا لِذٰلِكَ، فَهُمْ أَفْقَهُ!

فَكُلُّ هٰؤُلَاءِ مَحْجُوْبُوْنَ عَنْ مَعْرِفَةِ مَقَادِيْرِ الْسَّلَفِ، وَعُمْقِ عُلُوْمِهِمْ، وَقِلَّةِ تَكَلُّفِهِمْ، وَكَمَالِ بَصَائِرِهِمْ.

Mutaakhkhireen ki guftagu lambi hoti hai aur us mein barkat kam hoti hai. Iske bar-aks mutaqaddimeen ka kalaam mukhtasar hota tha aur us mein barkat be-bahaa hoti thi. Gumrah aur ilm-o-Irfan se aari mutakallimeen ne kaha hai ek aslaaf ka tariqa aslam[833] tha aur hamara tariqa ahkam[834] aur aalam (اَعْلَم)[835] hai.

Isi tarah naam-nihaad "fuqaha" ne kaha hai ke salaf deegar mashghooliyat ki bina par fiqa, qawaaed-e-fiqa aur ahkmaat murattab karne se qaasir reh gae aur mutaakhkhireen ne un par tawajjo di, lehaza mutaakhkhireen bade faqeeh hain! Unki baat bilkul baatil hai, kyou'nke ye log salaf ki qadr-o-manzilat ki maa'rifat, uloom ki gehraai, qillat-e-takalluf aur baseerat ki bohtaat se naa-aashna hain.[836]

[831] At Tadmuriyyah: P66-67
[832] Minhaj us Sunnah an Nabawiyya: V2 P648
[833] T: (اَسْلَم) Salaamati aur durusti ke ziyaada qareeb, bilkul mehfooz [Rekhta]
[834] T: (اَحْكَم) Bohot ziyaada mazboot, paaedaar, pukhta [Rekhta]
[835] T: (اَعْلَم) Wo mujtahid-e-fiqa jo apne zamaane ke doosre faqeeho'n aur mujtahido'n se ilm, adl, aur zohad-o-taqwa mein Afzal ho, sab se bada faqeeh, mujtahid-e-aazam, bohot ilm rakhne waala, sab se bada aalim [Rekhta]
[836] Sharah Aqeeda at Tahaawiya: P76

Janab Ashraf Ali Thanw Sahab likhte hain:

“Nafi-e-mumaasil ke baad aage unke do (2) tareeq hain. Ek (1) tariqa salaf[837] ka hai ke us ko haqeeqi maane par mahmool farmate hain aur haqeeqi maane ki kunh[838] mufauwwaz[839] bi-ilm-e-ilaahi karte hain aur uski koi kaifiyat mutaiyyan nahi karte. Aur doosra tariqa khalaf[840] ka hai, ke us mein munaasib taaweel kar lete hain, take gumrah firqe musbhia-o-mujassama unko ghalati mein waaqe na kar sake’n, is tarah se ke dekho Allah Ta’ala arsh par mustaqar[841] hain aur isteqraar[842] ke maane zaahir hain ke jamne aur baithne ke hain, to maaloom hua ke Allah Ta’ala arsh par baitha hai, jaise ham takht par baithe hain to wo bhi hamari tarah jismaani cheez hai. Nauzubillah! Is shubha ka jawaab agarche salaf ke tareeq par ye hai ke isteqraar to saabit hai, magar ye zaroor nahi ke hamare isteqraar ki tarah ho, jisse jism hona laazim aawe. Balke Us ki aur hai jo ham ko maaloom nahi aur ye jawaab saheeh bhi hai. Lekin awaam ko ye samjhana mushkil hai ke isteqraar to hai, magar hamari tarah ka nahi.”

“Isi tarah se wo ye shubha daal sakte hain ke dekho Quran-e-Majeed mein Allah Ta’ala ka “yad” yaane haath aur hadees mein “وضع قدم” (waza’ qadam) yaane paao’n rakhna waarid hai aur zaahir hai ke haath aur paao’n aazaae jismaaniya hain, to maaloom hua ke Allah Ta’ala ke aazaa-e-jismaniya hain. Iska saheeh jawaab bhi salaf ke tariqa par ye hai ke “Yad” aur “qadam” to hain, lekin hamari tarah ke nahi, magar iska samajhna bhi awaam ko mushkil hai. Unka zehen to in mafhumaat se tajseem aur tashbeeh ki taraf jaata hai aur is aqeeda-e-tajseem-o-tashbeeh se bachna waajib tha, is liye ulama-e-khalaf ne iski ye tadbeer ki ke aise haqaaeq ki aise tariqa se taaweel kardi ke na Quran-o-Hadees matrook ho aur na aqeeda-e-tajseem-o-tashbeeh mein mubtala ho’n. Masalan Istawa A’lal Arsh ko kinaaya tanfeez-e-ahkaam se keh diya aur “yad” ke maane qudrat ke keh diye, “waza’-e-qadam” ke maane maqhoor kar dene ke keh diye”.[843]

Aap jab kehte hain ke Sifaat-e-Baari Ta’ala mein saheeh manhaj salaf-o-saaleheen ka hai, usse mushabbiha[844] aur mujassama[845] ka radd ho jaata hai, to kya zaroorat hai, kisi doosri raah par chalne ki, jo salaf se saabit hi na ho?

Janab Hussain Ahmad Madani Sahab likhte hain:

“Ahle Sunnat wal Jamaat in tamaam sifaat ki taaweel zaroori samajhte hain, “yad” se muraad quwwat hai, kyou’nke Ahle Sunnat wal Jamaat ke in mushabahaat ke baare mein do (2) tariqa hain. Salaf-o-Saleheen to kehte hain: “ لِلّٰهِ يَدٌ كَمَا يَلِيْقُ بِشَانِهِ”, “لَا كَأَيْدِيْنَا”, kyou’nke: “لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ” ke mutaabiq wo tashbeeh se bhi munazza hai aur “مالا يليق” (maala yaleeq) se bhi munazza hai, lekin mutaakhkhireen ne ye masaael awaam ko samjhana mushkil jaana, to kehne lagey ke mumkin hai ke “yad” ke maane nemat ke ho’n ya qudrat ke ho’n, arab mein ye istemal baraabar chali aati hai, to khalaf ne un emin taaweel ki”.[846]

Nez likhte hain:

“Masalan “استوىٰ على العرش” (Alal arsh istawa) waghaira aayaat mein taaefa wahabiya istawa zaahiri aur jihaat waghaira saabit karta hai, jiski wajah se suboot-e-jismiyat waghaira laazim aata hai, magar ye muqaddas buzurgwaar in sab aayaat-o-ahadees mein misl-e-salaf ba-nafi-e-lawaazim hudoos-o-jismiyat tawaqquf farmate hain aur ya misl-e-khalaf unke taawilaat jaaez farmate hain”.[847]

---

[837] T: (سَلَف) Agle zamaane ke buzurg aur qaabil-e-ehteraam shakhsiyaat [Rekhta]
Sahaaba, Taabaeen, Taba-taabaeen waghairahum [RSB]

[838] T: (كُنْه) Haqeeqat-e-Ilaahi jo idraak (khayaal, tasawwur, aqal, faham, samajh-boojh se parey hai [Rekhta]

[839] T: (مُفَوَّض) Supurd kiya hua, jo supurdgi ya amaanat mein diya jaae [Rekhta]

[840] T: (خَلْف) Peeche aane waale log, mutaakhkhireen, jaanasheen [Rekhta]

[841] T: (مُسْتَقَر) Jaae qaraar, muqaam, sadar muqaam, mustaqil thikaana [Rekhta]

[842] T: (اِسْتِقْرار) (Kisi jagah) qiyaam, qaraar, theherna, jagah pakadna [Rekhta]

[843] Bawaadir un Nawaadir: P603

[844] T: (مُشَبِّه) Wo firqa ya maslak jiske log Allah ke jism aur aazaa ko insaani jism aur aazaa ke mushaaba qaraar dete hain [Rekhta]

[845] T: (مُجَسِّمَه) Tajseem ke qaael log, wo firqa jo Allah Ta’ala ke jism ka qaael hai [Rekhta]

[846] Taqreer-e-Tirmizi: P581

[847] Ash Shihaab us Saaqib: P243

Agar istawa ko zaahirhi maane par rakha jaae, to suboot-e-jismiyat waghaira laazim aata hai. Sawaal hai ke kya salaf ka aqeeda naaqis hai aur khalaf ka aqeeda durust hai? Halaa'nke iska butlaan har-ek par waazeh hai, kyou'nk salaf ka aqeeda Aslam, Ahkam, aur Aalam (اَعْلَم) hai. Agar Sifaat-e-Baari Ta'ala ko unke zaahiri maane par rakhne se jismiyat laazim aati, to Zaat-e-Baari Ta'ala ke suboot se kya laazim aata hai? Ahle Sunnat wal Jamaat to kehte hain ke Allah wo zaat hai, jiski ye sifaat hain aur ye sifaat uske liye aise saabit karte hain jaisa ke uski shaan ke laayaq hain. Allah Ta'ala ne apne mutaalliq khabar di hai ke wo arsh par mustawi hai, lehaza ham bhi kahe'nge ke Allah arsh par mustawi hai, lekin kaise? Jaise uski shaan ke laayaq hai.

Shaikh-ul-Islam Ibne Taimiya رحمہ اللہ (d 728h) farmate hain:

كَمَا أَنَّ الرَّبَّ نَفْسَهُ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ، فَصِفَاتُهُ كَذَاتِهِ.

Choo'nke Allah Ta'ala ki zaat ki misl koi cheez nahi, lehaza uski sifaat bhi uski zaat ki tarah hain.[848]

Nez farmate hain:

كُنْهُ ذَاتِهِ وَصِفَاتِهِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُهَا غَيْرُهُ.

Allah Ta'ala ki zaat aur sifaat ki haqeeqat ka ilm usi ke paas hai.[849]

Mufti Taqi Usmani Sahab farmate hain:

"Baari Ta'ala ke liye nuzool-o-urooj ka saabit karna halaa'nke wo makaan aur jihat se munazza hai, bataur-e-tashbeeh ke hai. Jaise duniya ke baadshah apne mahal sar usey nuzool kar ke riaaya ki taraf aate hain, aise hi aakhri shab mein tawajjo-e-Baari Ta'ala ka nuzool ila-al-khalq hota hai. Doosri taujeeh[850] ye hai ke: "يَنزِلُ رَحْمَةُ اللهِ أَوْ مِلْكُ اللهِ". Teesri taujeeh salaf ki ye hai ke in riwayaat ko ham asal maane par baaqi rakhte hain, lekin ham unki kaifiyat ko nahi jaante "يَنْزِلُ كَمَا يَلِيقُ بِشَانِهِ" Jaise shams ki shuaao'n ka nuzool hua, malaaeka aur jinnaat ka nuzool hamare nuzool ki tarah nahi hai".[851]

Ahle Sunnat ka nuzool-e-Baari Ta'ala ke baare mein aqeeda hai ke Allah khud naazil hote hain, ye Allah ka haqeeqi nuzool hai, jaisa ke uske shayaan-e-shaan hai. Uski kaifiyat ko uske siwa koi nahi jaanta. Ahle Baatil aur Ahle Taaweel-o-Tehreef ye kehte hain ke Allah ke hukum ka nuzool hota hai.

① Ye nazariya ahadees-e-saheeha aur ijma-e-salaf-o-saaleheen ke mukhalif hai.

② Allah ka hukum hama-waqt naazil hoa hai, din aur raat ke kisi hisse ke saath khaas nahi.

③ Ye mumkin nahi ke Allah Ta'ala ka amr kahe: "مَنْ يَّدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ".

Allah ka aasmaan-e-duniya par naazil hona (utarna), uske uloo (bulandi) ke manaafi nahi. Kyou'nke Allah jaisi koi shae nahi. Allah ke nuzool ko makhlooq ke nuzool par qiyaas nahi kiya jaaega.

Imam Abu Jafar Tirmizi Muhammad bin Ahmad bin Nasar رحمہ اللہ (d 295h) se ek (1) saail[852] ne Nabi ﷺ ki hadees: " أِنَ اللهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ إِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا" ke baare mein poocha:

فَالنُّزُوْلُ، كَيْفَ يَكُوْنُ يَبْقٰى فَوْقَهُ عُلُوٌّ؟

Agar nuzool maana jaae, to sifat-e-uloo baaqi kaise rahegi?

[848] Dar-oo Ta-aaruz-ul-Aql wan Naql: V10 P198
[849] Dar-oo Ta-aaruz-ul-Aql wan Naql: V1 P207
[850] T: (تَوجِيهه) Sabab, illat, daleel, wajah bayaan karna [Rekhta]
[851] Dars-e-Tirmizi: P526-527
[852] T: (سائِل) Dariyaaft karne waala, poochne waala [Rekhta]

Aap رحمہ اللہ ne farmaya:

